مَّلۡعُونِينَۖ أَيۡنَمَا ثُقِفُوٓاْ
أُخِذُواْ وَقُتِّلُواْ تَقۡتِيلٗا

دجالی میڈیا
کے بارے میں شوریٰ علماء مجاہدین کا
تاریخی فتویٰ

افغان کوہساروں میں دفن ہوتا صلیبی کفر

ہم ایک ہیں!

کچھ عرصہ سے میڈیا پر یہ جھوٹا پروپیگنڈہ کیا جارہا تھا کہ تحریک طالبان پاکستان ایک کمزور اتحاد ہے اور اندرونِ خانہ اختلافات پائے جاتے ہیں، ان پروپیگنڈوں کے پیچھے پاکستانی خفیہ ایجنسیوں کا یہ مکروہ مقصد کارفرما تھا کہ شریعت کے خواہاں مسلمانانِ پاکستان کے حوصلے پست ہوجائیں، اور وہ احیائے خلافت علیٰ منہاج النبوۃ کی عظیم تحریک سے مایوس ہوکر تحریک کی حمایت سے ہاتھ کھینچ لیں ۔حال ہی میں امیر محترم حکیم اللہ محسود اور مولانا ولی الرحمٰن حفظہما اللہ کی مشترکہ انٹرویو میں امیر محترم حکیم اللہ محسود حفظہ اللہ نے فرمایا کہ آج میرے اور مولانا ولی الرحمٰن صاحب کا یہاں بیٹھنے سے اس کی حقیقت واضح ہوگئی، اور مزید فرمایا کہ میں اور مولانا صاحب یک جان ہیں اور انشاء اللہ مرتے دم تک یک جان رہینگے ۔مولانا ولی الرحمٰن صاحب نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا کہ ہم یک جان کیوں نہ ہونگے حالانکہ افواج پاکستان، سیاستدان اور بیوروکریٹس اس ملک کو لوٹنے میں متفق ہیں، مزید فرمایا کہ ہم نے پہلے بھی امیر محترم پر اعتماد کا اظہار کیا تھا اور اب بھی ہمیں امیر محترم پر اعتماد ہے اور انشاء اللہ یہ سفر اسی طرح جاری رہیگا۔اس انٹرویو میں ایک ساتھ جینے مرنے کے عزم کے اظہار نے خفیہ ایجنسیوں کے تمام شیطانی خواہشات کو خاک میں ملا دیا۔

فللّٰہ الحمدُ والمنة.

اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں سے وعدہ کیا ہے جو ایمان لائے اور نیک عمل کیا کہ اللہ انہیں زمین میں خلافت عطا فرمائینگے (النور،۵۵)

تحریک طالبان پاکستان کا علمی، سیاسی اور عسکری ترجمان

جنوری ۲۰۱۳ء بمطابق صفر ۱۴۳۴ھ

فہرستِ مضامین

نمبر شمار	فہرستِ مضامین	صفحہ نمبر

سرپرستِ اعلیٰ

امیر محترم حکیم اللہ محسود حفظہ اللہ

نگران اعلیٰ

کمانڈر عمر خالد خراسانی حفظہ اللہ

مدیر اعلیٰ

مولانا صالح قسّام صاحب حفظہ اللہ

ہمارا ای میل ایڈریس ہے:

khilafat1@yahoo.com

زیرِ انتظام

مرکزی شعبہ نشر و اشاعت

تحریک طالبان پاکستان

القرآن والسنّة

قال اللہُ تعالیٰ ﴿قَاتِلُواْ الَّذِينَ لاَ يُؤْمِنُونَ بِاللّهِ وَلاَ بِالْيَوْمِ الآخِرِ وَلاَ يُحَرِّمُونَ مَا حَرَّمَ اللّهُ وَرَسُولُهُ وَلاَ يَدِينُونَ دِينَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِينَ أُوتُواْ الْكِتَابَ حَتَّى يُعْطُواْ الْجِزْيَةَ عَن يَدٍ وَهُمْ صَاغِرُونَ﴾(سورة التوبه،۲۹)

ترجمہ:۔ جولوگ اہلِ کتاب میں سے اللہ پر ایمان نہیں لاتے اور نہ روزِ آخرت پر (یقین رکھتے ہیں) اور نہ ان چیزوں کو حرام سمجھتے ہیں جو اللہ اور اس کے رسول نے حرام کی ہیں اور نہ دینِ حق کو قبول کرتے ہیں ان سے جنگ کرو یہاں تک کہ ذلیل ہو کر اپنے ہاتھ سے جزیہ دیں۔

توضیح وتشریح: یہ آیت کریمہ غزوہ تبوک سے پہلے نازل ہوئی، اور نبی کریم صلیٰ اللہ علیہ وسلم کو حکم ملا کہ جزیرہ عرب سے باہر نکل کر اہل کتاب سے جہاد کریں، آیت کریمہ میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اہل کتاب کے احکام ذکر فرمائے ہیں، اہل کتاب یعنی وہ قومیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبروں کے ذریعے آسمانی کتابیں ہدایت کے لئے عطا فرمائیں، جیسے یہود ونصاریٰ، ان لوگوں کے بارے میں حکم یہ ہے کہ سب سے پہلے مسلمانوں کا حاکم انہیں اسلام قبول کرنے کی دعوت دیگا اگر وہ اسلام قبول کرلیں تو وہ ایک عام مسلمان کی طرح حقوق کے مالک ہونگے، اور ان پر مسلمانوں کے تمام احکام لاگو ہونگے، اور اگر وہ لوگ اسلام قبول کرنے سے انکار کردیں تو پھر انہیں جزیہ اداء کرنے کا کہا جائیگا، اور اگر وہ جزیہ ادا کرلے تو پھر اسلامی حکومت کی طرف سے انہیں امان ہوگا اور اگر وہ جزیہ دینا قبول نہیں کرتے تو پھر ان کے خلاف قتال کیا جائے گا، ان دوصورتوں کے علاوہ یہود ونصاریٰ کو اسلامی حکومت میں رہنے کی قطعاً اجازت نہیں ہے۔

فقہاء کرام کا اس مسئلہ میں کسی حدتک اختلاف پایا جاتا ہے کہ جزیہ کن کن کافروں سے لیا جائیگا، امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا مذہب یہ ہے کہ عرب کے صرف اہل کتاب سے جزیہ قبول ہوگا اور عرب مشرکین سے جزیہ نہیں لیا جائیگا بلکہ انہیں قتل کیا جائیگا، اگر وہ اسلام قبول نہیں کرتے، اور اعاجم (غیر عرب) جتنے ہیں، چاہے اہل کتاب ہو یا مشرکین یا کسی دوسرے دین پر (اسلام کے علاوہ) تو ان سب سے جزیہ لیا جاسکتا ہے۔ امام ابوحنیفہؒ کا یہ قول امام ابن کثیر نے اپنی تفسیر میں نقل کیا ہے۔

جزیہ کے ساتھ قرآن کریم میں ایک شرط یہ بھی ہے کہ وہ جزیہ دیتے وقت "صاغرون"، یعنی ذلیل ہونگے، یعنی وہ اسلامی حکومت کو جب جزیہ ادا کرینگے تو تکبر اور غرور کیساتھ نہیں بلکہ عاجزی اور ذلت کے ساتھ آکر جزیہ دینگے۔

تفسیر ابن کثیر میں صحیح مسلم کے حوالہ سے یہ صحیح حدیث منقول ہے "لا تبدؤ الیھود والنصاریٰ بالسلام واذا لقیتم احدھم فی طریق فاضطروھم الی اضیقه "ترجمہ: یہود ونصاریٰ پر سلام کرنے میں پہل مت کرنا، اور جب تم راستے میں ان میں سے کسی ایک سے ملوتو اسے تنگ راستے کی طرف لے جاؤ۔ علامہ شوکانی فتح القدیر میں فرماتے ہیں کہ صاغرین کا مطلب یہ ہے کہ وہ سوار ہوکر نہیں آئے گا بلکہ پیدل آئے گا اور پھر آگے ذکر کیا ہے "ینبغی للقابض للجزية ان یجعل المسلم لھا حال قبضھا صاغرا ذلیلاً" یعنی خلاصہ یہ ہے کہ جزیہ لینے والا جزیہ دینے والے کو ادائیگی کے وقت ذلیل وخوار کرلے۔

درج بالا آیات اور احادیث سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ اسلامی حکومت میں کفار یہود ونصاریٰ مسلمانوں کے ماتحت ہوکر زندگی گزارینگے اور اسلام کی برتری کو تسلیم کرینگے، اور انکو کسی بھی ایسے منصب پر فائز کرنا جائز نہیں جس سے کوئی مسلمان انکے ماتحت آتا ہو۔ جبکہ سیکولر جمہوری نظام میں مسلمان اور کافر برابر ہیں اور انکو ایک جیسے حقوق حاصل ہوتے ہیں، بلکہ مسلمان ملکوں میں اقلیتوں کے حقوق کے نام پر کفار کو مسلمانوں سے بڑھ کر حقوق حاصل ہیں۔ ہمارے ملک میں بھی اس شیطانی نظام کے تحت قرآنی احکامات کو پامال کرتے ہوئے غیر مسلموں سے جزیہ لیکر انکو ذلیل رکھنے کے بجائے انکو اعلیٰ عہدوں پر فائز کرنے کا سلسلہ قیام پاکستان کے وقت سے لیکر تا امروز جاری ہے، پاکستان کے سب سے پہلے وزیر خارجہ، بھگوان داس، زرداری اور شہباز بھٹی اس کی چند مثالیں ہیں۔

رہا جزیہ کا مسئلہ تو اس بارے میں پاکستانی آئین میں درج ہے کہ کسی سے مذہب کے نام پر کوئی ٹیکس یا جزیہ وغیرہ نہیں لیا جائیگا، حالانکہ یہ قرآن کریم کا واضح حکم ہے، شریعت میں اس بات کی گنجائش تو ہے کہ حاکم وقت جزیہ کے بارے میں مصالحت کریں لیکن اس بات کی کوئی گنجائش نہیں کہ ملک میں ایسا قانون تیار کیا جائے جس کی رو سے جزیہ لینا غیر قانونی اور حرام ہو۔ کیونکہ یہ قرآن کریم کا منصوصی حکم ہے اور قرآن کریم کے نصوص کے خلاف قانون سازی اور آئین سازی ارتداد ہی ہوسکتا ہے۔ العیاذ باللہ

طالبان کی جانب سے مذاکرات کی پیشکش

تحریک طالبان پاکستان کی مرکزی قیادت کی جانب سے حکومت کو مذاکرات کی پیش کش کی گئی ہے،اس پیش کش میں تحریک کی جانب سے چند شرائط رکھی گئیں کہ حکومت ملک میں شریعت نافذ کرے،مسلمانوں کے قتل عام میں امریکہ کے ساتھ تعاون کے تمام معاہدے ختم کئے جائیں۔چونکہ فوج کی جانب سے مسلسل یہ پروپیگنڈہ کیا جارہا تھا کہ تحریک طالبان پاکستان غیرملکی ایجنڈے پر کام کررہی ہے ۔لہٰذا طالبان کی مذاکرات کی اس پیش کش نے ملک بھر کی عوام کے سامنے حکومت اور فوج کے اس پروپیگنڈے کی قلعی کھول کر رکھدی،اور سب پر یہ بات واضح ہوگئی کہ تحریک طالبان پاکستان کا مقصد اس کے سوا کچھ نہیں کہ کلمہ کے نام پر بننے والے پاکستان میں کلمہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا نظام ہو۔اگر اسکے لئے محمد ﷺ کے غلاموں کو اپنی جانیں قربان کرنی پڑیں،سوات تا وزیرستان اپنی بستیوں کو کھنڈرات میں تبدیل کرایا،پاکستان کی جیلوں کو دین سے محبت کرنے والوں سے بھر دیا گیا،تو تحریک طالبان پاکستان کے مجاہدین نے یہ سب کچھ ہنسی خوشی قبول کیا صرف اسلئے کہ ہمارے وطن میں ہمارے نبی ﷺ کی شریعت نافذ ہوجائے۔

چنانچہ اگر مذاکرات کے ذریعے ملک پر قابض طبقہ ملک میں شریعت کے نفاذ پر راضی ہوجاتا ہے تو ملک بھر کے مسلمانوں کے لئے اس سے بڑی خوشی کی بات اور کیا ہوسکتی ہے؟لیکن جیسا کہ ہر ذی شعور جانتا ہے کہ مذاکرات کے نام پر طالبان کے ساتھ پہلے بھی دھوکے کئے جاچکے ہیں،تحریک طالبان سوات کے ترجمان حاجی مسلم خان کو فوج نے مذاکرات کے لئے اسلام آباد بلایا اور گرفتار کرلیا،حالانکہ ایلچی اور سفیر کے ساتھ یہ سلوک زمانہ جاھلیت میں بھی نہیں ہوتا تھا۔اسلئے تحریک نے مذاکرات کے اندر اس بات کو ضروری سمجھا کہ ملک کی کچھ بااثر شخصیات فوج کی جانب سے اس بات کی ضمانت دیں کہ فوج دوبارہ دغابازی تو نہیں کرے گی۔لیکن ایسا لگتا ہے کہ فوج کی جانب سے کوئی سیاستدان بھی یہ ضمانت دینے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ملک کی مقتدر قوتیں اگر واقعی پاکستانی فوج کو اس جنگ سے نکالنا چاہتی ہے تو پھر انکو اس بات پر کیا اعتراض ہے کہ مسلمانوں کے ملک میں محمد ﷺ کی شریعت نافذ کی جائے۔تحریک طالبان پاکستان یہ مطالبہ کسی ہندو،یہودی یا عیسائی ریاست نے نہیں کررہی،بلکہ اس فوج سے کررہی ہے جو خود کو محمد ﷺ کا غلام کہتی ہے۔نفاذ شریعت کا مطالبہ ہر مسلمان کا مطالبہ ہے،کسی بھی مسلمان کو تحریک کے ان مطالبات سے کیا اختلاف ہوسکتا ہے کہ:

ملک میں انگریزوں کے نظام کے بجائے محمد ﷺ کا نظام نافذ کیا جائے،سودی نظام کا خاتمہ کیا جائے،مسلمانوں کے قتل میں امریکہ کے ساتھ تعاون بند کیا جائے،امارتِ اسلامی افغانستان کے خلاف سازشوں سے باز رہا جائے،ملک میں بڑھتی فحاشی وعریانی کی سرکاری سرپرستی بند کی جائے خصوصاً میڈیا کو اس کا پابند کیا جائے کہ پاکستانی معاشرے کو ہندو بنانے اور ہندوانہ رسم ورواج کی طرف مائل کرنے سے باز رہے۔

ہمارے پاکستان پر قابض انگریز نواز مقتدر قوتوں کو یہ نہیں بھولنا چاہئے اس ملک کی بنیادوں میں لاکھوں شہداء کا خون ہے،امتِ مسلمہ کی ماؤں،بہنوں کے آنسو ہیں،یتیموں کی آہیں ہیں،چنانچہ ہم ایک مسلمان ہونے کی حیثیت سے کسی سیکولر فاشسٹ،کسی امریکہ و بھارت نواز این جی او،برطانوی فوجی نصاب پڑھنے والی فوجی اشرافیہ کو ہرگز اجازت نہیں دینگے کہ وہ اس ملک میں سیکولرزم کا پرچار کریں،فحاشی وعریانی کو سرکاری سرپرستی میں عام کریں۔یہ ملک جرنیلوں،وڈیروں اور چوہدریوں کے لئے نہیں بنا بلکہ یہ ملک انکے لئے بنا جو دنیا میں مسلمان بن کر رہنا چاہتے ہیں،ملکہ برطانیہ کی غلامی کے بجائے محمد ﷺ کے غلام بن کر رہنا چاہتے ہیں،جو بھارت کے برہمن کے سامنے اسکی رعیت بن کر نہیں بلکہ سر اُٹھا کر رہنا چاہتے ہیں۔جبکہ آج صورتحال اس کے بالکل برعکس ہے،ملک میں انگریزی راج ہے،اس ملک کی پولیس وفوج محمد ﷺ سے زیادہ آج بھی ملکہ برطانیہ کی عزت و احترام کرتی ہے،انکے اندر اصطلاحات (Terminology) تک وہی رائج ہیں جو انکے آقا انگریز بنا کر گئے تھے،انکی تربیت،پی ایک کاکول کا نصاب،شراب وکباب،افتتاحی تقریب اور پاسنگ آوٹ پریڈ،سب کچھ اسی طرز پر ہے جو انگریزوں نے رائج کیا تھا ،شہدائے کشمیر کے خون کو دہلی کے بازاروں میں بیچ دیا گیا،حالانکہ بھارت کا برہمن آج بھی ہمارے خون کا اسی طرح پیاسا ہے جیسا کہ پاکستان بننے سے پہلے تھا۔

تحریک طالبان کے مطالبات کوئی نئے نہیں بلکہ یہ ہر مسلمان کے دلی جذبات ہیں،جنکو تحریک نے الفاظ کا جامہ پہنادیا ہے۔ان مذکورہ مطالبات پر نہ تو کسی عام پاکستانی کو اختلاف ہے اور نہ ہی کوئی عالم یا مفتی اس بارے میں اختلاف کرتا ہے۔اب دیکھنا یہ ہے کہ اگر ملک پر قابض مقتدر قوتیں واقعی پاکستان اور یہاں کی عوام کی ہمدرد ہیں تو وہ تحریک طالبان پاکستان کی مذاکرات کی پیش کش کا مثبت جواب دینگی،لیکن اگر انہوں نے اپنی ہٹ دھرمی جاری رکھی تو ملک سے انگریزی نظام حکومت کے خاتمے تک،محمد ﷺ کی شریعت کے نفاذ تک جہاد جاری رہیگا۔اگر امریکہ اپنی تمام تر ٹیکنالوجی لگانے کے باوجود منہ کی کھانے پر مجبور ہے تو امریکہ کے غلام کب تک محمد ﷺ کی شریعت کو روک پائیں گے۔

ظلم وبربریت کے پانچ سال اور مستقبل کی منصوبہ بندی

پاکستان پیپلز پارٹی اور عوامی نیشنل پارٹی کے اتحادی حکومت کا پانچ سالہ تاریک دور ختم ہونے کو ہے، ان پانچ سالوں میں اسلام کے نام لیواؤں کے ساتھ جو ناروا سلوک کیا گیا اور دین اسلام کے خلاف جو سازشیں اس حکومت نے تیار کئے اور اسلام کی بیخ کنی کے لئے جو ہتھکنڈے ان کلمہ گو اسلام دشمنوں نے استعمال کئے وہ شاید ہی تاریخ میں کبھی اسلام اور مسلمانوں کے ساتھ پیش آئیں ہوں، ہر سڑک کا کنارہ کسی مجاہد کے لاش کا عارضی طور پر مہمان گاہ بنا ہے، ہر شہر میں موجود خفیہ اداروں کے عقوبت خانوں میں انسانی شکل میں پائے جانے والے خونخوار درندوں کے ہاتھوں درجنوں مجاہدین شہید کئے گئے ہیں، ہر پاکستانی فوجی نے کسی نہ کسی مجاہد اور اسلامی نظام چاہنے والے کے خلاف اپنی مشین گن چلائی ہے۔ دشمن صرف ظالم نہیں بلکہ مکار بھی ہے، اپنے ظلم کو انصاف اور کفر کو اسلام ثابت کرنے پر تلا ہوا ہے، مجاہد کے خلاف جنگ کو جہاد اور کفر کے ساتھ دوستی کو امن کے نام سے ظاہر کر رہا ہے۔ دن رات اس کوشش میں لگا رہتا ہے کہ حقیقت کا عشر عشیر بھی ایک عام مسلمان تک نہ پہنچے، فحش اور بے حیاء میڈیا کے ذریعے اپنے اسلام دشمن خیالات عوام کے ذہن میں گھسانے کی کوشش کرتے رہتے ہیں، یہ جاہل ہیں لیکن جہل کو علم سمجھتے ہیں، اور اسلام دشمنی کو عوام کی خدمت کا نام دے رہے ہیں۔

لیکن اس سب کے باوجود اسلام اپنی نظریاتی برتری اور حقیقت ہونے کی بناء پر کسی نہ کسی بندہء خدا کے دل میں یہ جذبہ بیدار کرتا رہتا ہے کہ یہ مظالم اور مشکلات عارضی ہیں اور حقیقی خوشیاں آخرت میں اللہ تعالیٰ نے صرف ان لوگوں کے لئے تیار کئے ہیں جو اس دین کی خاطر قربانیاں دینے کے لئے تیار ہو، نتیجتاً تحریک جہادِ پاکستان مسلسل رواں دواں ہے اور وقتاً فوقتاً نوجوانانِ اسلام اس قافلہء حق وصداقت میں شامل ہو رہے ہیں اور الحمدللہ آج تک کسی محاذ پر مجاہدین نے کمزوری نہیں دکھائی، بلکہ مسلسل جہادی کاروائیوں میں اضافہ ہوتا چلا جارہا ہے۔

کچھ عناصر یہ سوچ رہے ہیں کہ یہ ایک دفعۃً ابھرنے والی تحریک ہے جو سختی اور تشدد کے ذریعے کچلا جاسکتا ہے، لیکن یہ سوچ بھی وقت نے غلط ثابت کیا اور ہزار سختیوں کے باوجود مجاہدین میں اضافہ ہی دیکھنے میں آیا ہے، یہ تو اسلام کی بقاء اور حفاظت کی جنگ ہے جس کا اعلان قرآن نے فرمایا "انا نحنُ نزلنا الذکر وانا له لحفظون" اللہ تعالیٰ اس دین کو بچانے کے لئے کسی نہ کسی شکل میں ایک جماعت کو یہ ذمہ داری سونپتے ہیں جو اسلام کو پیش آنے والے سازشوں کا قلع قمع کرتی ہے۔ ہزار کوششوں کے باوجود پاکستان میں تحریک احیائے خلافت علیٰ منہاج النبوۃ کا وجود اس بات کی واضح دلیل ہے کہ یہ تحریک منصور من اللہ ہے ورنہ اگر وسائل کا جائزہ لیا جائے تو ایک اور ہزار کی نسبت بھی نہیں، مادی وسائل جو دشمن کے پاس ہیں وہ تمام کے تمام استعمال میں لائے گئے، لیکن پھر بھی ناکامی ان ہی کی مقدر رہی!

اب وقت قریب ہے کہ اس ملک سے اس کفریہ اور ظالمانہ نظام کا خاتمہ ہوگا اور ملک شریعتِ مطہرہ کے نظام سے منور ہوگا، اب جمہوریت کا دور دورانہیں ہوگا بلکہ خلافت کا عادلانہ نظام اس ملک پر نافذ ہوگا، اہل اسلام اور اہل جہاد کے لئے اب استقلال کا مزید مظاہرہ کرنا چاہئے تاکہ اپنے جہاد کے ثمرات بصورتِ حسنہ حاصل کرلیں، عوام اب یہ حقیقت سمجھ چکے ہیں کہ ایک غریب آدمی کے لئے اس نظام میں دائمی فقر ہے جبکہ اسلام سے تو یہ نظام اپنے نقطۂ آغاز سے ہی ناآشنا اور بیزار ہے۔ لہٰذا اب کسی کے جھوٹے وعدوں پر یقین نہیں کرنا چاہئے بلکہ پینسٹھ سال کے دھوکے اور فریب کے نتائج کو دیکھتے ہوئے اس نظام سے بغاوت کرنے والوں کا ساتھ دیا جائے تاکہ اسلام ہی اس دھرتی کا سکہء رائج الوقت ہو اور ظلم ودجل کی یہ بھیانک رات خلافت کے روشن سحر سے ختم ہوجائے کیونکہ

؎ اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

سوات تبلیغی مرکز میں دھماکہ

سوات کے مرکزی شہر مینگورہ میں واقع تبلیغی جماعت کے مرکز میں دھماکہ میں بیس سے زائد افراد کی شہادت پر تحریک طالبان پاکستان انکے اہل خانہ کیساتھ گہرے غم وافسوس کا اظہار کرتی ہے، اللہ تعالیٰ ان تمام افراد کی مغفرت فرمائے اور ان کے پسماندہ گان کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے، پاکستان میں کافی عرصے سے اسلام دشمن لابی متحرک ہے جو کسی صورت میں بھی اس مسلمان کو برداشت کرنے کے لئے تیار نہیں ہے جس سے دینی اقدار کا ظہور ہو رہا ہو، یہاں موجود سیکولر عناصر اور خفیہ ایجنسیوں کی ہمیشہ یہ کوشش رہی ہے کہ اس ملک میں داڑھی اور پگڑی والا نظر نہیں آنا چاہئے، ایک طرف اگر اسلامیان پاکستان اس سیکولر طبقے کے زیر عتاب ہیں تو دوسری طرف ملک غیر ملکی ایجنسیوں کا اڈہ بن گیا ہے، یہاں تمام کفار کی خفیہ ایجنسیاں اپنے مکروہ مقاصد کے حصول کے لئے حکومتی سرپرستی یا حکومتی چشم پوشی میں مصروف ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہی مسلمانوں کا حامی وناصر ہو۔

میڈیا کے بارے میں شوریٰ علماء مجاہدین کا تاریخی فتویٰ

کیا فرماتے ہیں علماء دین اور مفتیان شرع متین ان صحافیوں، رپورٹروں اور میڈیا والوں کے بارے میں جو موجودہ جنگ میں مغرب اور سیکولرزم کا ساتھ دیتے ہیں، مجاہدین کو دہشت گرد اور امن دشمن جیسے ناموں سے یاد کرتے ہیں، صلیبی اتحاد میں شامل مرتد افواج کو شہید اور طالبان کو ہلاک کہتے ہیں، اسلام اور پیغمبر ﷺ کی شان میں گستاخی کرنے والوں کا دفاع کرتے ہیں، ڈیموکریسی اور جمہوریت کی دفاع کو اپنی پالیسی کا حصہ سمجھتے ہیں، مسلمانوں میں فحاشی اور بے حیائی پھیلاتے ہیں، اسلامی احکامات کے بارے میں طرح طرح کے پروپیگنڈے کرتے ہیں اور پھر اپنے آپ کو آزاد اور غیر جانبدار کہتے ہیں کیا از روئے شریعت ان کے لئے یہ آزادی جائز ہے؟ قرآن وسنت کی روشنی میں جواب دے کر ثواب دارین حاصل کریں۔

مستفتی

احسان اللہ احسانؔ

مرکزی ترجمان تحریک طالبان پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علیٰ رسول اللہ وعلیٰ آلہ وصحبہ ومن والاہ۔

امابعد:

صحافیوں کے حالات:

یہ لوگ اسلام اور مسلمانوں کے خلاف میڈیا پر پروپیگنڈے کرتے ہیں جیسے ان کو دہشت گرد، انتہا پسند، شدت پسند، امن کے دشمن اور دوسرے ناموں سے یاد کرتے ہیں لال مسجد واقعہ رونما ہونے سے پہلے انہی لوگوں نے میڈیا پر شور مچایا تھا کہ ادھر غیر ملکی دہشت گرد ہیں، ان کے پاس اسلحہ ہے، بچوں اور لڑکیوں کو انہوں نے یرغمال بنایا ہے۔ قبائلی علاقوں میں موجود مجاہدین کو غیر ملکی دہشت گردوں کے نام سے پکارتے ہیں، سوات میں طالبان کے خلاف انہوں نے جعلی ویڈیو نشر کی جس میں ان کا جرم شرعی سزا حد یا تعزیر دینا قرار دیا گیا تھا اور اس واقعے کے بارے میں میڈیا میں شدید مذمت کی گئی لیکن جب اُس کی اصلیت واضح ہوئی تو اُسے اُتنی اہمیت نہیں دی کیونکہ اس سے طالبان کی صفائی سامنے آتی جس کی میڈیا والوں کو اجازت نہیں، گورنر سلمان تاثیر نے جب پیغمبر ﷺ کی شان میں گستاخی کی اور ممتاز قادری نے اس کو مارا تو میڈیا والوں نے اس گستاخ کو شہید اور ممتاز قادری کو ایک ظالم اور قاتل کی شکل میں پیش کیا، انہی لوگوں نے شوروغوغا کیا کہ طالبان نے سوات میں امن خراب کیا ہے اور شرعی احکام کے نفاذ، عورتوں کے لئے پردے کو لازمی قرار دینے کو انہوں نے بدامنی قرار دیا، اور جب حکومت نے صحافیوں اور میڈیا والوں کے پروپیگنڈے کے ذریعے آپریشن کے لئے راہ ہموار کی اور ظالمانہ آپریشن کیا تو انہی میڈیا والوں نے اس بات کا اعلان کیا کہ سوات میں امن بحال ہو چکا ہے جبکہ امن بحال کرنے کی علامت اُن میلوں کا انعقاد تھا جس میں مرد اور عورتوں کا مخلوط رقص اور ناچ گانا اور انگریز ممالک سے آنے والے کافر سیاحوں کے لئے یہاں فحاشی وعریانی کا موقع فراہم کیا گیا، سنیما شوز لگائے گئے، خود میں نے ریڈیو پر سنا کہ ایک آدمی مینگورہ بازار میں فلمی کیسٹیں بیچتا تھا، میڈیا والے اس سے انٹرویو لے رہے تھے، وہ کہہ رہا تھا کہ امن بحال ہوا، وہ سوات جس میں سنیما اور ویڈیو سنٹر اڑائے جاتے تھے اب اسی سوات کے مین بازار میں ایک شخص ہتھ ریڑی میں فلمی کیسٹیں بیچتا ہے، یہ ہے امن......

اس کے علاوہ یہ ''غیر جانبدار'' صحافی اور میڈیا والے یہودیوں کو یہودی، امریکیوں کو امریکی اور دوسرے ممالک کے افواج کو ان کے ناموں مثلا SSG، میرینز، ملیشیا اور دوسرے ناموں سے پکارتے ہیں جبکہ مجاہدین کو دہشت گرد اور شر پسند وغیرہ کے ناموں سے یاد کرتے ہیں، ان کی ٹی وی چینلوں پر عورتیں بے پردہ سکرین پر نظر آتی ہے جس سے معاشرے میں فحاشی کو فروغ ملتا ہے، یہ اُن ڈراموں اور فلموں کے علاوہ ہے جو ان چینلوں سے نشر ہوتی ہیں، رمشا مسیح نامی لڑکی جو ۱۶ سال یا ۲۵ کی تھی جس نے قرآن کے اوراق جلائے تھے، انہی میڈیا والوں نے اس کو بچی قرار دینے کا ڈرامہ رچایا، پھر انہوں نے اُن مولوی صاحب (خالد جدون) کے خلاف شور مچایا جنہوں نے مسیحی لڑکی کے خلاف گواہی دی تھی کہ اُنہوں نے جھوٹی گواہی دی ہے اور اُن کے خلاف دو گواہان کے بیانات کو زور وشور سے میڈیا پر پیش کیا گیا لیکن جب ان دو گواہان نے دوبارہ ہائی کورٹ میں گواہی دی کہ پولیس نے ان کو مولوی صاحب کے خلاف بیان دینے کے لئے مجبور کیا تھا تو انہوں نے اِن گواہوں کے تردیدی بیانات کو وہ کوریج واہمیت نہیں دی جو مولوی صاحب کے خلاف بیان کو دی تھی۔

اور سب سے بڑھ کر یہ کہ آج کل میڈیا اس موجودہ رائج کفری نظام کی تبلیغ کے لئے ایک مضبوط ادارہ ہے، وہ نظام جس نے شرعی احکامات کے بل کو تین دفعہ فیل، نامنظور اور رد کیا، جس نظام نے انسان کو یہ حق دیا ہے کہ وہ اپنے لئے قانون سازی کرے اور شریعت اسلامی ان کی قانون سازی کے لیے واحد سرچشمہ نہیں بلکہ کفار کے خود ساختہ قوانین کو جوڑ توڑ کر ایک ملغوبہ تیار کیا گیا ہے جس کا احترام مسلمانوں کو شب و روز سکھایا جاتا ہے، اس نظام میں پارلیمنٹ میں بیٹھے اراکین کو اختیار ہے کہ اگر وہ چاہیں تو شریعت کو منظور کر سکتے ہیں اور اگر نہ چاہیں تو رد بھی کر سکتے ہیں، اسی جمہوریت کی بقا، مضبوطی اور استحکام کے لئے یہ میڈیا برملا تبلیغ کرتا ہے۔

جمہوری روایات کے مطابق اور مغرب کے راستے پر چلنے والا یہ میڈیا عورت کو گھر سے نکلنے، اس کو مردوں کے شانہ بشانہ کام کرنے کی دعوت دیتا ہے اور اس کے لئے باقاعدہ پروگرام کیے جاتے ہیں۔

کسی بھی کارروائی کے بعد میڈیا باقاعدہ حکومت کو مشورے دیتا ہے کہ ان کو سیکورٹی سخت کرنی چاہئے، ان کو اپنے اندر جاسوسوں کے بارے میں معلومات کرنی چاہئے، خود میں نے مہران بیس پر حملے کے بعد جیوٹی وی پر دیکھا کہ اگر حکومت اس سے پہلے جی۔ایچ۔کیو میں ملوث مجرمان کو سزا دیتی تو آج یہ کارروائی رونما نہ ہوتی اور پھر یہ لکھا کہ کہیں فوج کے اندر تو کالی بھیڑیں موجود نہیں ہیں؟ وغیرہ وغیرہ اس کے علاوہ بہت سے ایسی باتیں ہیں جس کو میڈیا سننے اور دیکھنے والے دیکھتے اور سنتے رہتے ہیں، ہم نے اختصار کی وجہ سے بہت سے ایسی باتوں کو ذکر نہیں کیا۔

نیز میڈیا والوں نے مجاہدین کے خلاف فلمیں اور ڈرامے بنائے ہیں جو انتہائی جھوٹ پر مبنی ہے اور اس میں طالبان کو بدنام کرنے کی مکمل سازش ہے یہ لوگ اِن فلموں کو اپنے چینلوں پر چلاتے ہیں اور لوگوں کے سامنے طالبان کی غلط تصویر پیش کرتے ہیں۔

صحافیوں کی حقیقت:

ان کے شرعی نام مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔مُـــرجِفُ:۔شریعت کی اصطلاح میں اسلام اور کفر کے درمیان جنگ کے دوران مسلمانوں کے خلاف پروپیگنڈہ کرنے والے کو مرجف کہا جاتا ہے۔

۲۔مـقــاتل:۔یعنی کفار اور ان کے معاونین کو مسلمانوں کے خلاف جنگ پر ابھارتے ہیں اس مقصد کے لئے صحافی لوگ عوام الناس میں طالبان کو برے ناموں سے یاد کرتے ہیں، ان کے لئے وہ اصطلاحات استعمال کرتے ہیں جو جنگ کے لیے ماحول بناتے اور ذہن سازی ہوتی ہے جیسے امن دشمن، انتہا پسند وغیرہ

۳۔ساعی بالفساد:۔زمین میں فساد پھیلانے والے، اللہ کے احکامات سے اعراض سراسر فساد ہے جبکہ اللہ کا دین سراسر امن ہے، پردہ اللہ کا حکم ہے، عورت کا گھر کے اندر زندگی گزارنا اللہ کا حکم ہے اور یہ لوگ عورتوں کے باہر آنے اور چادر اتارنے کی زبانی اور عملی تبلیغ کرتے ہیں؛ عورتوں کی بے پردگی اور اُن کا بلاضرورت گھر سے باہر آنا فساد ہے، معاشرے کا بگاڑ ہے، جس کے لئے میڈیا کوشش کرتا ہے چنانچہ یہ لوگ ''ساعی بالفساد'' یعنی فساد کو پھیلانے کی کوشش کرنے والے ہیں۔

مرجف کا حکم:۔مرجف کا حکم قرآن نے یوں بیان کیا ہے **لَئِنۡ لَّمۡ يَنۡتَهِ الۡمُنٰفِقُوۡنَ وَالَّذِيۡنَ فِىۡ قُلُوۡبِهِمۡ مَّرَضٌ وَّالۡمُرۡجِفُوۡنَ فِى الۡمَدِيۡنَةِ لَنُغۡرِيَنَّكَ بِهِمۡ ثُمَّ لَا يُجَاوِرُوۡنَكَ فِيۡهَاۤ اِلَّا قَلِيۡلًا ۛۚ مَّلۡعُوۡنِيۡنَ ۛۚ اَيۡنَمَا ثُقِفُوۡۤا اُخِذُوۡا وَقُتِّلُوۡا تَقۡتِيۡلًا۔** ترجمہ: اگر منافق اور وہ لوگ جن کے دلوں میں مرض ہے اور جو (مدینے کے شہر میں) بُری بُری خبریں اڑایا کرتے ہیں (اپنے کردار) سے باز نہ آئیں گے تو ہم تمہیں اُن پر قابو دیدیں گے پھر وہاں تمہارے پڑوس میں نہ رہ سکیں گے مگر تھوڑے دن ۔۶۰۔ (وہ بھی) لعنت کئے ہوئے، جہاں پائے جائیں پکڑے جائیں اور جان سے مارڈالے جائیں۔

اس آیت کریمہ میں اللہ جل جلالہ مؤمنین کو، مرجفین اور پروپیگنڈے پھیلانے والوں کے قتل کا حکم دیتے ہیں اور مرجفین ومنافقین کو تنبیہ کرتے ہیں کہ وہ اپنے ان مذموم افعال سے باز آجائیں ورنہ ان کا انجام خطرناک ہوگا۔

مفسرین کے اقوال پر غور کرنے سے مرجفین کے احوال اور ان کی سزا کے بارے میں مندرجہ ذیل نکات سامنے آتے ہیں۔

۱۔جھوٹی خبریں پھیلانے والے اور اس کو سچ ثابت کرنے کے لئے بار بار دُہرانے والے جیسا کہ التحریر والتنویر میں ہے **وفیہ معنی 'کون الاخبار کاذبة او مسیئة لاصحابها یعیدونها فی المجالس لیطمئن السامعون لهامرة بعد مرة بانها صادقة.** ترجمہ: اس سے مراد جھوٹی یا سننے والوں کو پریشان کرنے والی خبریں ہیں جو مجالس میں بابار دہراتے ہیں تاکہ سامعین بار بار سن کر اس پر یقین کرلیں کہ یہ سچ ہے۔آج کا میڈیا یہ کام بہت خوب کررہا ہے صبح سے شروع ہوتا ہے کہ فلاں جگہ طالبان کمانڈر پکڑا گیا، فلاں جگہ فوج نے قبضے میں لے لیا وغیرہ اور شام تک اسے دہرایا جاتا ہے اور ساتھ ساتھ لوگوں کو بار بار اشتہارات کے ذریعے یہ بھی باور کرایا جاتا ہے کہ ہمارا ادارہ سچ پھیلانے والا ادارہ ہے۔

۲۔مسلمانوں کے لشکروں کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ انہوں نے شکست کھائی، وہ قتل ہوگئے ،گرفتار ہوگئے وغیرہ َ..........جیسا کہ نسفی رحمہ اللہ فرماتے ہیں **المرجفون فی المدینة هم اناس کانوا یرجفون باخبار السوء عن سرایا رسول الله صلی الله علیه وسلم فیقولون هزموا وقتلوا وجریٰ علیهم کیت وکیت یکسرون بذالک قلوب المؤمنین .**

اور جیسا کہ التحریر والتنویر میں ہے۔

ویتحدثون عن سرایا المسلمین فیقولون هزموا واسرع فیهم القتل او نحو ذالک لایقاع الشک فی نفوس المسلمین والخوف. اور مسلمان لشکروں کے بارے میں کہتے ہیں انہوں نے شکست کھائی، بہت زیادہ قتل ہوئے اور اسی طرح کی دوسری باتیں جو مسلمانوں کے دلوں میں شک

اورخوف ڈالنے کے لئے ہوتی ہے۔بالکل ایسا لگ رہا ہے جیسا کہ آج کل کے میڈیا والوں کو دیکھ کر یہ عبارت لکھی گئی ہے! یہ میڈیا والے بھی طالبان اور مجاہدین کے خلاف ایسے الفاظ کہہ رہے ہیں، کبھی کہتے ہیں کہ فلاں علاقہ طالبان سے صاف کیا گیا، کبھی کہتے ہیں کہ سو مارے گئے، کبھی کہتے ہیں کہ ہزار مارے گئے......حتیٰ کہ اگر پہلے دن سے حساب لگایا جائے تو آج تک ان کے میڈیا پر مارے گئے طالبان کی تعداد طالبان کے مجموعی تعداد کے دس گنا سے بھی زائد ہوگی۔

۳۔فحاشی اور بے حیائی پھیلاتے ہیں جیسا کہ منافقین کا سردار عبداللہ ابن ابی ابن سلول نے حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کے خلاف میڈیا گرم کیا تھا ،ابن سلول اور اُس کے حامیوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا **اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ.**

ترجمہ:اور جولوگ اس بات کو پسند کرتے ہیں کہ مومنوں میں بے حیائی (یعنی تہمت کی خبر، بدکاری) پھیلے ان کو دنیا اور آخرت میں دردناک عذاب ہوگا اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔

التفسیر الحدیث میں جیسا کہ ہم نے پہلے نقل کیا **وتتمثل كذالك فى الذين يشيعون الفاحشة بين الناس** اور اسکی شکل آپ کو ان لوگوں میں بھی ملے گی جو لوگوں کے درمیان بے حیائی اور بدکاری پھیلاتے ہیں۔آج کل اس صورت کو بیان کرنے کے لئے بھی لمبی چوڑی عبارتیں ذکر کرنے کی ضرورت نہیں، ایک دن کوئی ان کے ٹی وی چینلز دیکھے معلوم ہو جائے گا، اب تو خبروں کے لئے بھی نیم برہنہ عورتیں سکرین پر آتی ہیں، نامحرم مردوں کے ساتھ بے پردہ عورتیں خبریں سناتی ہیں جو کہ معاشرہ میں اس طرح کا ماحول پیدا کرنے کے لئے عملی تبلیغ ہے، ان کے وقفے بے حیائی اور بدکاری کے دعوت ہوتے ہیں، حتیٰ کہ ڈانس، گانے اور دوسری منکرات وفحاشی کو مسلمان قوموں کی ثقافت بتاتے ہیں، خاص کر ڈیوہ ریڈیو، ریڈیو آپ کی دنیا، مشال ریڈیو وغیرہ پختون قوم کو یہ فکر دلانے میں مصروف ہیں کہ یہ آپ کا کلچر اور ثقافت ہے جسے طالبان نے برباد کر دیا ہے۔

۴۔مسلمانوں میں کفار کے مفادات کی تکمیل کرتے ہیں اُن کی گلوبلائزیشن اور عالمگیریت کے لئے، ان کی ثقافت اور تہذیب کو میڈیا پر دکھاتے ہیں، اس کی تبلیغ کرتے ہیں، مسلمانوں میں ان جیسا معاشرہ بنانے کی کوشش کرتے ہیں اور مسلمانوں کو ان کا غلام بنانے کے لئے راستہ ہموار کرتے ہیں جیسا کہ التفسیر الحدیث میں ہے **تتمثل فى الذين يتخذون الطغاة والظالمين والأعداء أولياء يبتغون عندهم العزة ويساعدونهم على اذلال امتهم واستعبادها ويخونون مصالح بلادهم وامنها بسبيل منافعهم.** یہ صورت دیکھی جا سکتی ہے ان لوگوں میں جو طواغیت اور ظالم لوگوں کو دوست بناتے ہیں، ان کے پاس عزت تلاش کرتے ہیں، ان کی مدد کرتے ہیں ،اپنی قوم کو ذلیل اور غلام بناتے ہیں، اپنے ملکوں کے مفادات کو کفار کے مفادات کے لیے قربان کر ڈالتے ہیں، آج کل بعض ریڈیو اور ٹی وی چینلوں پر باقاعدہ اس بات کی تبلیغ کی جاتی ہے کہ مسلمان علاقوں میں ایسی اور ویسی مشکلات ہیں، رائی سے پہاڑ بناتے ہیں ،لیکن مغرب اور امریکہ میں رہنے والے مسلمانوں کی زندگی کے بارے میں بتاتے ہیں کہ اُن کی زندگی امریکہ میں بہت اچھی ہے، اُن کا دین محفوظ ہے حالانکہ وہ بے چارے دین کو نماز ،روزے میں منحصر خیال کرتے ہیں، وہ نہیں جانتے کہ اُن کا آدھا دین جو کہ اسلامی نظام ہے، برباد ہو چکا ہے ،اُن کی نسلیں ضائع ہو چکی ہیں، نہ بیٹے پر قابو ہے اور نہ ہی بیٹی کا کچھ پتہ ہے کہ کیا کیا گل کھلائے جارہے ہیں۔بس اللہ ہی رحم فرمائے۔آمین

۵۔یہ میڈیا والے کفری لشکروں کی بڑائی بیان کرتے ہیں، جیسا کہ ہم نے ذکر کیا کہ غزوۂ احزاب کے موقع پر منافقین نے کہا تھا کہ ایسے لشکر آئے ہیں جن کا مقابلہ مسلمان نہیں کر سکتے ،تبوک کے موقع پر مرجفین نے کہا تھا کہ تبوک سے مسلمان واپس نہیں آئیں گے بلکہ یہ وہاں گرفتار ہو جائیں گے وغیرہ، آج کل میڈیا والے بھی کافر لشکروں کی بڑائی بیان کرتے ہیں، ان کے اسلحہ اور ساز وسامان کا میڈیا پر اتنا چرچا کرتے ہیں کہ ایک بے خبر مسلمان خود بخود یہ فیصلہ کر لیتا ہے کہ ان سے جنگ پہاڑ سے سر مارنے کے برابر ہے، حتیٰ کہ کفار کے صف میں موجود منافقین اور مرتدین کو شہید اور طالبان شریعتِ محمدی کو ہلاک کہتے ہیں، ۲۰۰۹ کے بعد انہوں نے تو طالبان کے خلاف ڈرامے اور فلمیں بھی بنائی ہیں جس میں طالبان کی بدنامی کی جاتی ہے، اُن کی جرأت مندانہ کارروائیوں کو بزدلانہ کارروائی قرار دیا جاتا ہے، اُن کے خلاف جھوٹ پھیلاتے ہیں وغیرہ۔یہ ہوئیں صحافیوں اور میڈیا والوں کی چند صفات......اب ان کے حکم کا تذکرہ کرتے ہیں۔

ا۔ان کا ایک حکم ہے اسلامی ملک سے ان کو نکالنا جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا **لنغرينك بهم ثم لايجاورونك فيها الاقليلا**،اے پیغمبر! ہم آپ کو اُن پر مسلط کر دیں گے پھر وہ تمہارے پڑوس میں نہ رہ سکیں گے مگر تھوڑے دن، چنانچہ اگر اسلامی حکومت قائم ہو تو امیر المؤمنین ان کو جلاوطن کر دے گا۔

۲۔دوسرا یہ کہ ملعون یعنی اللہ کی رحمت سے دور ہوں گے۔

۳۔تیسرا یہ کہ جہاں پائے جائیں گرفتار کئے جائیں گے۔

۴۔چوتھا یہ کہ گرفتاری کے بعد چھوڑے نہیں جائیں گے بلکہ قتل کئے جائیں گے جیسا کہ اما

قرطبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں فهذا فيه معنى الامر باخذهم وقتلهم اذا كانوا مقيمين على النفاق والارجاف۔ترجمہ: پس یہ امر کے معنی میں ہے ان کے پکڑنے اور قتل کرنے پر جب وہ اپنے نفاق اور پروپیگنڈہ کرنے پر قائم ہو۔اورایسر التفاسیر میں ہے: فاینما وجدوا كانوا فى ذلة ،معرضين للاخذ والقتل فى كل حين وهذه سنة الله اور جہاں کہیں پائے جائیں گے وہ ذلت میں ہوں گے گرفتاری اور قتل کا سامنا کریں گے، یہ اللہ کی سنت ہے اورتفسیر وسیط میں ہے فاذا ماأدركوا وظفر بهم ،أخذوأسارى أذلاء اور جب پائے جائیں اوران پر غلبہ حاصل ہو جائے تو ذلیل قیدی بن کر گرفتار ہوں گے۔اوران کے قتل کے بارے میں علامہ صوفی عبدالحمید صاحب کا ارشاد بھی اسی آیت کے تحت ملاحظہ فرمائیے جو ہم نے پہلے ذکر کیا۔

۵۔پانچواں یہ کہ قتل بھی سخت ترین قتل ہوگا اس لئے کہ قتّلوا مشدد ہے اور تقتیلا مصدر تاکید کے لئے ہے۔تفسیر وسیط میں ہے وقتلوا تقتيلا شديدا. اورتفسیر حدیث میں ہے ليقتلوا قتلا ذريعا بدون هوادة واستثناء وتساهل اين ماوجدوا .. ترجمہ: تاکہ گلا گھونٹ کے مارے جائے بغیر کسی نرمی،استثناء اور چشم پوشی کے۔اور التحریروالتنویر میں ہے وایضاهو شديد فى كونه سريعا لاامها ل لهم فيه .... اوراسی طرح وہ سخت ہے تیزی میں ان کو مہلت نہ دینے میں۔

۶۔چھٹا یہ کہ ان کے بہت سے یا تمام افراد قتل کئے جائیں گے جیسا کہ نسفی رحمہ اللہ فرماتے ہیں والتشديد يدل على التكثير اورقتلوا کا مشدد ہونا تکثیر پر دلالت کرتا ہے جیسا کہ التحریروالتنویر میں ہے والتقتيل قوة القتل ،والقوة: هنا بمعنى الكثرة لان الشيء الكثير قوى فى اصناف نوعه . اور تقتیل قوۃ القتل ہے اور قوت یہاں کثرت اور زیادت کے معنی پر ہے اسلئے کہ زیادہ چیز اپنے نوع کے اصناف میں قوی ہوتا ہے۔جبکہ تفسیر حدیث کی عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے تمام افراد قتل کئے جائیں گے اور کسی کو استثناء حاصل نہیں ہوگا ليقتلوا قتلا ذريعا بدون هوادة واستثناء. تاکہ گلا گھونٹ کے مارے جائیں بغیر کسی نرمی اوراستثناء کے۔

۷۔ساتواں یہ کہ یہ حکم عام ہے اور کسی زمانے اور مکان کے ساتھ مختص نہیں ہے۔علامہ اسعد فرماتے ہیں وهذه سنة الله ،وهذا هوشرعه فى المنافقين ،وفى امثالهم فى كل زمان ومكان . اور یہ اللہ کی سنت ہے،اور یہ اس کا قانون ہے منافقین اوران جیسے لوگوں کے لئے ہر زمان اور ہر مکان میں۔۔۔

جبکہ تفسیر حدیث میں ہے ومع خصوصية الآيات الزمنية والموضوعية فالذى يتبادر لنا ان حكمها عام شامل ومستمر وموكول لأولى الامر فى المسلمين حيث توجب عليهم سلوك سبيل الشدة فى القمع لتنكيل مع من لم يرتدع عن موقف الأذى والدس والارجاف لسلامة المجتمع وطمأنينته .

ترجمہ: باوجود اس کے کہ یہ آیتیں کسی خاص زمانے اور خاص مقام سے تعلق رکھتی ہیں لیکن بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ اس کا حکم عام اور ہمیشہ کے لئے ہے اور مسلمانوں کے امیر کے حوالے ہے اس لئے کہ یہ آیتیں بتارہی ہیں کہ ان لوگوں کے ساتھ جو اذیتیں پہنچانے اور پروپیگنڈہ کرنے والے موقف سے پیچھے نہیں ہٹتے، ان کو جڑ سے اُکھیڑ پھینکنے میں شدت کا راستہ اختیار کرنا واجب ہے تاکہ معاشرہ محفوظ اور پرامن ہو۔

۸۔یہ حکم اس وقت تک ہے جب تک یہ لوگ اپنے ان مذموم افعال سے باز نہیں آجاتے جیسا کہ قرآن کریم کی آیت: لئن لم ينته اس پر دال ہے؛ علامہ اسعد کا قول ہم نے ذکر کیا کہ اذااستمروا على كفرهم وعنادهم ،ولم يرجعوا عما هم فيه من غى وضلا ل ، فان الله يسلط عليهم اهل الايمان،وسنة الله لايستطيع احد تبديلها ولاتغيرها۔

ترجمہ: جب تک وہ اپنے کفر اوراسلام دشمنی پر قائم ہوں اور گمراہی سے رجوع نہ کریں تو اللہ تعالیٰ ان کے اوپر اہل ایمان کو مسلط کردے گا، اور اللہ کا قانون کوئی بھی بدل نہیں سکتا۔

اورتفسیر وسیط میں ہے وهذا حكم الله .تعالىٰ. فيهم حتىٰ يقلعوا عن نفاقهم واشاعتهم قالة السوء فى المؤمنين ، وايذائهم للمسلمين والمسلمات.

ترجمہ: اور یہ اللہ کا حکم ہے ان منافقین، مرجفین اور فساق کے بارے میں حتی کہ وہ اپنے نفاق ،بری باتوں کو پھیلانے اور مسلمان مردوں اور عورتوں کو ضرر پہنچانے سے باز آجائیں۔

چوتھے مقدمہ میں معلوم ہوا کہ اگر جرم کرنے والے اسلامی حکومت میں ہوں اور اتنی تعداد میں ہوں جن پر اسلامی حکومت قابو پاسکے تو ان کو گرفتار کرکے شرعی سزا دی جائے گی لیکن اگر اتنے زیادہ ہوں کہ اسلامی حکومت ان کو سزا دینے پر قادر نہ ہو یا اسلامی حکومت قائم نہ ہو تو ایسی صورت میں اس گروہ کو ''طائفہ ممتنعہ'' کہا جاتا ہے اور اُن کے خلاف مسلمانوں پر جنگ واجب ہوجاتی ہے ،یہ لوگ چونکہ کثیر مقدار میں ہیں ،حکومتی ادارے ان کی سیکورٹی پر مامور ہیں اوراسلامی حکومت بھی قائم نہیں ہے،اس لئے مجاہدین کو ان کے خلاف جنگ کرنی چاہئے اور جہاں ہاتھ آئیں قتل کرنا چاہیے۔

نکتہ: چونکہ قرآن کریم نے ان کے خلاف کارروائی کرنے سے پہلے ان کو تنبیہ کی تھی کہ وہ اپنے برے اعمال سے باز آجائیں۔مفسرین کے مطابق وہ لوگ اپنے ان اعمال

سے باز آ گئے اس لئے اُن کے خلاف کارروائی نہیں ہوئی ،لہٰذا مجاہدین کو بھی چاہیئے کہ پہلے ایسے لوگوں کو دھمکی دیں تاکہ اسلام اور مسلمانوں کے خلاف زبان درازی سے باز آجائیں، جو باز آجائیں ان کو معاف کیا جائے اور جو باز نہ آئیں اُن کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے ،امام ابوبکر جصاص رحمہ اللہ فرماتے ہیں:''وأخبر تعالیٰ باستحقاقهم النفي والقتل اذالم ينتهوا عن ذالك فأخبر تعالیٰ ان ذالك سنة الله وهو الطريقة المأمورة بلزومها واتباعها'' ترجمہ:اور اللہ تعالیٰ نے بتا دیا کہ اگر وہ اس کام سے نہ رُکیں تو ان کا حکم جلا وطنی یا قتل ہے، یہ اللہ کا طریقہ اور راستہ ہے جس کے مضبوط پکڑنے اور اتباع کا حکم کیا گیا ہے۔

☆ مقاتل:۔اب آتے ہیں دوسرے نام کی طرف کہ مقاتل کسے کہتے ہیں؟ اور شرعی مقاتلین کون کون ہیں؟ اور کیا صحافی حضرات اور میڈیا والے شرعا مقاتلین میں شمار ہوتے ہیں؟

پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے کعب بن اشرف یہودی کو باوجود اس کے قتل کیا کہ وہ بوڑھا تھا اور بوڑھے جنگ میں نہیں مارے جاتے ،یہود کے ساتھ مسلمانوں کا معاہدہ تھا لیکن اسلام ،مسلمانوں اور پیغمبر کے بارے میں گستاخانہ لہجہ استعمال کرنے کی وجہ سے پیغمبر ﷺ نے اس کو قتل کرنے کا حکم دیا اور وہ معاہدہ جو یہود کے ساتھ جنگ بندی پر تھا اس کے حق میں کالعدم قرار دیا گیا ،اس نے وہ معاہدہ تلوار سے نہیں بلکہ زبان سے توڑا تھا ،بخاری شریف میں اس کا مکمل تفصیلی واقعہ موجود ہے۔اُس روایت میں اس کے قتل کا سبب یوں بیان کیا گیا ہے:رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''من لكعب بن الاشرف؟ فانه قد آذى الله ورسوله '' کوئی ہے کعب بن اشرف کے لئے؟ اس نے اللہ اور رسول کو تکلیف پہنچائی ہے، وہ تکلیف جو کعب یہودی نے پہنچائی تھی ،وہ کیا تکلیف تھی؟

ابن سعدؒ طبقات میں فرماتے ہیں: اليهودي المؤذي لرسول الله صلى الله عليه وسلم ؛فانه كا ن شاعرا وكان يهجو رسول الله صلى الله عليه وسلم واصحابه ويحرّض كفار قريش عليهم ، وذهب مكة وجعل يبكي على قتلىٰ بدر ،ويحرّض على رسول الله صلى الله عليه وسلم حتى اجمعوا لوقعة احد ....

ترجمہ:کعب بن اشرف، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اذیت پہنچانے والا ایک یہودی تھا ،وہ ایک شاعر تھا اور پیغمبر علیہ السلام اور اُن کے صحابہ کی ہجو (شعر کی صورت میں برا بھلا کہنا) کرتا تھا، وہ کفار قریش کو مسلمانوں کے خلاف ابھارتا تھا، وہ مکہ جا کر بدر میں مارے گئے کفار پر رویا کرتا اور ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف ابھارتا حتی کہ وہ احد کے جنگ کے لئے جمع ہوئے۔

فائدہ : کعب بن اشرف کے بارے میں ابن سعد کی اس عبارت کو پڑھ کر چند صفات سامنے آتی ہیں جو کہ بالکل آج کعب یہودی کے فرزندوں یعنی اِن میڈیا والوں میں موجود ہیں۔

۱۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں کا ہجو بیان کرنا، آج کل میڈیا والے بھی ایسا ہی کرتے ہیں، وہ برے القاب جو میڈیا والے مجاہدین کے لئے استعمال کرتے ہیں چند بطورِ مثال ذکر کئے گئے ہیں: دہشت گرد، شر پسند، انتہا پسند، امن کے دشمن وغیرہ۔

۲۔ہجو شعر میں بیان کرنا ،شعر نفس میں زیادہ اثر کرتا ہے، آج کل میڈیا کا مجاہدین کے ہجو بیان کرنے اور ان کے مخالفین کی صفات بیان کرنے کا طریقہ شعر سے بھی زیادہ مؤثر ہے، اگر چہ شعر کا سلسلہ بھی ان کی طرف سے جاری ہے نیز وہ ڈرامے جو طالبان کے خلاف بنائے گئے ہیں جنہیں باقاعدہ ٹی وی پر چلایا جاتا ہے وہ شعر سے بھی زیادہ خطرناک ہیں۔

۳۔ وہ بدر میں مارے گئے کفار پر روتا تھا اگر چہ وہ یہودی تھا اور یہودیوں کو اپنے یہودیوں کے علاوہ کسی کے ساتھ ہمدردی نہیں ہوتی، وہ جھوٹ روتا تھا، رونے سے اس کا مقصد کفار مکہ کے جذبات ابھارنا تھا، یہی حال آج کل ان میڈیا والوں کا بھی ہے، کسی کے مرنے کی اُنہیں پرواہ نہیں ہوتی، وہ برابر اپنے پروگراموں میں موسیقی چلاتے ہیں، کسی کے مرنے سے ان کا میڈیا گرم ہو جاتا ہے لیکن بعض اوقات مسلمانوں اور مجاہدین کے خلاف لوگوں کے جذبات ابھارنے کیلئے روتے بھی ہیں اور غمگین انداز میں اس واقعے کو بیان کرتے ہیں، واضح رہے کہ سیکورٹی فورسز کے مردار اہلکاروں کو شہید کے مبارک لقب سے نوازنا صرف اسی پروپیگنڈے کا حصہ ہے جو طالبان کے خلاف جاری ہے۔

۴۔کعب نے کفار کو مسلمانوں کے خلاف ابھارا حتی کہ وہ مسلمانوں کے خلاف جنگ احد لڑنے کے لئے جمع ہوئے اسی طرح یہ صحافی بھی قوم کو اس جنگ پر مطمئن کرنے کی کوشش کرتے ہیں جو طالبان کی خلاف لڑی جا رہی ہے اور پاکستانی قوم کو جو اس جنگ کو اپنی جنگ نہیں مانتی، یہ باور کرانے کی کوشش کرتے ہیں کہ یہ جنگ ان کی اپنی جنگ ہے ،میڈیا نے سوات میں جعلی ویڈیو نشر کر کے اس بات کے لئے راستہ ہموار کیا کہ طالبان کے ساتھ معاہدہ توڑا جائے اور ان کے خلاف جنگ کی جائے۔

کعب بن اشرف کے بارے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو حکم دیا، اُس سے چند باتیں سامنے آتی ہیں۔

۱۔میڈیا اور زبان سے جنگ کرنا باقاعدہ جنگ کا حصہ ہے، اس جنگ میں حصہ لینے

والے مقاتلین شمار ہوتے ہیں، میڈیا ایک خطرناک ترین ہتھیار ہے، اس لئے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے اس معاہدے کو جو مسلمانوں اور یہودیوں کے درمیان ہوا تھا اور اس میں دونوں طرف سے تلوار چلانے پر پابندی لگائی گئی تھی توڑا اور اس میں تلوار چلائی کیوں کہ کعب نے اس سے پہلے زبان چلائی تھی؛ پس پیغمبر ﷺ کا معاہدے میں تلوار چلانے کے جواز کے لئے زبان استعمال کرنے کو سبب ٹہرانا اس بات کی دلیل ہے کہ زبان کی جنگ تلوار کی جنگ سے خطرناک ہے، اسی لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ بن خطل کو اس کی دولونڈیوں سمیت فتح مکہ کے موقع پر جب عام معافی کا اعلان ہوا معاف نہ کیا کیونکہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں کی برائی بیان کیا کرتے تھے، چنانچہ عمدۃ القاری میں ہے **کان یھجو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و کانت له قینتان تغنیان بھجاء المسلمین** ۔ترجمہ: اور وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجو کرتا تھا اور اس کی دولونڈیاں تھیں جو مسلمانوں کی ہجو کرتی تھیں۔

۲۔کعب بن اشرف بوڑھا تھا اور بوڑھے جنگ میں نہیں مارے جاتے لیکن اس کی زبان کی زہر نے اس کے قتل کا جواز پیدا کیا۔

۳۔اس سے یہ بات بھی ثابت ہوئی کہ محرّض علی القتال یعنی جنگ پر ابھارنے والے بھی جنگ کرنے والوں کے حکم میں داخل ہیں یعنی جیسا کہ وہ قتل کئے جاتے ہیں یہ بھی قتل کئے جائیں گے، چنانچہ الاختیار لتعلیل المختار میں عبداللہ بن محمود حنفی موصلی لکھتے ہیں(**ولا یقتلوا مجنونا ولا امرأۃ ،ولا صبیا ،ولاأعمی ،ولامقعدا، ولامقطوع الیمین ، ولا شیخا فانیا ، الاأن یکون احد ھؤلاء ملکا ، او ممن یقدر علی القتال ،او یحرض علیه ، او له رأی فی الحرب ....**) ترجمہ: اور قتل نہیں کریں گے دیوانہ، نہ عورت، نہ اندھا، نہ اپاہج، نہ وہ شخص جس کا دایاں ہاتھ کٹا ہوا ہو اور نہ ہی بوڑھا، لیکن اگر ان میں سے کوئی بادشاہ ہو یا جنگ پر قادر ہو یا جنگ پر لوگوں کو ابھارتا ہو یا جنگ میں اس کی رائے معتبر ہو (جیسے جنگی ماہر قوماندان)..............

☆ ساعی بالفساد: ۔یعنی معاشرے میں فساد پھیلانے والے جیسا کہ ذکر کیا گیا کہ اِن کے وہ اعمال جیسے بے پردہ عورتوں کو پوری دنیا کے سامنے شو کرنا، قسما قسم بے ہودہ فحش پروگراموں کو چلانا، ریڈیو پر ہیجان انگیز گانوں کا نشر کرنا اور اس کو کلچر اور تہذیب کا نام دینا، امریکی اور مغربی تہذیب کو عالمگیر بنانے کی کوشش کرنا، طالبان کے خلاف عورتوں کے لئے پردہ لازم قرار دینے پر فتویٰ بازی کرنا وغیرہ یہ سب ایسے اعمال ہیں جو فساد کے زمرے میں آتے ہیں، اِسے فقہاء ''سعی بالفساد'' بگاڑ کی کوشش سے تعبیر کرتے ہیں، ایسے کام اگر کسی سے ذاتی طور پر صادر ہوں تو اس کے لئے شرعی سزائیں ہیں جو کہ بعض مقرر اور بعض امراء امت کے حوالے ہیں، لیکن اگر کوئی اس طرح کے کاموں کو فروغ دیتا ہو اور فحاشی وعریانی پھیلانے کی کوشش کرتا ہو تو وہ شخص ساعی بالفساد ہے اور اُسے قتل کرنے کی اجازت ہے، خصوصا جب ایسے لوگ منظّم گروہ کی شکل میں معاشرے کو بگاڑنے کے جرم کا ارتکاب کریں اور بجائے غلطی تسلیم کرنے کے باقاعدہ دفاع بھی کریں، جیسا کہ آج کل ہو رہا ہے کہ اِن مفسدین کی حکومتی اور عالمی طور پر سرپرستی اور حفاظت کا بندوبست کیا جاتا ہے۔

ردالمختار میں ہے........: **والاعونة والسعادة یباح قتل الکل ویثاب قاتلھم** ۔ج۱۵ص۲۱۴

ترجمہ: ۔ظالموں کے معاونین اور فساد کی کوشش کرنے والے، سب کا قتل جائز ہے اور ان کے قاتل کو ثواب ملتا ہے۔

ہندیہ میں ہے: **وجمیع الظلمة والاعوان والسعاۃ یباح قتل الکل ویثاب قاتلھم** ۔ج۲ص۱۶۷

ترجمہ: تمام ظالموں، اُن کے مددگاروں اور مفسدین کا قتل جائز ہے اور اُن کا قاتل نیکی کا مستحق ہے۔

اور درمختار میں ہے: **وافتی الناصحی بوجوب قتل کل مؤذ ،وفی شرح الوھبانیة : ویکون بالنفی عن البلد، وبالھجوم علیٰ بیت المفسدین،وبالاخراج من الدار ،وبھدمھا، وکسر دنان الخمر --------**

اور ناصحی نے ہر ضرر پہنچانے والے کے قتل کے وجوب کا فتویٰ دیا ہے۔ اور شرح وہبانیہ میں ہے: علاقے سے نکالنے، جلاوطن کرنے اور مفسدین کے گھر پر دھاوا بولنے سے (یعنی جس مکان میں وہ یہ فساد کرتے ہو) اور اس مکان سے نکالنے سے، اور اس عمارت کو ڈھانے اور شراب کے مٹکوں کو توڑنے سے بھی تعزیر کا مقصد حاصل ہو جاتا ہے۔

اس کے علاوہ سعاۃ یعنی مفسدین کے بارے میں فتاویٰ کتبِ فقہ میں بکثرت موجود ہیں۔

اکثر صحافیوں میں یہ تینوں صفات موجود ہیں، وہ بجائے توبہ کرنے کے اِن اعمال پر اصرار بھی کرتے ہیں؛ لہٰذا جن صحافیوں یہ کردار ہو اُن کا قتل شرعاً جائز ہے مگر ان کو پہلے تنبیہ کرنی چاہیے، پس جو اسلام دشمنی اور مسلمانوں کے خلاف پروپیگنڈہ کرنے، اور فساد پھیلانے سے باز آجائیں تو ان کو معاف کیا جائے اور جو بدستور اپنے کام پر ڈٹے رہے تو ایسے لوگوں کے بارے میں اپنی جہادی پالیسی کے مطابق قدم اٹھایا جائے اور پھر کسی ملامت کی پرواہ نہ کی جائے۔ ہاں! ان میں ڈیوہ ریڈیو، مشال

ریڈیو، آزادی ریڈیو، ریڈیو آپ کی دنیا اور بی بی سی کے رپورٹروں کو بالعموم اوران کے علاوہ باقی صحافیوں اورمیڈیا والوں میں جو زیادہ مضر ہیں ترتیب وار درجہ بندی کے ساتھ کارروائی کی جائے۔ واللہ ہوالموفق والمعین

مسلمان صحافی بھائیوں کو نصیحت :۔

اے صحافی! آپ ایک مسلمان گھرانے میں پیدا ہوئے ہیں اور اسلام کو اپنا دین ظاہر کرتے ہیں۔ ایک مسلمان کے پاس سب سے قیمتی اثاثہ اس کا ایمان اور اس کا دین ہے، جان جائے تو کوئی پرواہ نہیں، مال جائے تو اللہ کہیں اور سے بندوبست کردے گا ،لیکن اگر دین جائے تو ہمیشہ کے لئے ذلت وخواری ہے، کتنے خطرے اور نقصان کی بات ہوگی اگر تھوڑی سی دنیا اور چندروزہ شہرت کی خاطر ایک مسلمان اپنے ایمان سے ہاتھ دھو بیٹھے اور اسے پتہ بھی نہ چلے اس سے بڑے خسارے کی بات اور کیا ہو سکتی ہے ؟!!

غور کیجیے......رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: بادروا بالاعمال فتنا كقطع الليل المظلم يصبح الرجل فيه مؤمنا ويمسى كا فرا ويمسى مؤمنا ويصبح كافرا يبيع الدين بعرض من الدنيا ۔ترجمہ نیک اعمال کی طرف اُن فتنوں سے پہلے جلدی کرو جو فتنے تاریک رات کے ٹکڑوں کی طرح ہوں گے جن میں انسان صبح کو مسلمان ہوگا اور شام کو کافر، شام کو مسلمان ہوگا اور صبح کو کافر، دین دنیا کے سامان کے بدلے بیچ ڈالے گا۔

دیکھیں میرے بھائیو! کہیں ایسا نہ ہو کہ اپنی زبان اور قلم کی وجہ سے اپنے قیمتی اثاثے ایمان سے محروم ہو جائیں، ہمارے لئے بنی اسرائیل کے اس عالم بلعام بن باعور کے واقعے میں بڑی عبرت ہے جو ایک عالم دین تھا اور مستجاب الدعوات تھا لیکن جب اس نے کفر کی حمایت میں مسلمانوں کے مقابلے میں فقط دعا کرنے کا ارادہ کیا تو اللہ تعالیٰ نے اسے ملعون کردیا اور اُسے کتے کے ساتھ تشبیہ دی۔ علماء کرام نے بلعام کے کتے کے ساتھ تشبیہ کے بہت سارے اسباب بیان کئے گئے ہیں، ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ کتے کی ایک صفت ہے کہ اس کو جس گھر سے روٹی ملتی ہے وہ سارا دن اس گھر کے سامنے بیٹھا رہتا ہے اور جو کوئی بھی راستے سے گزرتا ہے اُس پر بھونکتا ہے، نہ اس کا خیال ہوتا ہے کہ راہ چلنے والا مسافر کون ہے اچھا انسان ہے یا غلط؟ اور نہ ہی کتے کو اس بات سے کوئی سروکار ہوتا ہے کہ میں جس مالک کے دفاع میں بھونک رہا ہوں وہ اچھا انسان ہے یا غلط؟

توجہ فرمائیے ....رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چھپکلی کے قتل کا حکم دیا ہے اور سبب یہ بیان فرمایا ہے کہ اُس نے ابراہیم علیہ السلام پر بھڑکائی جانے والی آگ میں پھونک ماری تھی ،مسند احمد میں حضرت نافع سے روایت ہے کہ مجھے فاکہ بن مغیرہ کی باندی نے یہ واقعہ سنایا ہے کہ دخلت علىٰ عائشة رضى الله عنهافرأيت فى بيتها رمحا، فقلت يا ام المؤمنين ماتصنعين بهذا الرمح؟فقالت: نقتل به هذه الاوزاغ ،ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: ان ابراهيم حين القى فى النار ،لم يكن فى الارض دابة الاتطفئ النار ،غير الوزغ فانه كا ن ينفخ علىٰ ابراهيم ،فامرنا رسول الله صلى الله عليه بقتله .

فاکہ بن مغیرہؓ کی باندی کہتی ہے کہ وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئی تو اُس نے اُن کے گھر میں نیزہ دیکھا تو پوچھا کہ اے ام المؤمنین! اس نیزے سے آپ کیا کرتی ہیں؟ تو ام المؤمنین نے فرمایا: اس سے ہم یہ چھپکلیاں مارتے ہیں، اس لئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ابراہیم علیہ السلام جب آگ میں ڈالے گئے تو زمین میں ہر جانور نے اس آگ کو بجھانے کی کوشش کی سوائے چھپکلی کے؛ کہ وہ ابراہیم علیہ السلام پر لگی آگ کو پھونکتی تھی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے قتل کا ہمیں حکم دیا۔ مسند احمد

منہ کی ایک پھونک کبھی کبھار بندے کی صف تبدیل کردیتی ہے اور اُسے اسلام سے نکال کر کفر کے کھڈے میں ڈال دیتی ہے ،اگر چہ ابراہیم علیہ السلام کے راستے پر چلنے والوں پر لگی آگ کو یہ پھونک نہیں بھڑکا سکتی بلکہ وہ ابراہیم علیہ السلام کی طرح آگ سے صحیح سالم نکلیں گے۔ ان شاء اللہ۔

آج بھی جو ہو ابراہیم کا ایمان پیدا   آگ کر سکتی ہے اندازِ گلستاں پیدا!

ساختہ G-3 مشین گنیں، ۸عدد کلاشنکوف، ۲۳عدد G-3 کے میگزین، ۲۵عدد کلاشنکوف کے میگزین، ایک عدد مارٹر گن، ایک عدد بادی گن، ایک عدد دوربین، مارٹر گن کے ۴۴ گولے، ایک عدد ایل ایم جی مشین گن اور اس کے علاوہ اور کئی سارے قیمتیں اشیاء جو مجاہدین کے ہاتھ لگی۔

(الھم انصر اعوان دینک)

کشکول گدائی

اگر ملک میں کسی جگہ مجاہدین کی کسی حرکت کے بارے میں حکومت کو علم ہو جائے یا طالبان کسی جگہ شریعت کے مطابق فیصلے کرنا شروع کردے تو فوراً حکومتی مشینری اس جانب متوجہ ہوجاتی ہے تاکہ ''حکومتی رٹ'' بحال کرسکے، لیکن آپ کو حیرت ہوگی کہ اتنی پھرتی سے طالبان کے خلاف لڑنے والی حکومت صرف اسلام کے خلاف اقدامات میں اتنی تیزی کا مظاہرہ کرتی ہے اور اس کے لئے اپنے خزانے کھول دیتے ہیں، جبکہ ملک میں باقی کسی شعبے کی طرف اتنی توجہ نہیں ہے۔

آپ نے میڈیا کے زبانی سنا ہوگا کہ دارالحکومت میں واقع سینکڑوں ایکڑ اراضی پر مشتمل قائداعظم یونیورسٹی کے طلبہ نے اس بناء پر احتجاج کیا کہ انہیں کھانے پینے کے لئے اچھی سہولیات میسر نہیں ہیں، احتجاج کے بعد یونیورسٹی انتظامیہ نے طلبہ کے مسائل پر غور کیا اور تمام طلبہ سے کہا کہ وہ فوراً ہاسٹلز کو خالی کردیں، کیونکہ حکومت کے پاس اتنا پیسہ نہیں ہے کہ وہ تعلیمی اخراجات کو برداشت کرسکے کیونکہ انہوں نے تو ''دہشت گردی کے خلاف جنگ'' لڑنا ہے۔

پشاور یونیورسٹی کے پروفیسرز نے اس بناء پر احتجاج کیا کہ حکومتی اعلانات کے مطابق انکی تنخواہ میں ۲۰ فیصد اضافہ کیا جائے گا لیکن کئی مہینے گزرنے کے باوجود حکومت نے اپنے وعدے کو پورا نہیں کیا۔

مہمند ایجنسی میں واقع گورنمنٹ کالج آف کامرس کے طلبہ نے مطالبہ کیا ہے کہ ان کے کالج میں اساتذہ کی کمی ہے، ایک سال پہلے سترہ اساتذہ کو نکالا گیا لیکن انکی جگہ دیگر اساتذہ کا ابھی تک تقرر نہیں ہوا۔

۱۹ دسمبر کو انگریزی روزنامے ڈان (DAWN) نے سرورق پر ایک خبر لگائی کہ ایک ڈگری کالج کے طلبہ خیمہ لگا کر تعلیم حاصل کررہے ہیں اور اتنی فنڈ نہیں کہ اس سے کالج کے لئے عمارت تعمیر کرسکے۔

ایک طرف تو حکومت دعوٰی کرتی ہے کہ وہ تعلیم کے فروغ کے لئے کام کرتی ہے، اور طالبان پر الزامات عائد کرتی ہے کہ یہ لوگ تعلیم کے دشمن ہیں جبکہ دوسری جانب یہ لوگ شہ خرچیوں پر تو یومیہ کروڑوں روپے خرچ کرتے ہیں، اور امریکہ و یورپ کے آئے روز دوروں کے موقع پر مہنگے ہوٹلوں اور نائٹ کلبوں میں حکومتی دولت کو دل کھول کر ضائع کردیتے ہیں جبکہ ان کے پاس تعلیم کے لئے پیسہ نہیں ہوتا اور انکے تعلیمی اداروں کی یہ حالت ہے۔ پھر بھی ہم ''مجرم'' ہیں۔

پشاور ائرپورٹ پر مجاہدین کا جرأت مندانہ حملہ

۱۵ دسمبر کو تحریک طالبان پاکستان کے سربکف مجاہدین نے پشاور ائرپورٹ پر رات کے آٹھ بجے زوردار حملہ کیا، حملے کا ہدف ایرپورٹ پر موجود فوجی ہیلی کاپٹر اور جیٹ طیارے تھے، مجاہدین نے منصوبہ بندی کے تحت پہلے ائرپورٹ کی دیوار کیساتھ بارود سے بھری گاڑی ٹکرائی اور اور کچھ مجاہدین ائرپورٹ کے اندر جا گھسے، مجاہدین نے سیکورٹی اداروں کے ساتھ دست بدست لڑائی کی اور ہینڈ گرنیڈ اور راکٹ لانچر فائر کئے، حکومتی اداروں نے ماضی کی طرح اب بھی اپنے نقصانات کو چھپایا اور صرف دو پولیس سپاہیوں کے قتل کی تصدیق کی، جبکہ تحریک کے عسکری ونگ نے احیائے خلافت کو جو رپورٹ ارسال کی اس کی رو سے سیکورٹی فورسسز کو کافی نقصانات پہنچے ہیں لیکن حکومت اپنی ناکامی چھپانے کے لئے انکو عوام کے سامنے نہیں لارہے، بعد میں کچھ مجاہدین جو ائرپورٹ تک نہیں پہنچ سکے، انہوں ائرپورٹ کے قریب ایک گاؤں میں جاکر پولیس سے مقابلہ کیا یہ مقابلہ دن دو بجے تک جاری رہا، حکومتی بیانات کے مطابق انکا صرف ایک سپاہی اس لڑائی میں مارا گیا، اس پورے علاقے میں حکومت نے کرفیو نافذ کیا تھا، اس وجہ سے نقصانات کا صحیح اندازہ نہیں ہوسکا، لیکن یہ بات یقینی ہے کہ نو، دس گھنٹے کی اس لڑائی میں کافی سارے سرکاری ملازم کام آئے تھے۔

تحریک طالبان پاکستان کے امیر خود اس کاروائی کی کمانڈ کررہے تھے، کاروائی کے بعد شہید مجاہدین کے کمر پر کچھ نشانات (tatto) کندہ ہوئے تھے. ان نشانات کو سرکاری زہریلی میڈیا نے اتنا اچھالا کہ اس سے ان مجاہدین کے کفر اور شرک پر استدلال کرنے لگے، حالانکہ یہ نشانات انہوں نے جہاد میں شرکت سے پہلے اپنے جسم پر کندہ کئے تھے اور پھر جب عملی جہاد میں حصہ لیا تو انہیں مٹانا ایک مشکل مرحلہ تھا، اس وجہ سے علماء کرام کے مشورے سے توبہ واستغفار کے بعد اسے باقی رکھا گیا، مجاہدین کی جہادی زندگی سے قبل خطائیں، جس سے اب وہ توبہ واستغفار کرچکے ہیں، میں جھانکنے والی میڈیا اور پروپیگنڈہ کرنے والے حکمران اپنے حال پر کیوں غور نہیں کرتے کہ وہ کس دیدہ دلیری سے اسلام اور شعائر اسلام کا مذاق اُڑاتے ہیں، اور شریعت اسلامیہ کے خلاف کمربستہ ہوچکے ہیں ہم تو بس اتنا ہی کہہ سکتے ہیں کہ ''شرم تم کو مگر نہیں آتی''

فرانس بھاگ گیا۔۔۔۔۔۔

سرزمین خراسان پر مجاہدین اسلام کوشکست دینے کے لئے آئے ہوئے فرانسیسی فوجی شکست کھا کر واپس اپنے ملک چلے گئے، افغانستان میں ہزیمت اور رسوائی کے درجنوں یادگاریں چھوڑ کر یہ فوجی زبانِ حال سے اپنی شکست کا اعتراف کر بیٹھے، اور پوری دنیا کے سامنے بیانگ دھل کہہ گئے کہ مجاہدین کے خلاف لڑنا بے سود ہے۔

فرانس نے دسمبر کے مہینے میں اپنے باقی ماندہ فوجوں کو بھی اپنے ملک واپس بلالیا، سوال یہ ہے کہ کیا افغانستان میں اب طالبان نہیں رہے؟ کیا نام نہاد دہشت گردی کا خاتمہ ہوگیا، حقیقت یہ ہے کہ نہ تو طالبان کا خاتمہ ہوا، نہ القاعدہ کی کمر توڑ دی گئی اور نہ اسلام کے نام لیواؤں میں کمی آئی، بلکہ مجاہدین پہلے کی نسبت اور زیادہ مضبوط اور قوی ہو چکے ہیں، برطانیہ بھی آئندہ سال اپریل میں اپنے چار ہزار فوجیوں کو واپس کر رہا ہے، جبکہ بقیہ ممالک بھی ۲۰۱۴ تک اپنی فوجیں واپس بلائینگے، ملا محمد عمر مجاہد حفظہ اللہ نے اسامہ بن لادن رحمہ اللہ کے حوالگی کے معاملے میں جس غیرت ایمانی کا ثبوت دیا تھا وہ آج اپنے ثمرات دکھا رہی ہے۔

ناراضگی کم ہوگئی۔۔۔۔۔

کچھ لوگ ایسے ہوتے ہیں جو بہت جلدی ناراض ہوجاتے ہیں اور آسانی سے منائے بھی نہیں جاسکتے، امریکہ نے ۲۶ پاکستانی فوجیوں کو مار کر قتل کیا جس پر ہماری حکومت نے عوامی دباؤ میں آکر نیٹو کے لئے رسد کا راستہ عارضی طور پر بند کیا (خفیہ طور پر کچھ بعض چیزیں لے جانے کی اجازت بھی تھی) اور کچھ عرصہ بعد اسے بغیر کسی شرط کے دوبارہ کھولا، اب یہ راستہ بند کرنا تو ہمارا حق بنتا تھا لیکن امریکی اس پر ہم سے ناراض ہوئے اور ہمیں ملنے والا سالانہ ڈیڑھ ارب ڈالر کا اتحادی فنڈ بند کیا، ہم نے تو یہ کام عوامی دباؤ کے تحت کیا تھا ورنہ امریکہ کیساتھ تو ہماری باپ دادا کی دشمنی نہیں تھی، (فوجی تو ہم اور بھرتی کرلینگے) قسم بخدا! ہم پوری حکومت، فوج اور پارلیمنٹ اس پر دل سے راضی نہیں تھے، لیکن مجبوری کی بناء پر ایسا کیا تھا۔

لیکن الحمد للہ اب ناراضگی کسی حد تک کم ہوئی ہے اور امریکہ نے ہمیں ۶۸ کروڑ اور ۸۰ لاکھ ڈالر کا فنڈ جاری کیا، اور یہ فنڈ فوجی امور میں خرچ کیا جائے گا، سویلین اداروں میں اسے قطعاً خرچ نہیں کیا جاسکتا، فوجی امور سے مطلب یہ ہے کہ جہاں مجاہدین ہونگے اور اسلام کی خدمت کرنے والے ہونگے تو ان کے خلاف لڑنے والے فوجیوں کو گولہ بارود، تنخواہیں اور دیگر ضروریات پوری کی جائیں گی۔ اب بھی لوگ کہیں گے کہ ''یہ کس کی فوج ہے'' اور ''یہ کس کی جنگ ہے''

بشیر بلور۔۔۔بھی۔۔۔۔پہنچ گئے

سینئر صوبائی وزیر بشیر بلور ایک فدائی بمبار مجاہد کا شکار ہو گئے، موصوف پر اس سے پہلے بھی فدائی حملے ہوئے تھے لیکن اللہ تعالیٰ نے اسے ابھی تک زندہ رکھنا تھا (و یذرھم فی طغیانھم یعمھون) اس مہلت کو یہ لوگ اپنی فتح اور اپنے حق ہونے کے لئے ایک ثبوت سمجھنے لگے، حالانکہ یہ خدا تعالیٰ کی طرف سے ایک ڈھیل تھی جس کا اس نے کوئی فائدہ نہیں اُٹھایا۔ یہ کاروائی شیخ الحدیث حضرت مولانا نصیب خان رحمہ اللہ کی شہادت کا انتقام تھا، واضح رہے کہ حضرت شیخ صاحب کو پاکستانی خفیہ ایجنسیوں نے چند ماہ پہلے اغوا کر کے شہید کیا تھا۔ الحمد للہ آپ کے مخلص اور جان نثار شاگردوں نے حق تلمذ اچھے طریقے سے ادا کیا۔

افسوس اس وقت ہوتا ہے جب یہ لوگ اپنے لادین اور کفریہ کاموں کو اسلام کی خدمت اور اس فسق وفجور کو ''جہاد'' قرار دیتے ہیں، اگر ہم یہ کہہ لیں کہ شاید انکو حقائق کا پتہ نہ ہو اور اس وجہ سے اسے جہاد کہتے ہیں، لیکن ایسا نہیں ہے کیونکہ ان کو پتہ ہے کہ وہ امریکی اتحادی ہیں، فحاشی وعریانی کو فروغ دے رہے ہیں، اسلام اور قرآن کا مذاق اُڑا رہے ہیں، اسلام کے واضح اور صریح احکام کا انکار کرتے ہیں، اس کے باوجود ان کا اپنے سیاہ کاریوں کو جہاد کہنا انکی جہالت نہیں بلکہ انکی زندیقیت اور صرف لوگوں کو گمراہ کرنے کے لئے ہے۔

ترقی پذیر۔۔۔۔۔

پاکستان کا شمار دنیا کی ترقی پذیر ممالک میں ہوتا ہے یعنی وہ ممالک جو اب ترقی کر رہے ہوں اور ترقی یافتہ ممالک کی حالت میں پہنچنا چاہتے ہوں، ہمارے ہاں ہمیں اور ترقی تو نظر نہیں آرہی البتہ ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل نے اپنی رپورٹ میں ہماری ترقی کا ذکر کیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پاکستان پہلے کرپشن میں ۴۳ ویں نمبر پر تھا؛ جبکہ اب وہ ترقی کر کے ۳۷ ویں نمبر پر آگیا ہے، یعنی دنیا کے ڈھائی سو ممالک میں صرف ۳۷ ممالک کرپشن میں ہمارے ملک کے سیاست دانوں اور افسران سے آگے ہیں، باقی کو ہمارے ملک کے قابض اقتدار ٹولے نے پیچھے چھوڑا ہے، اگر اس رپورٹ کا ایک مرتبہ پھر باریک بینی سے جائزہ لیا جائے تو شاید ہماری باری اور بھی آگے بڑھ جائے، لیکن پھر بھی ہم نے ۲۰۰ سے زائد ممالک کو تو پیچھے چھوڑ دیا ہے نا!!!

اس رپورٹ پر پاکستانی حکومت کی جانب سے سخت مذمتی بیانات سامنے آئیں اور کہا کہ یہ ہمارے ملک کو بدنام کرنے کی کوشش ہے، حالانکہ ہم اتنے کرپٹ نہیں تھے

(بقیہ صفحہ:43 پر)

قضیہ مشرقی ترکستان

عبداللہ منصور

ترکستان کا لفظ دوکلموں سے مرکب ہے پہلا ''ترک'' اور دوسرا ''ستان'' ہے جس کے معنیٰ ہے زمین یعنی ترک قوم کی سرزمین ۔ ترکستان دوحصوں پر مشتمل ہے ایک مشرقی ترکستان کہلاتا تھا اور دوسرا مغربی ترکستان ۔

مشرقی ترکستان وہ علاقہ ہے جو چینی استعمار کے زیر تسلط ہے، اور چین والوں نے اس کا نام سنکیانگ رکھا ہے جس کا معنیٰ ہے نئی آبادی، مشرقی ترکستان وسط ایشیا میں واقع ہے اور اسکا حدود اربعہ کچھ یوں ہے کہ اس کے شمال میں روس واقع ہے اور اس کے جنوب میں افغانستان اور کشمیر اور تبت واقع ہیں ؛ جبکہ اس کے مشرق میں چین اور مغرب میں تاجکستان ،قرغیزستان ،قازاقستان اور اس کے شمال مشرق میں منگولیا واقع ہے ۔

مشرقی ترکستان کا رقبہ 1828417 مربع کلومیٹر ہے، جو کہ چین کے کل رقبے کا خمس یعنی پانچواں حصہ ہے، مشرقی ترکستان کی آبادی 25 ملین (ڈھائی کروڑ) ہے ۔ترکستانی مسلمانوں کی اکثریت اویغوری زبان بولتے ہیں۔

چین اور ترکستان

منگول خاندان 1026 ھج یعنی 1616ء میں برسر اقتدار آئی ،اور انکی حکومت کے آغاز سے ہی مسلمانوں پر مظالم اور مشکلات کا دور شروع ہو گیا، اور مسلمان اپنے آپ کو بچانے کی فکر میں لگ گئے ،اس دوران ہزاروں مسلمان چینی عقوبت خانوں میں اجتماعی طریقے سے شہید کئے گئے اس حال میں کہ کوئی انکی چیخ و پکار سننے والا نہیں تھا ۔

1173ھ یعنی 1759ء میں چین نے مشرقی ترکستان پر مکمل قبضہ کر لیا اور مسلمان اس قدر کمزور ہو گئے کہ اب ان میں مقابلے کی سکت باقی نہ رہی ، اور ایک ملین کے قریب مسلمان شہید کر دئے گئے ،چینی حکومت نے ترکستانی مسلمانوں کی اکثریت کو اقلیت میں بدلنے کیلئے یہاں چینی نسل کے لوگوں کی ایک بڑی تعداد آباد کی ، اسکے بعد ترکستانی مسلمانوں نے چین کے خلاف مختلف موقعوں پر بغاوتیں کی ،جن میں سب سے مشہور انقلاب سعید جہانگیر خواجہ کا انقلاب ہے جو 1236ھ میں شروع ہوئی اور تقریباً آٹھ سال تک جاری رہی ،اسکے بعد ایک دوسرا انقلاب اُٹھا جو 1282ھ،1865ء میں شروع ہوئی ،جس کی قیادت یعقوب بک کر رہے تھے ، یہ تحریک پندرہ سال تک جاری رہی ،جس کے نتیجے میں مسلمانوں نے مشرقی ترکستان کو آزاد کیا ،لیکن یہ آزادی پایہ تکمیل تک نہیں پہنچ سکی جسکے کئی وجوہات تھیں ۔

۱) یعقوب بک کا تعلق خلافت عثمانیہ سے تھا (اور خلافت عثمانیہ اس دوران کمزور پڑھ گئی تھی ،ازمترجم)

۲) روسی حکومت کو یعقوب بک کا ایک خط ملا جس میں اسنے قوقاز کے اسلامی ریاست کی تائید کی تھی ۔

۳) انگریز (برطانوی) کو یعقوب بک کی تحریک کو اپنے مفتوحہ ممالک کے لئے خطرہ سمجھتے تھے کیونکہ اگر یہ تحریک کامیاب ہوتی تو پھر دیگر ممالک بھی اپنی آزادی کی خاطر تحریکیں چلائینگے ۔

1293ھ ،1876ء میں چین نے ایک مرتبہ پھر مشرقی ترکستان پر حملہ کیا اور 1878ء میں پورے مشرقی ترکستان کو اپنے قبضے میں لیا ۔ان حملوں میں چین نے ترکستانی مسلمانوں کی ایک بہت بڑی تعداد کا قتل عام کیا اور بہت سارے لوگ اس بات پر مجبور ہو گئے کہ وہ قریبی محفوظ علاقوں کی طرف ہجرت کریں ۔

1350ھ، 1931ء کو مشرقی ترکستان میں چینی جارحیت کے خلاف ایک عمومی تحریک اُٹھی ،اس تحریک کی وجوھات میں ایک اہم سبب یہ تھا کہ چینیوں نے ترکستانی مسلمانوں کی اکثر اراضی پر غاصبانہ قبضہ کیا ۔اور بہت کم رقبہ مسلمانوں کے لئے چھوڑا جس میں مسلمان زندگی گزار رہے تھے یہ قمول کے صوبے میں تھا ۔

کچھ عرصہ بعد قمول ہی کے صوبے میں ایک چینی پولیس آفیسر نے ایک مسلمان عورت پر تشدد کیا ،جس کے بعد مسلمان سڑکوں پر نکل آئیں اور جگہ جگہ مظاہرے شروع ہو گئے ،مسلمانوں نے اس افسر کو اپنے محافظوں سمیت قتل کیا جو کہ کل 32 محافظ تھے، یہ ایک انتہائی شدید اور غضبناک تحریک تھی ، جو مشرقی ترکستان میں جنگل کے آگ کی طرح پھیل گئی اور مسلمانوں نے مسلح ہو کر پہاڑوں میں جا کر پناہ لیا اور چین والوں سے لڑنے کے لئے تیاری کی ،چینی حکومت اس تحریک کو دبانے میں کسی طرح کامیاب نہ ہو سکی اور آخر کار انہوں نے روس سے مدد طلب کی لیکن اس سے بھی چینی حکومت کی برآوری نہیں ہو سکی، جبکہ مسلمانوں کے غیض وغضب میں مسلسل اضافہ ہو رہا تھا ۔مسلمان اس انقلاب میں کامیابیاں حاصل کرتے رہے اور کئی سارے اہم شہروں جیسے بجان اور ترفان پر مسلمان قابض ہو گئے ۔مشرقی ترکستان کے مرکز اورمچی تک مجاہدین قریب پہنچ گئے لیکن اس دوران روسی حکومت کی جانب سے مسلمانوں پر مسلسل دباؤ بڑھ رہا تھا کہ وہ تقسیم اختیارات کے فارمولے پر راضی ہو جائیں ۔اسی دباؤ کے تحت وہاں کے لوگ اس منصوبے پر راضی ہو گئے اور معاہدہ اس طرح ہوا کہ ترکستان کا گورنر تو چینی ہوگا لیکن اس کا نائب ترکستانی ہوگا ۔

مجاہدین کا اس تقسیم پر راضی ہونے کا سبب یہ بنا کہ مجاہدین نے جہاد کی برکت سے ''ختن اور کاشغر'' کے شہروں پر محمد امین بوغرا اور ثابت داملا کی قیادت میں قبضہ کر لیا، اور ان دونوں حضرات کا ہدف یہ تھا کہ وہ شریعتِ اسلامیہ کو نافذ کرینگے اور انہوں نے وہاں پر اسلامی جمہوریہ مشرقی ترکستان کے قیام کا اعلان کیا۔

درپردہ روس اور چین نے یہ فیصلہ کیا کہ وہ اس نوخیز اسلامی سلطنت کو کسی مسلمان کے ہاتھوں ختم کردے۔اس غرض سے انہوں نے خوجنیار کو چنا اور اسے یہ ذمہ داری سونپ دی گئی کہ اس اسلامی امارت کو گرائینگے اور اسے اس کے عوض میں مشرقی ترکستان کے امیر حرب کا نائب مقرر کیا جائے گا۔روسیوں اور چینیوں نے خوجنیار کے ہاتھوں اس اسلامی سلطنت کا تختہ الٹ دیا، یہ سلطنت صرف ۷ ماہ تک چل سکی۔

بعد میں خوجنیار نے ثابت داملا کو گرفتار کر کے اسے چین کے حوالہ کیا جبکہ محمد امین بوغرا کشمیر کے راستے افغانستان فرار ہو گئے ۔ کابل میں بیٹھ کر انہوں نے مشرقی افغانستان کی جدید تاریخ مرتب کی ،چین والوں نے ثابت داملا کو قتل کیا اور خوجنیار کو پھانسی پر لٹکا یا ۔

اسی کے ساتھ ہی اس اسلامی سلطنت کا خاتمہ ہوا اور حکومت میں شامل تمام افراد کو پھانسی کیا گیا اور انکے ساتھ ہزاروں مسلمانوں کو بھی موت کے گھاٹ اُتار دیا گیا ،روس کو اس سازش کے بدلے میں درجِ ذیل مفادات حاصل ہوگئے ۔

۱)روسی فوج ایک مستقل قوت کی حیثیت سے قمول اور اورمجی شہروں میں قیام کریگی ۔

۲)ترکستان کے بعض شہروں میں روس اپنے قونصل خانے کھولے گی ۔

۳)روس کو ترکستان کے معدنیات کی نگرانی کا حق حاصل ہوگا اور بعض اداروں میں روسی افراد کو مناصب دئے جائینگے۔

اس معاہدے کی رو سے مشرقی ترکستان کا جو نیا حاکم آیا اس نے روسی تعاون کی حصول کے لئے بہت کوشش کی ، کیونکہ وہ ایک کمیونسٹ ذہنیت کا آدمی تھا اور ماسکو میں اشترکیت کی تعلیم حاصل تھی ،وہ روسی تعاون حاصل کرنے میں کامیاب ہوگیا اور روس سے اپنے عسکری اور انتظامی ماہرین کو بلایا ،اسی طریقے سے اس نے اپنے تمام اداروں کو منظّم کیا اور جب تمام ادارے فعال ہوگئے تو اس کے تیور بدلے اور اپنے آپ کو روس سے دور رکھنے کی کوشش کرنے لگا تاکہ روس کو مشرقی ترکستان پر قبضے کا لالچ پیدا نہ ہوجائے ۔

دوسری جنگ عظیم میں جب جرمنی نے روس پر حملہ کیا تو چینی حاکم (گورنر) نے روسی افواج کو نکالنے کے لئے اس موقع کو استعمال کیا اور روسیوں کو یہ عذر پیش کیا کہ جرمنی کی طرف سے اس پر دباؤ ہے لہٰذا اس نے تمام روسی افواج کو ترکستان سے نکال باہر کیا اور ان تمام قونصل خانوں کو بند کیا جو پہلے کھول لئے گئے تھے۔

دوسری جنگ عظیم جب جرمنی کی شکست پر اختتام پذیر ہوئی تو روس نے ترکستانی حاکم سے انتقام لینے کا سوچا،اس غرض کے لئے انہوں نے عسکری ماہرین کو ترکستان بھیج دیا تاکہ وہ ترکستانی مسلمانوں کی عسکری تربیت کرکے انہیں چین کے خلاف کھڑا کرلے۔ترکستانی مسلمانوں نے روس کے تعاون سے چین کے خلاف شدید مقابلہ شروع کیا ،اور یہ لڑائی ترکستان کی تمام اراضی میں پھیل گیا ۔

اس تحریک کے بعد 1346ھ 1944-ء میں ایک دینی عالم جناب علی خان طورۃ کی قیادت میں ایک اور تحریک چلی ،جنھوں نے بعد میں مشرقی ترکستان کی آزادی کا اعلان کیا،لیکن روس نے چینی اہلکاروں کے تعاون سے اسے پکڑا اور آزادی کی یہ تحریک بھی ختم ہوگئی ۔

علی خان طورۃ کے بعد آنے والوں میں سے ایک نام احمد جان قاسم کا ہے ،احمد جان قاسم ظاہراً تو مسلمان تھا لیکن وہ دراصل کمیونسٹ تھا جس نے ماسکو میں کمیونزم کی تعلیم حاصل کی تھی ،روس نے اسے مجاہدین کے صفوں میں داخل کیا اور وہ (روسی) اس تحریک کو دبانے میں کامیاب ہوگئے ،احمد جان قاسم نے ہی مولانا علی خان طورۃ کے پکڑنے میں روسیوں کا ہاتھ بٹایا اور اسے روس کے حوالہ کیا۔

روسی تو صرف یہ چاہتے تھے کہ وہ چین سے اپنا انتقام لے لیں جبکہ علی خان طورۃ کا مقصد ان سے بالکل مختلف تھا وہ چاہتا تھا کہ ایک مستقل اسلامی حکومت کی داغ بیل ڈالدے ۔احمد جان قاسم کے علاوہ جو دیگر رہ جانے والے افراد تھے انہوں نے چین کیساتھ صلح کیا اور عوض میں انہیں مقامی حکومت میں کچھ حقوق حاصل ہوئیں اور جو رہنما جیلوں میں بند تھے انہیں رہا کیا گیا ۔

1949ء میں اشترا کی کمیونسٹوں نے مشرقی ترکستان پر اپنا مکمل قبضہ کیا ،اس قبضہ کو پائیدار بنانے کے لئے چین نے 3.5 ملین مسلمانوں کو مختلف گھناؤنے طریقوں سے قتل کیا۔لیکن ان تمام مظالم اور مشقتوں کے باوجود مسلمانوں کی طرف سے اشترا کیت کے خلاف مختلف اوقات میں انقلابات اور مظاہروں کا سلسلہ جاری رہا ،ان میں سے چند کا یہاں ذکر کیا جاتا ہے ۔

31دسمبر 1955ء کو ختن نامی علاقے میں حکومت کے خلاف بغاوت شروع ہوئی ،جس کا نصب العین مشرقی ترکستان کو آزاد کرانا تھا ،اور اس تحریک کی قیادت عبدالحمید داملا اور فتح الدین مخدوم کررہے تھے،اس تحریک میں ہزاروں مجاہدین نے اپنی زندگیوں کی قربانیاں پیش کی ۔ 5اپریل 1990ء کو قزلسو کی ریاست کے علاقے بارین میں ضیاء الدین یوسف رحمہ اللہ کی قیادت میں مجاہدین نے شریعت اسلامیہ کی تنفیذ کا مطالبہ لیکر ایک تحریک شروع کی ،اس تحریک کے ہزاروں مجاہدین نے مختلف کاروائیوں میں جام شہادت نوش کیا ،ضیاء الدین یوسفؒ اس وقت کے حزب اسلامی مشرقی ترکستان کے امیر تھے جس کا نام بعد میں حزب اسلامی ترکستانی میں تبدیل ہوا ۔ترکستان کے مسلمان آج تک اپنی اسلامی شناخت کو باقی رکھنے اور چین سے آزادی کے حصول کے لئے کوشاں ہے ۔(اللہ تعالی انکی کوششیں کامیاب فرمائے)

راہِ نجات اور راہِ عمل

ابو دجانہ خراسانی شہید (انشاءاللہ)

ارشاد باری تعالیٰ ہے ’’إِنَّ الدِّينَ عِندَ اللّهِ الإِسْلاَمُ وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِينَ أُوْتُواْ الْكِتَابَ إِلاَّ مِن بَعْدِ مَا جَاءهُمُ الْعِلْمُ بَغْياً بَيْنَهُمْ وَمَن يَكْفُرْ بِآيَاتِ اللّهِ فَإِنَّ اللّهِ سَرِيعُ الْحِسَابِ‘‘ ترجمہ : دین تو اللہ کے نزدیک اسلام (ہی) ہے اور اہلِ کتاب نے جو (اس دین سے) اختلاف کیا تو علم حاصل ہونے کے بعد آپس کی ضد سے کیا، اور جو شخص اللہ کی آیتوں کو نہ مانے تو اللہ تعالیٰ جلد حساب لینے والا (اور سزا دینے والا) ہے الحمدللہ ہم سب مسلمان ہیں ایک اللہ، ایک رسول اللہ ﷺ اور ایک قرآن کو ماننے والے ہیں، اس ملک کی آبادی ۱۸ کروڑ سے زائد، جسکے بسنے والے ۹۷ فیصد مسلمان ہیں، پھر بھی ذلت و پستی ہمارا مقدر کیوں؟ کیا تم ایسی زندگی جینے آئے ہوں اس دنیا میں؟ یقیناً نہیں سب سے پہلے تو یہ انسانیت کے ہی خلاف ہے، اور اس سے بڑھ کر یہ مسلمان کی شان کے خلاف ہے۔ یہ اندازِ مسلمانی نہیں، مسلمانیت کی زندگی ایک عزت کی زندگی ہوتی ہے، افسوس اس پر نہیں کہ کوئی پستی میں جی رہا ہو، افسوس اس بات کا ہونا چاہئے کہ سب جان کر بھی انجان بن کر ذلت کی زندگی صرف چند سانسیں لینے کے لئے ؟ جس کے بارے میں معلوم ہے کہ وہ ایک دن ختم ہونے والی ہے؟ اگر آپ بھی اپنے آپ کو اور اپنی قوم کو اس بھنور سے نکالنا چاہتے ہیں اور فیصلہ کر چکے ہیں کہ میں جیوں گا تو مسلمان بن کر اور مروں گا تو مسلمان بن کر۔

آیئے اپنے نبی ﷺ کی سنت دیکھتے ہیں، نبی ﷺ نے ۱۳ سال مکہ میں صبر کے ساتھ وقت گذارا، ماریں کھائیں، گالیاں سنیں، پریشانیاں سہیں، لیکن خاموشی سے یہ سب کچھ اس لئے برداشت کیا کیونکہ اللہ کا حکم آنا باقی تھا، پھر وہ وقت آیا جب صحابہ کرامؓ کو حکم ملا کہ ہجرت کرو کیونکہ اب وہ وقت آ پہنچا تھا کہ اہل ایمان سے قربانی لیکر انکو مزید پختہ کیا جائے تا کہ آنے والوں کو پتہ چل جائے کہ صرف زبان سے لا الہ الا اللہ کہ دینا ہی مسلمانیت کی دلیل نہیں، جب ایمان بچانا مشکل ہو جائے تو حکم رب العزت یہی ہے کہ ہجرت کرو، اور ہجرت کے مقاصد یہ ہیں۔

۱: اپنے لوگوں کی آزمائش

۲: اپنی انفرادی قوت کو بچا کر ایک محفوظ مقام پر جمع کرنا

۳: اپنے لوگوں کے لئے بیس کیمپ بنانا

۴: اس بیس کیمپ میں اپنے لوگوں کی دینی، روحانی اور عسکری تربیت کرنا۔

اللہ نے اس کے بعد مسلمانوں کو وہ نعمت عطا کی جس کا انہیں کافی عرصے سے انتظار تھا یعنی قتال فی سبیل اللہ جو مومن اور منافق میں فرق کرنے کا خدائی ترازو ہے، کتاب الجہاد میں ایک واقعہ درج ہے، حضرت عبسہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے کئی سوال کئے جس میں ایک سوال یہ ہے کہ جہاد کیا ہے؟ رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ جہاد یہ ہے کہ جب (میدان جنگ میں) تیرا کافر سے آمنا سامنا ہو تو اس سے قتال کریں (کتاب الجہاد صفحہ ۲۷، ۲۸)

یہ اس لئے سنانا مناسب سمجھا کہ کچھ لوگوں نے اس فریضہ سے بہت ناانصافی کی ہے۔ کتنی ستم ظریفی ہے کہ ہمیں سکول کالج، یونیورسٹی الغرض ہر جگہ جہاد کا یہی مفہوم پڑھایا جاتا ہے کہ اس کا مطلب کوشش اور سعی کے ہے۔ جہاد کا مفہوم کوشش اور سعی ضرور ہے مگر یہ لغوی معنیٰ ہیں اصطلاحاً وہی معنیٰ ہیں جو حدیث میں بیان کیا گیا۔

دکھ اس بات کا ہے کہ ہمارے مسلمان بھولے ہوئے ہیں کہ اللہ نے سورۃ توبہ میں یہ تک فرمادیا تھا کہ یہ جو بغیر عذر گھروں میں بیٹھے رہے اور جنگ میں شریک نہ ہوئے، انکی نماز جنازہ کوئی نہ پڑھے، اس قدر شدید اور سخت الفاظ سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ اس فریضہ کو چھوڑنے کا کس قدر سخت گناہ اور پکڑ ہے۔

اگر ہم چاہتے ہیں کہ اس ملک میں تبدیلی آجائے تو اس چھوٹے سے فارمولے کی پیروی کرتے ہوئے اٹھو! اس بے شرمی اور ذلت کی زندگی کو لات مارو، اللہ کے لئے ہجرت کے لئے تیار ہو جاؤ، چلو اس میدان کی طرف کہ جسکی زمین شہداء کے خون سے زرخیز ہے، جسکی مٹی جہاد اور مجاہدین کی فصل اُگاتی ہے، جس کی ہوائیں جنت کی خوشبو سے بھری ہوئی ہیں، جسکے دریچے حورعین کے محلوں کی طرف کھلتے ہیں، جس کے آسمانوں نے ایسے مردِ آہن دیکھے کہ جن کی ہیبت سے سنگلاخ پہاڑ رائی بن گئے، جس کے میدانوں نے ہمتوں کے ایسے طوفان دیکھے جنھوں نے باطل کے دریاؤں کے رخ موڑ دیے، مسلمان نوجوانوں کے ہاتھ تو بنے ہی کفار کی شوکت توڑنے کے لئے ہیں، یہ ہاتھ رات کو ایس ایم ایس کرنے، یا خواتین کے کالجوں کے آگے موٹر سائیکلوں پر سرکس کرنے نہیں بنے، یہ ہاتھ کلاشنکوف، زکو یک، آر۔ پی۔ جی ۷ اور تلوار سے کافر کا سر قلم کرنے کے لئے بنے ہیں۔ کافر کو تمہاری نماز، روزے اور حج و عمرے سے کوئی خوف نہیں اس کو صرف تمہارے اندر جذبہء جہاد سے ڈر لگتا ہے، یہی وجہ ہے کہ وہ تمہیں روشن خیالی کے نام پر فحاشی اور جدیدیت کی تعلیم کے نام پر دین سے بغاوت دینا چاہتے ہے تا کہ تم سے دین کی اصل روح ہی چھین لے، خود سوچھو! اسرائیل میں میٹرک کی سند اس وقت تک نہیں ملتی جب تک وہ لڑکا یا لڑکی فوجی و عسکری تربیت نہ لے، امریکہ میں آپ ہر اسلحہ چلانا سیکھ بھی سکتے ہیں اور رکھ بھی سکتے ہیں، وہاں مختلف شکلوں میں تربیت دی جاتی ہے، جبکہ ہمارے سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں ناچ گانا ضروری بنایا جارہا ہے، کیا سب بچوں نے اپنی عملی زندگی میں ڈانسر بننا ہے؟ کیا یہ اسلام

میں جائز ہے؟ کیا ڈانس سیکھنے کے لئے ہی آپ نے اپنے بچوں کو وہاں بھیجا تھا ؟امریکہ اور یورپ میں کلاشنکوف آسانی سے خریدی اور رکھی جاسکتی ہے، آپ انٹرنیٹ پر سرچ کرلے بہت سی سائٹس ایسی ہیں جو پستول سے لیکر کلاشنکوف، بلٹ پروف جیکٹ وغیرہ ہر چیز آپ کو فراہم کرتی ہے، کیا مسلمان کے بچے کے لئے صرف کنجروں والے کام ہی سیکھنے کے لئے رہ گئے ہیں؟ کیا وہ بہت اعلٰی عرفہ ہیں کہ انکا اپنے بچوں اور جوانوں کو تربیت دینا سلف ڈیفنس ہے اور مسلمان کا بچہ ورزش بھی کرے تو عسکریت پسندی، انتہا پسندی ہے، وہ مسلمان کا خون بہائے تو دنیا کے لئے امن مشن اور مسلمان کا اپنے حقوق اور دفاع کے لئے ان کے خلاف کھڑے ہونا خون بہانا، دہشت گردی اور انتہا پسندی ہے؟

ہمارے پاس اس سسٹم کو تبدیل کئے بغیر کوئی چارہ نہیں، اگر اس سسٹم کو نظامِ شریعت سے بدل دیا جائے تو تمہیں سڑک پر جو یہ لینڈ کروزر میں پھرنے والے نظر آتے ہیں، یہ اپنی اصل مقام کی طرف چلے جائینگے، پھر یہ آپ کی دولت پر مزے نہیں اُڑائینگے، پھر انکی بدمعاشیاں نہیں چلے گی، اس موجودہ نظام میں تو نقصان سراسر عوام کو ہورہا ہے، انکا کچھ نہیں بگڑ رہا، ڈرون حملے تم ہورہے ہیں، ریمنڈ ڈیوس تمہیں مار کر انکی حفاظت کے حصار میں اپنے ملک پہنچا دیا جاتا ہے، ڈرون تمہیں مار کر انکے دیے ہوئے ٹھکانوں پر واپس آجاتا ہے، پولیس تمہیں ہی تھانوں کے چکر لگواتی ہیں، لاپتہ تمہارا بھائی، بہن، بیٹی ہوتی ہے، لیکن عدالتیں انہی کو تحفظ فراہم کرتی ہے۔

اس سارے سسٹم سے اگر تم باغی ہو، تنگ ہو تو آجاؤ اپنے اللہ کے بتائے ہوئے راستے پر، اپنے نبی کے آزمائے ہوئے رستے پر، نبی کا رستہ تو یہی ہے کہ انہوں نے حکمتِ عملی بنائی، ہجرت کی، بیس کیمپ بنایا، تیاری کی، تکلیف اور مصیبت کو صبر سے برداشت کیا اور ظلمت کو تلوار سے ختم کرکے دنیا کا نقشہ بدل دیا۔

جان لو کہ انگریز کے عطا کیے ہوئے اس بے ہودہ نظام سے چھٹکارا حاصل کرنے کا واحد راستہ صرف اور صرف جہاد ہے، کیونکہ جب تک یہ طاغوتی نظام ہے تمہیں نہ عزت ملے گی، نہ روزگار۔ جو تمہیں انصاف کے نام پر انقلاب کی راگ سناتے تھے ان کی اصلیت تم نے دیکھ لی ہے، وہی پرانے چہرے جو کل تک پرویزی ٹولے کے ساتھ مل کر ڈرون حملے، وانا، وزیرستان، لال مسجد و جامعہ حفصہ پر قتل وغارت اور مسلمان نوجوانوں کو امریکہ کے ہاتھوں فروخت کرتے رہے، اور آج پارسا ہونے کے دعوے کرتے پھرتے ہیں، اگر صحابہ کرام تھوڑی تعداد میں ہوکر بھی کئی لاکھ مربع میل علاقے پر خلافت قائم کرسکتے ہیں تو ہماری تعداد تو کروڑوں میں ہے، کمر باندھ لو اور اس گرتی، ڈوبتی ناپاک امریکی ریاست کو ڈبودو، اس کے ڈوبتے ہی اس کے شیطانی بچے یتیم ہوجائینگے، للکارو ان غلیظ وخبیث کافروں اور انکے ایجنٹوں کو جو ۴۴ ممالک کی شکل میں مل کر اہل ایمان کو غلام بنانے کی ناکام کوشش کرنے آئے ہیں۔

افغانستان میں آپ نے دیکھ لیا کہ حملہ آور ممالک کی معیشت کا بیڑہ غرق ہوچکا ہے انکا تکبر خاک آلود ہوچکا ہے، بات صرف قوت ارادی کی ہے، آپ کے سامنے لال مسجد و جامعہ حفصہ کی پاکباز بہنوں، بھائیوں اور امام مولانا عبدالرشید غازی شہید رحمہ اللہ کی ہے، وہ کمزور تھے، جانتے تھے، کہ وقت کے فرعون کے سامنے انکی مادی قوت کچھ نہیں ہے۔ وہ بہنیں جانتی تھیں کہ وہ فطری طور پر کمزور ہیں، لیکن انہیں اس بات کا بھی علم تھا کہ ظلم برداشت کرنا سب سے بڑا ظلم ہے اور اگر انہوں نے بھی باقیوں کی طرح خاموشی اختیار کی تو اللہ کے دربار میں کل ان کے پاس کوئی عذر نہ ہوگا کہ امت مسلمہ کو کاٹا جارہا تھا، انکا خون بیچا جارہا تھا اور کعبہ کی بیٹیاں اللہ کے گھر گرائے جارہے تھے، اور وہ دین جانے ہوئے محض اپنی جان و مال بچانے کے لئے دوسروں کی طرح اپنی بے غیرتی اور بے شرمی کو مصلحت کا نام دے دیں۔

ان سب حقائق کو جانتے بوجھتے ہوئے بھی کہ وہ کمزور ہیں لیکن پھر بھی ان کے قدم ڈگمگائے نہیں اور وقت کے سب سے بڑے فرعون سے ٹکرا گئیں اور اس کی فرعونیت کو پاش پاش کرگئیں۔ اور اس وقت وکٹری کا نشان دکھانے والوں کو آج سمجھ آرہی ہے کہ اصل فتح اللہ کے شیروں یعنی لال مسجد والوں کے ساتھ رہی۔ انہوں نے سوچا یہ لوگ ختم ہوگئے لیکن اللہ نے انکا پیغام دنیا کے کونے کونے تک پہنچایا یہ کسی فرد کی کرامت نہیں، اللہ کے دین کی سربلندی کے لئے نکلنے اور اسی دین کے لئے قربانی دینے کی وجہ سے اللہ نے اپنی قدرت سے دنیا والوں کے سامنے انہیں چمکایا۔

عزیزانِ گرامی! یہ ملک تو اس مقصد کے لئے بنا تھا کہ دنیا کے ہر کونے سے آنے والا مسلمان یہاں آزادی سے زندگی گذارے گا، یہاں بغیر تفریق زبان و وطن کے سب مسلمان ہونے کی حیثیت سے مساوی حقوق کے مالک ہونگے، لیکن ایسا نہ ہوا بلکہ یہاں ہمیں یہ دعوت دی جارہی ہے کہ اس ملک میں رہنے والے عیسائی ہندو، قادیانی اور سکھ تو تمہارے بھائی لیکن عرب سے آنے والے مجاہدین اگر یہاں آئینگے تو یہ ہمارے ملک کی سرحدوں کی خلاف ورزی ہوگی۔

ہمارے ملک میں کفار کو ایک دوسرا کمال اتاترک جنرل مشرف کی صورت میں ملا، جس نے اس ملک میں فحاشی وعریانی کو ایک نئی شکل دی اور یہاں اسلام سے بیزار ایک نئے دین پرویزی کی بنیاد ڈالی، اسی مذہب کے پیروکار ایک آج ہمیں میڈیا کالجوں اور یونیورسٹیوں میں یہ کہتے نظر آتے ہیں کہ ہم طالبان کا اسلام نہیں چاہتے ہم کوڑوں اور دروں والا اسلام نہیں چاہتے، طالبان کا اسلام نامنظور، لیکن حقیقت یہ ہے کہ انہیں سرے سے اسلام ہی منظور نہیں، یہ ٹولہ یہودیوں کی محنت کا نتیجہ ہے، پرویزی دور میں انکو یونیورسٹیوں، کالجوں، سکولوں، بیوکریسی، پولیس اور سیکورٹی اداروں میں

خصوصی پوسٹیں دی گئیں؛ تاکہ یہ ہر اس جگہ اور ادارے کو برباد کردیں اور ان اداروں میں موجود اسلام پسندوں کو نکال باہر کریں ۔

یہ لوگ کبھی فوزیہ وہاب کی شکل میں نظر آتے ہیں جو پاکستانی آئین کو قرآنِ کریم پر ترجیح دیتی ہے اور کبھی فرزانہ راجہ کی صورت میں جو ایک ہی وقت میں دو مردوں کیساتھ رشتہ نکاح یعنی رشتہ زنا میں منسلک ہے، انکو صرف ان عورتوں اور لڑکیوں کے حقوق نظر آتے ہیں جو گھر سے بھاگ کر چلی جائیں۔

میرے مسلمان بھائیوں وہ لوگ جو پرویز کے ساتھ ملکر مجاہدین کو فروخت کرتے رہے آج تمہیں انقلاب کی باتیں سناتے ہیں، ذرا دور خاطر میں دیکھیں تو سہی وہ کون لوگ ہیں جو آپ کی اور پاکستان کی تقدیر بدلنے کے دعویدار ہیں، مسلمانوں کا خون بیچنے والا پرویزی ٹولہ، ایمل کانسی اور رمزی یوسف کو بیچنے والا یہ شریفی ٹولہ وہ عمرانی ٹولہ جس کی فحاشی کے قصے یورپ والوں کو بھی شرمائے وہ آج اسلامی فلاحی ریاست بنانے کی باتیں کرتا ہے، اس ملک کے نظام کا فیصلہ تو اس وقت ہوا تھا جب پاکستان کے لئے پہلا مسلمان شہید ہو چکا تھا یعنی صرف اور صرف شریعتِ محمدی ﷺ!

میں آخر میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اسکے سوا باقی سب جھوٹ اور دھوکہ ہے ''شریعت یا شہادت'' دونوں میں سے ایک کا انتخاب کرلو، یا اس باطل نظام سے ٹکرا کر شریعت لے آؤ یا سیدنا امام حسینؓ کی طرح امام غازی کی پیروی کرتے ہوئے جام شہادت کا مزا چکھ لو، خدا کی قسم دونوں میں ہی کامیابی ہے دونوں میں ہی فلاحِ امت ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں حق پر عمل کرنے اور اس پر ڈٹ جانے کی توفیق دے۔ آمین

بقیہ چیدہ چیدہ:

بدقسمتی سے پاکستان میں نیب کے ادارے نے ایک اور ایٹم بم رپورٹ پیش کی کہ پاکستان میں روزانہ ۱۲ ارب روپے کی کرپشن ہوتی ہے، پہلے سنا تھا کہ صحبت صالح ترا صالح کند وصحبتِ طالح ترا طالح کند یعنی اچھے برے دونوں طرح کے ماحول کا اثر ہوتا ہے، اب ظاہر کہ قوم کا سب سے بڑا قوم میں سب سے بڑا ڈاکو ہو تو پھر چھوٹے تو اپنے بڑوں ہی کی نقل اُتاریںگے، یہی مضمون میاں شہباز شریف نے ان الفاظ میں کہی ''زرداری صاحب آپ نے بہت لوٹ مار کی ہی'' چونکہ صاحب البیت ادریٰ بما فیہ کے مصداق میاں شہباز شریف بھی اس نظام کا حصہ ہے لہٰذا انکے اس قول کا کسی نہ کسی حد تک اعتبار کا جاسکتا ہے ۔

ایمنسٹی انٹر نیشنل کی رپورٹ

پاکستانی خفیہ اداروں کے مظالم اور وحشی پن کی داستانیں کفار کے ایوانوں تک بھی پہنچ گئی، اسلام کے ازلی ابدی دشمن یہود و نصاریٰ بھی ان کے مظالم سن کر اور دیکھ کر ترس آیا کہ اسلام دشمنی تو ہم بھی کرتے ہیں لیکن اے پاکستان کے ستمگروں تم تو انسانیت کے بھی دشمن ہوں، انسانی حقوق کی عالمی تنظیم ایمنسٹی انٹرنیشنل نے اپنے حالیہ رپورٹ میں کہا ہے کہ پاکستانی افواج قبائلی علاقوں میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی مرتکب ہو رہی ہے، اس رپورٹ کے ساتھ مکمل اتفاق تو نہیں کیا جاسکتا لیکن اتنی بات ضرور ہے کہ اس سے پاکستانی حکمرانوں کے مظالم کا آٹے میں نمک کے برابر دنیا کے سامنے آ گیا، پاکستانی افواج کی جانب سے اس رپورٹ کی سختی سے مذمت کی گئی اور کہا کہ یہ ہمیں بدنام کرنے کی کوشش ہے، اس ایک رپورٹ سے یہ اتنے پریشان ہوئے اگر انکے تمام مظالم دنیا کے سامنے آجائے تو پتہ نہیں پھر انکی کیا حالت ہوگی، انکے تمام مظالم کے ویڈیوز موجود ہیں، اس کے عینی شاہدین موجود ہیں، وہ لوگ موجود ہیں جنہوں نے یہ مظالم سہے ہیں، انشاء اللہ اب یہ لوگ اپنا ظلم نہیں چھپا سکیں گے اور دنیا کے سامنے انکا حقیقی چہرہ آجائیگا ۔

اسلام دشمنی کے اثرات

پاکستان دس سال سے امریکہ کا اتحادی ہے اس عرصہ میں پاکستان نے کیا پایا کیا کھویا اس کی ایک تھوڑی سی جھلک اس رپورٹ سے ظاہر ہو رہی ہے جو حالیہ دنوں میں سامنے آئی ہے، اس رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پاکستان نے اس عرصہ میں ۸۰ ارب ڈالر کا نقصان اُٹھایا ہے، جبکہ امریکہ کی طرف سے ہر سال صرف ڈیڑھ ارب ڈالر ملتے تھے، یعنی دس سال میں تیرہ، چودہ ارب ڈالر زیادہ سے زیادہ نہیں ملے ہونگے کیونکہ پچھلے دو سال سے یہ کولیشن فنڈ بند ہو گیا ہے، یعنی صرف سات آٹھ سال تک یہ فنڈ ملا ہوگا، اگر سات سال ملا ہو تو مجموعہ ساڑھے دس ارب ڈالر بنتے ہیں اور اگر آٹھ سال ملا ہو تو پھر مجموعہ بارہ ارب ڈالر بنتا ہے، خلاصہ یہ کہ ہمیں جتنا ملا ہے اس کا آٹھ گنا ہم نے خرچ کیا ہے، آپ سوچتے ہونگے کہ یہ پاکستانی فوج، حکمران اور بیوروکریٹس اتنے بیوقوف ہیں کہ اسلام تو کیا ملک کا بھی خیال نہیں رکھا، تو جواب یہ ہے کہ انکے عقلوں پر اللہ نے پردہ ڈال دیا ہے جس کی وجہ سے انہیں اب اچھے برے کی تمیز نہیں ہو رہی۔ دوسری بات یہ ہے کہ اگر ملک میں نقصان ہوتا ہے تو اس پر حکمرانوں کے جیب سے کچھ خرچ تو نہیں ہوتا؛ جبکہ بیرون سے ملنے والے ڈالروں میں تو ضرور انکا حصہ ہوتا ہے، لہٰذا انکے حق میں تو دس ارب ڈالر بہتر ہوئے بنسبت اسّی (۸۰) ارب ڈالر نقصان سے بچنے کے۔

یہ ہے کفار کے اتحادی ہونے کے اثرات !!

جہادِ پاکستان اورشریعتِ اسلامیہ

مولانا صالح قسام

تحریک طالبان پاکستان عرصہ پانچ، چھ سال سے پاکستان میں نفاذ شریعتِ اسلامیہ کی خاطر مصروفِ عمل ہے، اس عرصہ میں پاکستانی حکومت اورافواج کی طرف سے مختلف قسم کے حیلے استعمال کئے گئے کہ کسی طرح تحریک کے روح کو متاثر کر کے اسے اپنے مشن سے دور کرلے، اس مقصد کے حصول کے لئے اتنی سختی کی گئی کہ تاریخ میں مشکل ہے کہ کسی تحریک کو کچلنے کے لئے اتنی قوت استعمال کی گئی ہو، جن لوگوں نے باقاعدہ حکومتِ پاکستان کے خلاف علمِ جہاد بلند کیا ہے وہ تو ہدفِ ایذاء ومشکلات ہیں ہی مگر جن لوگوں کا تحریک کیساتھ دور کا واسطہ ہے، وہ بھی حکومتی مظالم سے محفوظ نہیں ہیں، اور اب تو نوبت باایں جارسید کہ جولوگ تحریک کے خلاف اس شیطانی لشکر کا حصہ نہیں بنتے جسے حکومت نے امن لشکر اورامن کمیٹی کا نام دیا ہے وہ اپنے گھر بار چھوڑنے پر مجبور کئے جاتے ہیں۔ امریکہ کافر ہے اور اسلام دشمن ہے، دنیا میں کہیں بھی اسلامی خلافت اور اسلامی حکومت کو ماننے کے لئے تیار نہیں ہے، اگر افغانستان میں کسی نے اسلام اور خلافت کا جھنڈہ بلند کیا تو یہ اپنے لاؤلشکر سمیت اس کا خاتمہ کرنے حملہ آور ہوجاتا ہے، اگر سوڈان میں کہیں کسی کی زباں پر اسلام یا خلافت کا نام آجائے تو فوراً امریکی کروز میزئل اس طرف متوجہ ہوجاتے ہیں، اسی طرح مالی، یمن اور صومالیہ میں بھی اسلام پسندوں کے خلاف امریکہ بالواسطہ یا بلاواسطہ سرگرم ہے، خلاصہ یہ کہ امریکہ اسلام دشمنی اپنا فریضہ سمجھتا ہے اور ہر ممکن طریقے سے یہ فریضہ سرانجام دیتا ہے، لیکن آپ کو یہ جان کر حیرت ہوگی کہ امریکہ سے بڑھ کر اسلام اور اسلامی نظام کے بارے میں سخت رویہ پاکستان کا ہے مثلاً افغانستان میں طالبان امریکہ کے خلاف لڑرہے ہیں لیکن وہاں انہوں نے طالبان کے کسی فرد کا گھر مسمار نہیں کیا، جبکہ پاکستان نے اسلام چاہنے والوں میں سے کسی کا گھر بھی نہیں چھوڑا، امریکہ طالبان کو پکڑ کر انہیں جیل میں ڈال دیتا ہے، لیکن پس زنداں کسی کو شہید نہیں کرتا؛ جبکہ پاکستان میں روزانہ کسی مجاہد کی لاش سڑک کے کنارے پھینکی جاتی ہے، امریکی فوجی تعذیب کے وہ غیر اخلاقی اور غیر انسانی طریقے استعمال نہیں کرتے جو پاکستانی خفیہ ادارے اختیار کرتے ہیں، بہر حال پاکستان امریکہ سے کئی گنا بڑھ کر اسلام دشمن ہے۔

اس اسلام دشمنی کو دیکھ کر چند حضرات نے اس ظلم وبربریت کے خلاف آواز بلند کی، اور دنیا والوں کو یہ دعوت دی کہ آیئے اس اسلام دشمن کے خلاف اپنا فرض ادا کیجئے، اور پھر ہر طرف سے ظلم وستم کی چکی میں پسنے والوں نے اس صدا پر لبیک کہا اور دیکھتے دیکھتے اس دعوت نے ایک تحریک کی شکل اختیار کی اور باقاعدہ ایک منظّم تحریک وجود میں آئی۔ اس تحریک کو دبانے کی خاطر طرح طرح کی افواہیں، پروپیگنڈے پھیلائے گئے، اور یہ پروپیگنڈے اتنے زور وشور کیساتھ دنیا کے سامنے پیش کئے گئے کہ خاصے لکھے پڑھے لوگ بھی اس سے متاثر ہوئے، کچھ تو ایسے تھے جنہوں نے باقاعدہ اس کفر کا ساتھ دیا اور دانستہ یا نادانستہ طور پر اپنے علم کو کفر کی خدمت میں صرف کیا (الذین ضل سعیھم فی الحیاۃ الدنیا وھم یحسبون انھم یحسنون صنعا) اور چند لوگ ایسے تھے جو بالکل خاموش ہوگئے اور واللہ اعلم کہنے پر اکتفاء کیا۔

جبکہ دوسری جانب اس جہاد کے حامیوں نے قرآن وحدیث کی روشنی میں اس جہاد کو ایک شرعی اور افضل جہاد کہا، فقہاء متقدمین اور سلف وصالحین کے اقوال سے اس جہاد کی مشروعیت کو ثابت کیا، اس بارے میں ایسے ایسے دلائل اور ثبوت موجود تھے جن میں اختلاف کی کوئی گنجائش نہ تھی، اور بالکل واضح فتاوٰی اور عبارات موجود تھیں، وقتاً فوقتاً جہاد پاکستان کے بارے میں علماء کرام ومشائخ اپنے اپنے اسلوب اور انداز میں اس جہاد کی شرعی حیثیت کو بیان کرتے رہے۔

چند ماہ پہلے تحریک کی مرکزی قیادت کی جانب سے ملک بھر کے علماء کرام و مشائخ کے نام ایک دعوتی خط روانہ کیا گیا، جس میں تحریک کے مقصد کو واضح کیا گیا تھا اور پاکستانی جہاد کے حوالے سے پیش آنے والے شبہات اور اعتراضات کا جائزہ لیکر اس کے جوابات درج کئے گئے تھے، اس خط کی ایک کاپی روزنامہ جنگ کے کالم نگار سلیم صافی کے ہاتھ بھی لگا تھا، موصوف نے اپنے ایک کالم میں حکومتی پالیسیوں پر تنقید کرتے ہوئے اس خط کا ایک حوالہ بھی پیش کیا تھا کہ پاکستان میں موجود طالبان یہ دلیل بیان کررہے ہیں کہ اگر افغانستان میں طالبان کے لئے لڑنا جائز تھا تو پھر پاکستان میں کیوں حرام ہے کیونکہ وہاں بھی ایک اسلامی نظام کے قیام کے لئے کوششیں ہورہی تھیں اور پاکستان میں بھی طالبان کا یہی مقصد ہے، یہ اس طویل خط کا ایک جز تھا جس میں یہ بات کہی گئی تھی کہ اگر روسی دور کے مجاہدین کے خلاف لڑنا افغانستان کے مجاہدین کے لئے جائز تھا تو پھر پاکستان میں زرداری گیلانی مشرف اور کیانی کے خلاف لڑنا بطریقِ اولیٰ جائز ہونا چاہئے۔

مذکورہ کالم کے جواب میں ہندوستان کے مشہور بزرگ عالم دین مولانا منظور احمد نعمانیؒ کے فرزند مولانا عتیق الرحمان سنبالی صاحب نے ایک مضمون تحریر فرمایا اور کہا کہ پاکستان میں جہاد جائز نہیں، اور پاکستانی جہاد کو افغانی جہاد پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہے، مولانا صاحب نے فرق یہ بیان فرمایا کہ چونکہ افغانستان میں طالبان سے پہلے ایسی کوئی حکومت موجود نہیں تھی جو کہ لاء اینڈ آرڈر کو بحال کرسکے، جبکہ پاکستان میں ایک منظّم حکومت اور فوج موجود ہے، اس وجہ سے یہاں جہاد کا فتوٰی نہیں دیا جاسکتا۔

مولانا صاحب نے انتہائی سطحی نظر سے اس معاملے کو لیا ہے اور مسئلہ کی مکمل تحقیق سے بالکلیہ چشم پوشی فرمائی ہے کیونکہ اگر بات صرف لاء اینڈ آرڈر کی ہوتی تو پھر افغانستان میں جاری حالیہ جہاد کے بارے میں مولانا صاحب کیا فرمائینگے؟ کیونکہ وہاں اب ایک ایسی حکومت موجود ہے جس نے لاء اینڈ آرڈر کو بحال کیا ہے لیکن اس کے باوجود طالبان اس حکومت کے خلاف لڑ رہے ہیں اور اس لاء اینڈ کو تہہ و بالا کر رہے ہیں لیکن اس کے باوجود تمام علماء اس بات پر متفق ہیں کہ طالبان کے لئے جائز ہے کہ وہ اس حکومت کے خلاف لڑے، لیکن مسئلہ صرف پاکستان کے خلاف لڑنے کا ہے کہ بہر حال پاکستان جتنا بھی اپنے کفر میں آگے بڑھے لیکن انکے تقدس اور اسلام و ایمان میں فرق نہیں آتا اور ہزار کفریات کے باوجود یہ ایک ایسا ملک ہے جس کے خلاف لڑنا جائز نہیں۔

تحریک طالبان پاکستان اگر حکومتِ پاکستان کے خلاف میدان عمل میں نکلی ہے تو اس کی صرف یہ ایک وجہ نہیں ہے کہ چونکہ افغانستان میں جہاد جائز تھا اس لئے یہاں بھی جائز ہے بلکہ ہم نے پورے پاکستانی نظام، آئین اور تاریخ کا مطالعہ کرنے کے بعد یہ فیصلہ کیا کہ اب وہ وقت آگیا ہے کہ پاکستانی نظام اور حکومت کے خلاف علمِ جہاد بلند کیا جائے۔ اس خط میں یہ بات انتہائی تفصیل سے بیان کی گئی تھی کہ پاکستان امریکہ کا اتحادی ہے اور نام نہاد دہشت گردی (اسلام) کے خلاف جنگ میں امریکہ کا صف اول کا اتحادی ہے، یہ ہمارا دعوٰی ہے کہ پاکستان امریکہ کا اتحادی ہے اور پاکستان اس بات کا اعتراف کر رہا ہے اور امریکی اس بات کی تصدیق کر رہے ہیں کہ واقعی پاکستان ہمارا اتحادی ہے، اس بات میں شاید کسی کا بھی اختلاف نہ ہو کہ امریکہ ایک کافر ملک ہے، اور اسلام دشمن ہے اور اس کی جنگ اسلام کے خلاف ہے تو سوال یہ ہے کہ اگر کوئی ملک اسلام کے خلاف کفار کا اتحادی بن جائے تو اس کا کیا حکم ہوگا؟، کیا وہ پھر بھی مسلمان رہے گا؟ کیا پھر بھی اس کے خلاف خروج اور جہاد کرنا جائز نہیں ہوگا؟، یہ تو پھر ایک انتہائی بلٹ پروف اسلام ہے کہ ہزار بار ارتداد کے باوجود بھی متاثر نہیں ہوتا۔

پاکستان نے امریکہ کو لاجسٹک سپورٹ کی صورت میں اپنے ہوائی اڈے فراہم کئے، انہی ہوائی اڈوں سے افغانستان کی اسلامی امارت پر ہزاروں حملے کئے گئے، پاکستان ہی کے اڈوں سے ڈرون طیارے اڑ کر مجاہدین کو نشانہ بناتے رہے، یہ تو وہ کام ہیں جن کا ہر ایک کو پتہ ہے اور اور پاکستان بھی اس کا اعتراف کر رہا ہے، لیکن اس سے آگے بڑھ کر یہ کہ پاکستان نے باقاعدہ طور پر اپنے فوجی دستے امریکی فوج کی حمایت کے لئے روانہ کردئے اور باقاعدہ کفار افواج کیساتھ ملکر ایک اسلامی ملک اسلامی حکومت اور اسلامی نظام کا تختہ الٹ دینے میں کفار کا تعاون کیا۔ اتحادی افواج کی زیر نگرانی انگریزی زبان میں ایک ماہنامہ میگزین شائع ہوتا ہے جس کا نام ہے (Coalition Bulletin) اس میگزین کا چیئرمین ایک پاکستانی فوجی ہوتا ہے جو اپنے ساتھیوں کے ہمراہ امریکی اتحادیوں کے ہمراہ وہاں مامور ہوتا ہے، اور امریکیوں کیساتھ مشترکہ طور پر لوگوں میں اسلام (دہشت گردی) کے خلاف بیداری مہم میں مصروف ہوتا ہے، میرے سامنے اس رسالے کے چند شمارے موجود ہیں جو کہ ۲۰۰۶ء اور ۲۰۰۷ء میں شائع ہوئی ہیں، اگست ۲۰۰۶ء کے شمارے کا چیئرمین ایک پاکستانی بریگیڈیئر جنرل اکرام الحق ہے، اس جنرل نے اپنے اداریئے میں اپنے دور کے اختتام کا ذکر کیا ہے اور وہ یہ کہہ رہا ہے کہ میں نے یہاں دو سال ڈیوٹی سرانجام دی اس کے بعد میں اپنے ملک چلا جاؤں گا۔ اس کے بعد والے شمارے کا چیئرمین بھی ایک پاکستانی بریگیڈیئر جنرل احسن محمود ہے، جس نے بعد میں اس میگزین کی ادارت سنبھالی ہے۔ اس رسالے کے نام سے ظاہر ہے کہ یہ تمام اتحادیوں کی ایک مشترکہ کوشش ہے کہ کفار کے خلاف مسلمانوں میں پائی جانے والی غصہ کو کم کیا جائے اور عوام کو یہ باور کرادیا جائے کہ یہ جو مغربی طاقتیں ہیں یہ آپ کے خیر خواہ ہیں اور انکے ہاں میں ہاں ملاکر انکے مفادات کا تحفظ کرنا چاہئے۔

اب صورتِ مسئلہ تقریباً واضح ہوگیا کہ جو شخص ایک ایسے کافر کا ساتھ دے جو مسلمانوں پر حملہ آور ہو چکا ہو، اور اس کافر کیساتھ ایک ہی صف میں کھڑا ہوجائے تو کیا یہ شخص مسلمان باقی رہتا ہے؟ کیا اس فوجی کو جس ملک نے اس کام پر مامور کیا ہے وہ ایک مسلمان ملک ہے؟ کیا انکے خلاف علم جہاد بلند کرنا دہشت گردی شمار ہوگی؟ کیا انہیں کافر یا مرتد کہنے والا خارجی شمار ہوگا یا ابھی تک انہیں مسلمان کہنے والا اباحی (یعنی ایسا عقیدہ رکھتا ہے جس میں ہر کام جائز ہوتا ہے) ہوگا؟؟؟

اگر کوئی یہ تاویل پیش کریں کہ امریکی اسلام دشمن نہیں ہیں، بلکہ وہ شر پسندوں کے خلاف لڑنے یہاں آئے ہیں اور ایک ایسے شخص کی مدد کرنا عین ایمان ہے کہ جو دنیا سے شر و فساد کا خاتمہ کرنا چاہتا ہو، لہٰذا ہمیں چاہئے کہ ہم امریکیوں کی مدد کریں اور بھرپور طریقے سے انکا ساتھ دیں، اور اگر کوئی ایسا کرتا ہو تو اسے اسلام کے خلاف تعاون نہیں کہا جاسکتا۔

اسکا ایک الزامی جواب تو یہ ہے کہ اگر واقعی وہ شر کا خاتمہ کرنے آئے ہیں تو پھر افغانستان میں بھی انکے خلاف لڑنا ناجائز ہونا چاہئے اور دوسری بات یہ ہے کہ اگر امریکہ بھی اسلام کا دشمن نہیں تو پھر ان قرآنی آیات اور احادیث مبارکہ کا کیا مطلب ہوگا جس میں یہود و نصارٰی کو اسلام کے دشمن اور مسلمانوں کے ساتھ حسد و بغض رکھنے والے جیسے ناموں سے موسوم کیا ہے۔ اور جنکے خلاف ہمیں لڑنے کا حکم ملا ہے۔ (ولن ترضٰی عنك الیهودُ ولا النصٰری حتّٰی تتبع ملتهم)۔

پاکستان کو یہود ونصاریٰ کے اسلام کے خلاف جنگ میں اتحادی ہونے کے عوض ڈیڑھ ارب ڈالر سالانہ ملتا ہے۔اسے اتحادی امدادی فنڈ یا coalation) (support fund کہا جاتا ہے،حکومت پاکستان ۲۰۰۲ء سے لیکر ہر سال یہ فنڈ وصول کرتا چلا آرہا ہے،جبکہ ۲۰۱۰ء اور ۲۰۱۱ء کو اس کی ادائیگی میں تاخیر پر پاکستانی وزارت خارجہ کے سیکرٹری نے عالمی معاشرے کے سامنے امریکہ سے شکوہ کیا کہ پاکستان کو دوسال سے اتحادی فنڈ نہیں مل رہا۔یہ فنڈ پاکستان کو صرف اس لئے مل رہا ہے کہ وہ کفار کا اسلام کے خلاف اتحادی ہے اور اسلام کے خلاف کفار یہود ونصاریٰ کی مدد کرتا ہے۔

اہل علم کو اس بارے میں غور وفکر کرنا چاہئے کہ اسلام کا ایک متفق علیہ دشمن امریکہ پاکستان کو سالانہ ڈیڑھ ارب ڈالر اس نام سے دے رہا کہ وہ انکا اتحادی ہے اور انہوں نے اسلام کے خلاف جس عالمی جنگ کا آغاز کیا ہے،اس میں پاکستان ان کے ساتھ برابر کا شریک ہے،اس یہود ونصاریٰ کے صف اول کے اتحادی کا اب کیا حکم ہے ؟دنیا یہ بھی جانتی ہے کہ پاکستان نے سینکڑوں بے گناہ مجاہدین کو صرف اس جرم میں پکڑ کر امریکہ کے حوالہ کیا کہ وہ مجاہد تھے،اگر ہم تاویل کے باب کو وسعت دے اور یوں کہے کہ ان مجاہدین نے ہمارے سرحدوں کی خلاف ورزی کی ہے،اس وجہ سے حکومت کو یہ حق حاصل ہے کہ انہیں پکڑ کر امریکہ کے حوالے کردے،لیکن اس پاکستانی بہن کے بارے میں ہم کیا تاویل کرینگے جسے خالص اس جرم میں پکڑ کر امریکہ کے حوالہ کیا گیا کہ اس پر الزام تھا کہ اس نے جہاد میں حصہ لیا ہے،کیا جہاد واقعی ایک بہت بڑا جرم ہے جس کی سزا پاکستان میں بھی نہیں امریکہ میں دیجاتی ہے۔پوچھنا یہ ہے کہ ایک مسلمان کو پکڑ کر کفار کے حوالہ کرنے کا کیا حکم ہے اس صورت میں جب اس مسلمان پر کفار کی طرف سے کوئی الزام نہ ہو،لیکن اگر اس بہن پر جہاد میں حصہ لینے کا الزام ہو تو پھر مسئلہ کیا صورت اختیار کریگا ؟؟؟

ان مسائل کو سمجھنا اس وجہ سے دشوار نہیں ہے کہ فقہ کی کتابوں میں اس پر علماء نے بحث نہ کی ہو اور انکی حقیقت کو واضح نہ کیا ہو لیکن کفار نے اتنی محنت کی ہے کہ انہوں نے ایسے اصطلاحات وضع کئے کہ جن سے غلط فہمیاں پیدا ہوتی ہیں،مثلاً یہ مسئلہ کہ مسلمان کے خلاف کفار کی مدد کرنا،اور مسلمان کے قتل میں انکا معاون بننا ہر ایک کے سامنے واضح ہے لیکن ہم اسے ایک نئے رنگ میں پیش کرتے ہیں اور اس کا اظہار یوں کیا جاتا ہے ''کسی ظالم شرپسند کے خلاف ایک دوسرے انسان،جو دنیا سے شر کا خاتمہ چاہتا ہو،کی مدد کرنا کیسا ہے؟''ظاہر ہے کہ اس کا جواب جواز ہی کی صورت میں آئے گا لیکن اگر ہم یوں کہے کہ ایک مجاہد کے خلاف کفار کا تعاون صرف اس وجہ سے کرنا کہ اس نے کفار کے خلاف جنگ میں حصہ لیا ہے اور انکو جانی ومالی نقصان پہنچایا،اس کا کیا حکم ہے؟؟تو اگر کسی کو ذرا سا بھی شریعت اسلامیہ کے بارے میں علم ہو تو وہ اسے کفر ہی کہے گا۔

آخر میں ہم ہندوستان کے مشہور عالم دین مولانا منظور احمد نعمانی رحمہ اللہ کے زبانی جہاد کے مقاصد نقل کررہے ہیں کہ جنہوں اپنے ایک خطبہ میں جہاد کے اہداف ومقاصد کو یوں بیان فرمایا ہے''اور جہاد کے مقصد کے متعلق جو کچھ میں نے عرض کیا ہے اس کا مطلب صرف یہ ہے کہ اسلام سیاسی اقتدار غلط ہاتھوں میں نہیں رہنے دینا چاہتا اور وہ اس کو گوارہ نہیں کرتا کہ جو لوگ قانونِ خدا کے باغی یا اس سے ناآشنا ہوں،دنیا کے نظم ونسق پر ان کا قبضہ رہے۔کیونکہ ایسی صورت میں انسانوں پر لازماً جبر وظلم ہوتا ہے اور دنیا میں شرارتیں اور بدیاں فروغ پاتی ہیں۔خدا کے کمزور بندے پامال ہوتے ہیں اور طاقت ور،فرعون اور نمرود بن کر خلقِ خدا پر خدائی کرنے لگتے ہیں۔فواحش کی گرم بازاری ہوتی ہے اور برائیاں نیکیوں کی جگہ لے لیتی ہے۔اور یہ کوئی نظری مسئلہ نہیں ہے بلکہ آنکھوں دیکھی حقیقت ہے جس کا ہم ہر وقت مشاہدہ کررہے ہیں کہ صرف وعظ اور نصیحت سے لوگ بدمعاشیوں اور شرارتوں سے باز نہیں آتے۔اگر ایسا ہوجایا کرتا تو حکومتوں کو پولیس اور محکمہ عدل وانصاف کی وجہ سے کروڑوں روپے کے مصارف کی زیر باری نہ ہوا کرتی۔''مذکورہ بالا عبارت میں مولانا نعمانیؒ مرحوم نے جہاد کے مقاصد کو ایک انتہائی حسین پیرائے میں بیان فرمائے ہیں،ہمیں اس عبارت پر ایک نظر ڈالنا چاہئے کہ انہوں نے جن مقاصد کی نشاندھی کی ہے کیا وہ اب حاصل ہیں اور اگر حاصل نہیں ہیں تو پھر کیا ہمارے لئے یہ جائز نہیں،کہ ہم ان مقاصد کی حصول کے لئے اسلحہ اٹھائے اور مسلح جہاد کا اعلان کریں۔

(۱)<u>اقتدار غلط ہاتھوں میں نہیں رہنا چاہئے :۔</u> جہاد کا پہلا مقصد مولانا صاحب نے یہ بیان فرمایا ہے،پاکستان میں اقتدار کن ہاتھوں میں ہے؟روز اول سے اقتدار پر قابض ٹولہ دین سے بیزار رہے،انکی اکثریت یا تو اسلام دشمن رافضی تھے یا قادیانی،اور جو سنی تھے تو وہ بھی اپنے وقت کے بڑے فاسق وفاجر انسان تھے،مے نوشی،بدکاری ،سودخوری ظلم وجبر اور طرح طرح کے فواحش میں مبتلاء تھے،پینسٹھ سال میں صرف ایک صدر مملکت ایسا ہے جس کی چہرے پر ہمیں داڑھی نظر آئی۔جبکہ ہمارے اس آخری دور میں تو انہوں نے اسلام دشمنی اور کفر دوستی کی وہ تاریخ رقم کی کہ اگر انکے نام تبدیل کرکے انکے کارنامے لکھی جائیں تو مستقبل میں تاریخ کا مطالعہ کرنے والے کو قطعاً یہ خیال نہیں آئے گا کہ میں کسی مسلمان ملک کی اور مسلمان حکمرانوں کی تاریخ پڑھ رہا ہوں۔

(۲)<u>وہ اس کو گوارہ نہیں کرتا کہ جو لوگ قانون خدا کے باغی یا اس سے نا</u>

آشنا ہوں ، دنیا کے نظم ونسق پر ان کا قبضہ رہے:۔ پاکستانی حکمرانوں کی قانون خدا سے بغاوت کا دنیا نے کھلی آنکھوں مشاہدہ کیا، انکے سامنے قانون خدا کے مقابلے میں قانون اقوامِ متحدہ یا قانون پاکستان ہی معتبر ہے ، اگر کہیں اسلامی قانون اور پاکستانی قانون میں ٹھکراؤ کی صورت پیدا ہوئی ہے تو ترجیح پاکستانی قانون کو دی گئی اور خداوندی قانون کی بغاوت کی گئی ہے ، مثلاً جب افغان مجاہدین نے پاکستانی حدود میں پناہ لینا چاہا تو شریعت کا مطالبہ تو یہ تھا کہ انکی پوری طرح خاطر تواضع کی جاتی کیونکہ وہ مجاہد تھے، مہاجر تھے لیکن پاکستانی قانون کی رو سے انہوں نے سرحد کی خلاف ورزی کی تھی، اس وجہ سے انہیں پکڑ کر امریکہ کے حوالے کئے گئے یا لال مسجد انتظامیہ نے چائنہ کی کچھ بدکار عورتوں کو پکڑ کر انکے اڈے کو بند کیا تو یہ عمل اسلام میں سراہنے اور ایک قابل تقلید کام تھا لیکن پاکستانی قانون کی رو سے حرام تھا اس وجہ سے انہیں اسکی سخت سزا بھگتنا پڑی۔ عظیم عرب مہاجر مجاہد اسامہ بن لادن رحمہ اللہ کے اہل خانہ کو بھی اس جرم میں ۴۵ دن قید کی سزا پاکستانی عدالت نے سنائی کہ انہوں نے پاکستانی سرحدوں کی خلاف ورزی کی تھی ۔

اور جہاں تک انکا قانون خداوندی سے ناآشنائی اور بے خبری کا تعلق ہے تو وہ بھی پوری دنیا کے سامنے ہے، اگر موجودہ حکمرانوں کو بٹھا کر ان سے اسلام کی ان بنیادی معلومات کے بارے میں پوچھا جائے جن سے ایک انسان مسلمان ہوتا ہے تو غالب خیال یہی ہے کہ پچانوے فیصد کو اس کے بارے میں علم نہیں ہوگا، وزیر داخلہ کا سورۃ اخلاص شاید آپ لوگ سن چکے ہونگے ، اور چالیس پاروں والے قرآن کا تذکرہ بھی آپ کو یاد ہوگا۔ بہر حال جس طرح یہ لوگ عملی طور پر اسلام سے ناآشنا ہے اسی طرح اسلام کے بارے میں انکے معلومات بھی صفر ہیں۔

(۲) فواحش کی گرم بازاری ہوتی ہے اور برائیاں نیکیوں کی جگہ لے لیتی ہے:۔ فواحش کی گرم بازاری تو آجکل ایک ایسی حقیقت ہے ہمارے ملک میں، کہ خود اس نظام سے وابستہ کچھ لوگوں کو بھی اس کا اندازہ ہوگیا، ہر ٹی وی چینل چوبیس گھنٹے بے حیاء گفتگو اور فحش مناظر معاشرے کے سامنے پیش کرتا رہتا ہے، نہ کوئی حد ہے جہاں یہ لوگ رکھنے کا نام لے اور نہ کسی جانب سے ان پر کوئی قدغن، لہٰذا فحاشی اور بے حیائی ایک سیل رواں کی طرح معاشرے میں پھیل رہی ہے اور یہ سب کچھ حکومت کے زیر سایہ ہو رہا ہے ۔ اور اسے قانونی جواز حاصل ہے ۔

جہاد کے مذکورہ بالا مقاصد کو اگر مدنظر رکھا جائے تو پھر کسی کو پاکستان میں جاری تحریک جہاد کے بارے میں خدشات ذہن میں نہیں آئینگے ، جہاد کے مذکورہ بالا مقاصد مولانا عتیق الرحمٰن سنبلی صاحب کے والد مرحوم نے ذکر فرمائے ہیں کاش کہ مولانا صاحب ہماری مخالفت سے پہلے ایک نظر اپنے والدِ ماجد کے ان ملفوظات پر ڈالتے اور پھر اس بات کا جائزہ لیتے کہ یہ لوگ کن مقاصد کی خاطر لڑ رہے ہیں اگر ان مقاصد کی حصول کے لئے لڑ رہے ہیں تو پھر تو ہمیں انکی تائید کرنی چاہئے نہ کہ انکی مخالفت ۔

علماء کرام سے اپیل:۔ وہ حضرات جوامت کے مقتداء ہیں اور انکی ہر بات ایک حجت کے طور پر مانی جاتی ہے ان سے ہماری یہ درخواست ہے کہ خدارا آپ لوگ مسائل کی حقیقت دیکھ کر اپنے ماحول کا جائزہ لیکر کوئی بات کیا کریں کیونکہ آپ کی صرف یہ ذمہ داری نہیں بنتی کہ سرسری نظر سے مسئلہ دیکھ فتوی صادر کریں بلکہ اپنے اردگرد موجود حالات پہ نظر ڈال کر بات کرنا چاہئے کیونکہ یہ قاعدہ آپ لوگوں کو معلوم ہوگا کہ ''من جهل باهل زمانه فهو جاهلٌ'' افغانستان میں جو قاضی اور جج طالبان کو سزا سناتے ہیں تو انکے سامنے ہدایہ اور شرح الوقایہ جیسی فقہ کی معتبر کتابیں موجود ہوتی ہیں اور ان کے حوالہ لکھ کر ایک مجاہد کو اس جرم کی سزا سناتے ہیں کہ اس نے امریکہ یا اس کے اتحادیوں کے خلاف کوئی کاروائی کی ہے۔ انکا طریقہ کار یہ ہوتا کہ وہ یہ مسئلہ نکالتے ہیں کہ جو شخص حاکم وقت کی نافرمانی کرتا ہو تو اس کی کیا سزا ہے، وہ سزا اس مجاہد کے خلاف سناتے ہیں۔ اور واقعی اس سزا کی اصل فقہی کتابوں میں موجود ہوتی ہے لیکن وہ یہ نہیں دیکھتے کہ یہ کس طرح کا حاکم وقت ہے کیا اس کی مخالفت حرام ہے یا اس کے خلاف لڑنا عین ایمان کا تقاضا اور قرآن کریم کا حکم ہے ۔

ہم اپنے معزز و مؤقر علماء سے یہی درخواست کرتے ہیں کہ خدارا اپنی ذمہ داریوں کا خیال رکھیں اور مسائل کی حقیقت پر غور کر کے امت کی صحیح راہنمائی کا فریضہ ادا کیجئے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ آپ بھی حکومتِ پاکستان کی اسلام دشمنی کو سندِ جواز فراہم کرو اور انکے حرام اور کفریہ امور کے لئے کسی فقہی جزئیے اور عبارت کو تلاش کرتے رہو، اور پھر ہمیں یوں کہنا پڑے کہ'' کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی ''۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اسلام کی صحیح سمجھ اور فہم نصیب فرمائے ۔آمین

قال الامام مجاهد رحمه الله تعالیٰ ''الطاغوتُ هو شيطان فى صورة انسان يتحاكمون اليه وهو صاحبُ امرهم ''(تفسير مجاهد ،جلد ١ صفحه ١٦١)

یعنی طاغوت انسان کی شکل میں ایک شیطان ہوتا ہے جس کے پاس لوگ اپنے فیصلے لے جاتے ہیں اور وہ انکا بڑا اور ولی الامر ہوتا ہے

تمام مسائل کا حل جمہوریت میں نہیں، لیکن۔۔۔۔

مفتی ابوہشام مسعود

کچھ عرصے سے یہ بات میری ذہن میں گردش کرتی رہتی تھی اور چیدہ چیدہ لوگوں کیساتھ اس پر مذاکرہ ومباحثہ بھی وقتاً فوقتاً کرتا رہا ہوں، کہ اسلام کو زندہ کرنے کے نام پر جو مختلف شعبے کام کررہے ہیں، جیسے دعوت وتبلیغ، جہاد، سیاست اور تصوف، اور پھر ان میں کام کرنے والے منفرداً اپنا ہی شعبہ احیاء دین کیلئے ذریعہ تصور کرتے ہیں، اور اگر کوئی بہت ہی منصف مزاج بندہ ہو تو وہ یہ سمجھتا ہے کہ بس جو جس شعبے میں مصروف ہے وہ وہاں بہتر ہے اور یہ شرعاً بری الذمہ ہے، اگرچہ وقت کی ضرورت کے تحت دوسرے شعبوں میں لگنا فرض کیوں نہ ہو چکا ہو۔ لہٰذا میں مذکورہ صورت حال میں یہ کہنے کی جرأت کروں گا کہ جس طرح موجودہ غیر شرعی سیاست اور جمہوریت کے ذریعے اللہ تعالیٰ کا دین زندہ نہیں ہوسکتا، اسی طرح دینی شعبوں میں اس قدر خلیج اور تفرقہ کے ہوتے ہوئے بھی اللہ کا دین زندہ نہیں ہوسکتا؛ کیونکہ جو چیزیں لازم وملزوم ہوتی ہیں ان میں جب تضاد وتقابل کی فضاء پیدا ہو جاتی ہے تو پھر اس تیسری چیز کا وجود ممکن نہیں ہوسکتا جو ان دونوں کے امتزاج پر موقوف ہو۔

تو بفضل اللہ مجھے اپنی سوچ وفکر کی تائید میں مولانا قاری محمد طیب کا وہ خط ملا جو حضرت نے مولانا الیاسؒ صاحب کے ایک خط کے جواب میں لکھا تھا، جس کو میں اختصار کی خاطر کچھ مختصر کر کے مقتداء اسلام حضرات کی خدمت میں پیش کروں گا، اگر میری ناقص فہم اور موجودہ صورت حال کے مشاہدے سے حاصل شدہ تجربہ مولانا کے علمی تحقیق کے مطابق ہوا، اور یقیناً آج تک مسلمانوں کی قربانیوں کی ناکامی کا ذریعہ یہی عدم امتزاج ثابت ہوا، تو پھر اخلاص اور اس مظلوم امت پر شفقت کا تقاضہ یہی ہے کہ علماء، مقتداء اور دین کے احیاء کا درد رکھنے والے حضرات ٹھنڈے دل سے غور وفکر کر کے اس درمیانی خلیج، تنافر اور عناد کو ختم کرنے کا طریقہ تلاش کریں باہمی امتزاج کی ذرائع پیدا کریں، ورنہ قیامت کے دن مسئولیت ہمارے ذمہ ہوگی، یا میری رائے کو کم فہمی مگر اخلاص پر مبنی سمجھ کر معاف کیا جائے۔

اب میں اس اجمال کی کچھ تفصیل عرض کر کے فیصلہ آپ حضرات کے حوالے کرونگا، چونکہ انسان مدنی الطبع ہے یعنی ضرور کسی شہر یا معاشرے میں رہتا ہے جیسا کہ علامہ ابن خلدونؒ اپنی کتاب میں لکھتا ہے "مدنی الطبع ای انه لا بد ان یعیش فی مدینة ای فی مجتمع" کہ انسان مدنی طبع ہے وہ ضرور شہر یا کسی معاشرے میں رہتا ہے۔ اور علامہ اصفہانیؒ اپنی کتاب "الذریعة الی احکام الشریعة" میں لکھتے ہیں۔ ترجمہ:۔ انسان مدنی الطبع ہے یعنی اس کیلئے جماعت سے الگ ہو کر رہنا ممکن نہیں، بلکہ وہ دنیاوی مصالح میں ایک دوسرے کے محتاج ہوتے ہیں۔" اور علماء اس حقیقت پر اس بات کے ثبوت کے طور سے دلیل قائم کرتے ہیں کہ جب اس انداز میں انسانوں کا اجتماع اور اختلاط ہو تو پھر ضروری ہے کہ لوگوں میں اختلاف اور تنازع پیدا ہو جائے اور یہی خلاف کینہ، حسد، جنگ جدال، قتل قتال خونریزی اور تعطل بلکہ ہلاکت کا سبب بن جاتا ہے اور یہ تمام مفاسد اس وقت پیدا ہوتے ہیں جب انسان کو کسی حاکم کے بغیر آزاد وبے مہار چھوڑا جائے۔" اور علامہ محمد موصلیؒ اپنی کتاب حسن السلوک میں تحریر فرماتیں۔" اللہ تعالیٰ نے روئے زمین پر اپنے بندوں پر حاکم وقت مقرر کرنے میں احسان کیا ہے کہ اس کی وساطت سے مظلوم کا دفاع ظالم سے ہوسکتا ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ ترجمہ! اور اگر نہ ہوتا دفع کرا دینا اللہ تعالیٰ کا ایک دوسرے سے تو خراب ہو جاتا ملک" مطلب یہ ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ نے روئے زمین پر ایسے حاکم مقرر نہ کئے ہوتے جو قوی کو کمزور پر ظلم سے روکیں اور ظالم سے مظلوم کا حق لیں تو طاقتور لوگ کمزوروں کو ہلاک کر دیتے اور ان کا حال بدترین ہوتا اور زمین واہل زمین فاسد ہو جاتے اور جب بادشاہ ہی ظالم ہو تو فساد اور زیادہ بڑھ جاتا ہے۔ حسن السلوک ص۶۴۔

مذکورہ تفصیل سے یہ بات معلوم ہوئی کہ بنی نوع انسان کے مسائل کا حل حکومتی نظام پر منحصر ہے، اب اللہ تعالیٰ نے بنی نوع انسان کے مشکل کے حل کیلئے نظام الٰہی مرتب فرمایا ہے تاکہ بنی نوع انسان اس نظام کے تحت زندگی گزار کر آخرت کی تیاری کرسکیں مگر بدقسمتی سے بنی نوع انسان نے نظام الٰہی کے مقابلے میں خودساختہ نظاموں نے مسائل اور بھی الجھا دیے، لوگوں کا روزانہ سڑکوں پر نکل کر حکمرانوں کے خلاف نعرہ بازی موجودہ خودساختہ وضعی نظاموں کے ناکامی کی بہت بڑی دلیل ہے۔"

اب اس بات کو ثابت کرنے کیلئے تحقیق بحث میں چنداں ضرورت محسوس نہیں کرتا ہوں کہ اس موضوع پر کتابیں بھری پڑی ہیں، چونکہ آج اکثریت جمہوریت کی ہے تو اس موضوع پر تحقیقی بحث کے بجائے موجودہ معاشرے کی مشاہدات پر اکتفاء کر کے جمہوریت میں مسائل کے عدم حل پر اور جمہوریت کی ناکامی پر مختصر تجزیہ پیش کرتے ہیں۔ تقریباً تین قسم کے ماحول سے ہمارا واسطہ پڑتا ہے۔ (۱) گھر کے اندر (۲) گھر سے باہر ملک کے اندر کا ماحول (۳) ملک سے باہر باقی ممالک کیساتھ واسطہ، اب ان تینوں واسطوں کا جائزہ لے کر ہم دیکھتے ہیں کہ موجودہ نظام نے ہمیں کیا دیا ہے۔

تو گھریلو اعتبار سے ہم دیکھتے ہیں کہ خاندانی غیرت مفقود یعنی ختم ہو چکی ہے۔ والدین بے حس ہو چکے ہیں اولاد ان کے ہاتھ سے روشن خیالی کی بدولت نکل چکی ہے، جوان بھائی اپنی جوان بہن کے ساتھ اور باپ اپنی جوان سالہ بیٹی کیساتھ فحش فلمیں دیکھنے میں کوئی عار محسوس نہیں کرتا، گھر کے تمام افراد کے کمرے الگ الگ ہیں اور ہر کمرے میں انٹرنیٹ اور کیبل کی سہولت موجود ہے، بیٹے اور بیٹی کی من پسند دوست بلا روک ٹوک آجا رہے ہیں، ماں باپ اولاد کے بوائے اور گرلز فرینڈ کو دیکھ کر خوش ہوتے

ہیں۔کسی کوکسی کی زندگی میں دخل اندازہونے کی کوئی قطعی تعلق نہیں ہے،روشن خیال حضرات کہتے ہیں کہ رات کو جب بیٹا بیٹی آئے اس کو کچھ مت کہنا کہ یہ ذہنی اذیت ہے ،اولاد کیلئے والدین تک نسبت پہنچانا مشکل پڑ چکا ہے ۔

اس کے علاوہ گھر سے باہر کی فضاء تو بہت آلودہ ہے فحاشی اور عریانی کے اڈے ہر جگہ کھلے ہیں،شراب نوشی،فحاشی،بے حیائی صرف عام ہی نہیں ہے بلکہ حکومتی سطح پر اس کی سرپرستی ہوتی ہے کسی کی ماں،بہن گھر سے نکلنے پر اگر وہ جان سے بچ بھی جائے تو عزت سے ضرور ہاتھ دھو بیٹھتی ہے،غریبوں کو غریب تر اور امیروں کو امیر تر بنانے والے سودی نظام نے ملک کا امن تہہ وبالا کر دیا ہے۔امراء طرح طرح کے جائز و ناجائز طریقے سے اپنا خزانہ بڑھانے کے چکروں میں ہیں عوام کا خون بیچ کر ا کاؤنٹ بھر رہے ہیں،رہ گئی نسبت ہماری باقی ممالک کے اعتبار سے ! تو بحیثیتِ مسلمان ہر طرف سے ہم پر آوازیں کسے جا رہے ہیں،ہمیں ہمارے مذہب اور ہمارے وطن کو ایک غنڈہ اور دہشت گرد بنا کر پیش کیا جاہا ہے ہمارے پیارے نبی حضرت محمد مصطفٰی ﷺ کی بار بار توہین کی جارہی ہے ہمارے ملک پر حکمران متعین کرنا،اس کی مدت حکومت اور یہ کہ ان حکمرانوں نے کیا کرنا ہے؟ یہ کام ہمارے دشمن یہود ونصاریٰ ہی کرتے ہیں ہمارے سارے ائیربیس ان کے قبضے میں ہیں ملک کی خارجہ اور داخلہ پالیسی ان کی خواہش کو مدنظر رکھ کر وضع کی جاتی ہے۔غیروں کو تحفظ اور ہموطنوں کو ذلیل کرنا ہے ہمارے حکمرانوں کا شیوہ ہے،لہٰذا جس ملک کے نظام میں وہاں کے رہنے والوں کو کسی بھی صورت میں تحفظ مہیا نہ ہو تو اس نظام کو توپ کا گولہ بارود اور ایسے بے ضمیر لوگوں کو دومرتبہ توپ کا گولہ مارنہ چاہیے جو اس منحوس نظام پر مصر ہو کر حالات کے درستگی کا مطالبہ کرتے ہیں،جب یہ بات واضح ہوئی کہ خود ساختہ،وضعی نظام میں بنی نوع انسان کے مسائل کا حل نہیں ہے،تو لازمی بات ہے کہ نظام الٰہی ہی میں بنی نوع انسان کے مسائل کا حل مضمر ہے۔اب خلافت یا نظام الٰہی پر تفصیلی اور تحقیقی بحث کو تطویل کے خوف سے نظرانداز کر کے کچھ اوصاف پر اکتفا کرتے ہیں،جس سے اندازہ ہو جائیگا کہ تمام انسانوں کے تمام مسائل کا حل نظام الٰہی میں ہے ۔

نظام الٰہی کے خصوصیات

جس طرح اس نظام کا بنانے والا اللہ تعالیٰ ہے اور اللہ تعالیٰ قدیم ذات اور قدیم ،حادث پر علم رکھتا ہے،اور تمام انسانوں پر شرقاً،غرباً،ظاہراً،باطناً،شمالاً اور جنوباً اس کا علم محیط ہے،تو اسی طرح اس نظام میں اس کے روحانی،جسمانی،دینوی،اخروی،ظاہری باطنی تمام قسم کے لوگوں کیلئے یہ نظام عام نفع بخش ہے ۔

(۱) یہ ربانی نظام ہے:۔اسلامی نظام کا ماٰ خذ وحی الٰہی ہے جو کہ اللہ تعالیٰ نے پیغمبر ﷺ کو کی ہے اسی وجہ سے یہ نظام دیگر نظاموں سے ممتاز ہے ۔

(۲) یہ عقیدوی نظام ہے:۔یہ ایک عقیدے والا نظام ہے جو کہ لوگوں کے دلوں پر حکومت کرتا ہے اگر چہ ایک مسلمان گناہ پر قادر ہے،حاکم،قاضی،پولیس وغیرہ سے بھی نہیں ڈرتا،لیکن عقیدہ اور ایمان کی وجہ سے گناہ کے ارتکاب سے اپنے آپ کو بچاتا ہے بخلاف دیگر نظاموں کے،مثلاً اسلام سے پہلے شراب اتنی عروج پر تھی کہ گھر گھر میں شراب کے ذخائر تھے،ہر گھر ایک میخانہ تھا،لیکن جب شراب کی حرمت کا حکم نازل ہوا،توحکم سنتے ہی تمام مٹکے بہادیئے ”فاجتنبوہ“کلمہ کی ایسی طاقت تھی کہ فوج اور پولیس کی طاقت اس کا مقابلہ نہیں کر سکتی ۔

دوسری طرف بیسوی صدی میں امریکہ نے شراب کی بندش کا حکم جاری کیا ،اس حکم کو عملی جامہ پہنانے کیلئے اجتماعی دعوت پر ۲۵ملین ڈالر خرچ کیئے اور شراب کے نقصانات بتلانے کیلئے ۹۰۰۰ملین صفحات نشر کیئے۔اس فرمان کو نافذ کرنے کیلئے ۲۰۰ انسانوں نے اپنی زندگی کا خاتمہ کیا اور ۵ لاکھ قید ہوئے اور حکومت کے مخالفین نے اس کی تنفیذ کی وجہ سے چار ہزار ملین ڈالر کا نقصان اٹھایا اور لوگوں سے بطورِ جرمانہ ۱۰ ہزار ملین ڈالر لئے گئے۔لیکن نتیجہ یہ نکلا کہ بالآخر ۱۹۳۳ء میں شراب کی ممانعت کا حکم واپس لیا گیا۔تو معلوم ہوا اسلام ایسا عقیدے والا نظام ہے جو کہ لوگوں کے نہ صرف جسموں پر بلکہ دلوں پر بھی حکومت کرتا ہے۔

(۳) یہ عالمی نظام ہے:۔ہر زمانہ میں ہر انسان کیلئے قابل عمل ہے،ایک خاص گروہ یا خاص وقت کیلئے یہ مخصوص نہیں ہے۔اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے﴿وما ارسلنك الا كافة للناس بشيرا ونذيرا﴾(سورة صبا ۲۸) ترجمہ:۔اور تجھ کو ہم نے بھیجا سارے لوگوں کے واسطے خوشخبری اور ڈرانے والا۔اسلامی نظام کی خصوصیات کا مطالعہ کرنا ہو تو اس موضوع پر لکھی گئی کتابوں کی طرف رجوع کیا جائے ”اسلام کا نظام سیاست وحکومت“ کا مطالعہ خاص طور سے ضروری ہے،ہم نے تو ایک نمونہ پیش کرنا تھا۔

مذکورہ تفصیل سے تقریباً یہ بات واضح ہوئی کہ بنی نوع انسان کے تمام انسانوں کے تمام مسائل کا حل شریعت یعنی نظام الٰہی میں ہے نہ کہ جمہوریت یا کسی اور خود ساختہ وضعی نظام میں۔برسوں سے سیاسی وغیر سیاسی مذہبی جماعتیں اس مسئلے کو حل کرنے میں مصروف ہیں کہ انسانیت کو جمہوری خود ساختہ نظاموں سے چھٹکارا دلا کر شرعی،الٰہی نظام سے وابستہ کریں مگر کوئی خاطر خواہ نتیجہ سامنے نہیں آرہا ہے۔ہزاروں مخلص،شریعت خواہ انسان مذہبی مقتداؤں سے امیدیں باندھ کر کے دنیا کو خیر باد کہہ گئے اور موجودہ حالات کو دیکھ کر ہر سنجیدہ آدمی حضرت عیسیٰ ؑ ہی کے انتظار میں پڑ جاتا ہے۔اور چونکہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں کہ اتنی طویل مدّت سے تمام دینی جماعتوں کی اتنی قربانیوں کے باوجود عدم نفاذ شریعت کی بنیاد دینی جماعتوں میں موجود خلیج اور عدم امتزاج ہے بلکہ عدم امتزاج سے بڑھ کر تقابل وتعارض ہے،تو اس صورت

میں نفاذ شریعت بلکہ خود کامل دین کی بقا معلوم نہیں کیسے ممکن ہوسکتا ہے۔اس بات کی تائید کیلئے ہمارے بزرگ راہنما قاری محمد طیب صاحب کا خط کچھ اختصار کیساتھ ملاحظہ ہو۔

قاری محمد طیب صاحبؒ آیت ھوالذی بعث فی الامین رسولاً الخ کا خلاصہ ترجمہ:۔وہی ہے جس نے اٹھایا اَن پڑھوں میں ایک رسول انھی میں ، پڑھ کرسنا تا ہےان کواس کی آیتیں اوران کوسنوارتا ہےاورسکھا تا ہےان کو کتاب اور عقلمندی اوراس سے پہلے پڑے ہوئے تھےصریح بھول میں (سورۃ الجمعۃ آیت۲) کے ضمن میں لکھتے ہیں ۔

عرض ہے کہ بعنیہ وہ خط مضمون کے طول کی وجہ سے نہیں لے سکتا ہوں قطع و برید کیساتھ خلاصہ پیش کرتا ہوں۔

''دینی کائنات'' موالید ثلاثہ کا مجموعہ ہے(۱) تعلیم الاحکام یعنی شریعت (۲) تہذیب اخلاق یعنی طریقت (۳) تنظیم الاعمال یعنی سیاست ۔اسلام میں ان تینوں کے بغیر چارہ کار نہیں اور نہ ہی ایک دوسرے کے بغیر ان کی تکمیل ہوسکتی ہے ۔

(۱) شریعت سے راہ معلوم ہوتی ہے ۔اگر راستہ ہی سامنے نہ ہوتو قطع مسافت کیسے ممکن ہو؟

(۲) طریقت سے راہ پر چلنے کی اخلاقی قوت پیدا ہوتی ہے۔اگر راہ چلنے کی طاقت نہ ہو تو محض راہ درستگی سے کیا ہوتا ہے ۔

(۳) سیاست سے راہ کے روڑے صاف ہوتے ہیں۔اگر راستہ پرخار اور چٹانوں سے بھرا ہوا ہوتو راہ پر چلنے کی طاقت کیا کام دے سکتی ہے؟ اوراگر پھر چلنے کی ہمت کی جائے تو ساری طاقت راستہ پر ہی صرف ہوکر رہ جائیگی اور منزل مقصود تک رسائی مشکل پڑ جائیگی۔

لہٰذا شریعت راستہ ہے،طریقت راستہ چلنے کی قوت اور سیاست راستے کی صفائی ۔قوت ہمیشہ مخفی چیز ہوتی ہے،راستہ ہمیشہ نمایاں ہوتا ہےاور راستے کا کام یعنی صفائی نمایاں ہی نہیں شوروشعب بھی لیئے ہوتا ہےاس لیئے قدرتی چیز ہے کہ طریقت اور تصوف کی بنیاد یکسوئی اور انفرادیت پر ہو۔لہٰذا ہم دیکھتے ہیں کہ صوفی بحثیت ایک صوفی کے ساری دنیا سے الگ تھلگ اور یکسو ہوتا ہے دوسروں سے اگر ملتا ہےتو اس کوبھی مخلوق سے منقطع کر دیتا ہے ،اور شریعت کی بنیاد تعلقات کی کثرت اور ادائے حقوق پر ہے ہدایت وارشاد کی خاطر مخلوق خدا میں گھسنا اور انکی کڑوی کیسلی جھیلنا شریعت میں ضروری ہے ۔طریقت اور تصوف میں فرار عن الخلق ہے،شریعت میں ذہاب الی الحق ہےاور سیاست میں تعلقات کی نوعیت اور بھی شدید ہو جاتی ہے،طریقت میں آدمی نفس تک محدود تھا شریعت میں نفس سے نکل کر عباد یعنی دوسرے لوگوں تک آتا ہے، یہاں سیاست میں عباد سے نکل کرصرف بلاد تک نہیں بلکہ صحرا، پہاڑ ،دریاؤں اور حیوانات غرض ساری کائنات کی تنظیم تک آدمی پہنچ جاتا ہے،یعنی مادی اور روحانی قوتوں کے ذریعے ایصال حقوق ،ظلم کی دفع ،نفاذ حدود وتعزیرات، جہاد وجان بازی ،غنائم کی تقسیم کی حفاظت ،مفسدوں کودبانا مصلحوں کوسربلند کرنا ،باطل والوں کا زورتوڑنا اور حق والوں کی مددکرنا ایک سیاسی کام ہوتا ہے،ان تینوں عناصر کواگر ایک دوسرے سے جدا کردیا جائے تو ان کے باہمی امتزاج کے مخلوط منافع منقطع ہوکر ایک مخصوص مضرت سر پڑ جائیگی ۔

چونکہ طریقت محض''وحشت وخجالت'' محض ہے۔شریعت محض''شدت وجمود'' محض ہے ،اور سیاست محض''نخوت وتجبر'' محض ہے۔اور ظاہر ہے کہ یہ تینوں صفات منفرداً کمال نہیں ہے بلکہ ان میں سے ہر ایک دوسرے کیلئے مصلح ہےاور اس لیئے دین نے ان سب کوجمع کرکے اپنا نام دین رکھا ہے۔

پس شریعت وطریقت کی کسمپری، عاجزی اور بے بسی کا مصلح سیاست ہے،جس کی مادی شوکت ان دونوں کیلئے سرمایہ عظمت وحفاظت ہے ۔کیونکہ شریعت وطریقت بے بسی اور بے کسی کے عالم میں عام نگاہوں میں بے وقعیت بےقدر ہوجانے کی وجہ سے عام قبولیت اختیار نہیں کرسکتے ہیں، بلکہ ان کی تحقیر واستہزا کی صورت پیدا ہوجاتی ہے ۔اورشان وشوکت ،قوت والے (مغربی تہذیب یافتہ) طبقے اس کی تحقیر کو اپنا مشن اور مقصد بنالیتے ہیں جس کا آج ہم مشاہدہ کررہے ہیں کہ محض شریعت اور طریقت والے لوگ اپنےمشن کے دفاع پر قادر نہیں ہیں اور برسرعام ان کا مذاق اڑایا جارہا ہے بلکہ ان کی عاجزی، بےبسی شرم وحیا اور دین سے عاری مغرب زدہ طبقوں کیلئے کفر کا ذریعہ بن رہا ہے ۔

اور سیاست کی نخوت وتجبر کا مصلح شریعت وطریقت ہے،جن کی آمیزش سے مخلوق پر شفقت اور تربیت عالم کا ظہور ہوتا ہےاور خلافت الٰہی نمایاں ہوکر نفسیاتی جبروقہر فنا ہو جاتا ہے۔

پس جب ایک طرف طریقت اور تہذیب الاخلاق کے ذریعےنفس میں عدالت پیدا ہو گئی اور شریعت کے ذریعے علم احکام اور تعلیم خیر کا جذبہ شفقت قائم ہوگیا اور سیاست وقوت کے ذریعے اس علم اخلاق اور حسن اخلاق کے تنفیذ کی قدرت پیدا ہوگئی تو اب سیاست میں سے تو نخوت وکبر نکل کر وقار وخودداری اور شہامت آجائیگی،طریقت سے رسم خلوت نکل کر حقیقت خلوت کیلئے تعلق مع اللہ اور انقیاد احکام کا ملکہ پیدا ہوجائے گا اور ادھر اتباع شریعت میں سے خشکی وجمود وتنگ نظری نکل کر وسعت نظری جامعیت ،ہمہ گیری تعاون باہمی کے جذبات ابھر آئیں گے جس سے قوم کے مادی وروحانی عروج کا نقشہ خود بخود قائم ہو جائیگا ،جس کے مجموعہ کو دین کہتے ہیں ۔

اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ دین بغیر ان تینوں عناصر کے جمع کئے ہوئے مکمل نہیں ہوتا، اور خدام دین اس وقت تک صحیح معنوں میں خدمت دین نہیں کر سکتے (اللہ کا دین زندہ نہیں کر سکتے) جب تک کہ (ہر خادم) بیک وقت متشرع، صوفی اور سیاسی نہ ہو، افسوس ہے کہ آج تک یہ تینوں چیزیں الگ الگ مستقل شمار کی جا رہی ہیں اور ان کے حامل الگ الگ مستقل طبقات گنے جا رہے ہیں اور اسی طرح شریعت و طریقت کو الگ الگ اور مستقل منہاج سمجھ لیا گیا ہے، اور نہ صرف اسی پر اکتفا کیا گیا ہے بلکہ صوفیاء اپنے تصوف کی تکمیل اسی میں سمجھتے ہیں کہ وہ علماء کے مدمقابل آئیں، علماء صوفیوں کے مقابلے پر ہوں اور سیاسی ان دونوں طبقوں کے بالمقابل کھڑے ہوئے ہوں اور یہ دونوں طبقے سیاسیوں کے مقابلے میں۔ اس لئے قوم میں مستقل طبقے قائم ہیں اور بجائے اس کے کہ مل کر کسی ایسی طاقت کے بالمقابل آئیں جس نے ان کا علم بھی غلط کر رکھا ہے اور عمل کا راستہ بھی غلط رخ پر ڈال دیا ہے، اپنی اپنی طاقتیں اپنی اپنی آویزشوں میں ختم کر دیتے ہیں۔ جس سے تفرقہ بازی زیادہ طاقتور اور زیادہ قوی اور دلیر ہوتی جاتی ہے میرے خیال میں جب تک یہ تینوں طبقے مل نہ جائیں اور نہ صرف افراد مل جائیں بلکہ ان کے یہ تینوں فنون اس طرح باہم آمیختہ نہ ہو جائیں کہ قوم کا ہر فرد متشرع خاص، صوفی صافی، اور سیاسی مخلص ہو جائے اس وقت تک قوم بحیثیت مجموعی مکمل قوم ہی نہیں کہلا سکتی اور اسلامی نقطہ نظر سے کامیابی کا منہ بھی نہیں دیکھ سکتی، یہ تو تھا مولانا صاحب کے زمانے میں تفرقہ کا حال اور اس کے متعلق مولانا صاحب کی رائے۔

آج ہم اپنے زمانے کی دینی جماعتوں کا جائزہ لیتے ہیں، تو ہم دیکھتے کہ تصوف کی جگہ آج تقریباً دعوت و تبلیغ کی محنت نے لی ہے اور اس میں شک نہیں کہ اس محنت سے ہزاروں لاکھوں انسانوں کی زندگیاں بدل گئیں، مساجد و مدارس وجود میں آئیں مگر اتنی طویل مدّت میں صرف ایک گاؤں یا بستی بھی کامل دین کا نمونہ نہ بن سکا اور آج تک مسلمان اپنے فرائض کو کفر کے زیر سایہ ادا کر رہے ہیں، اور جس حکم کی ادائیگی سے کفر کی تسلط کو خطرہ ہو ان کے ہم قریب بھی نہیں جا سکتے ہیں ان کا نام تک نہیں لے سکتے ہیں اور یہ حضرات اپنی اس محدود محنت کو انبیاء علیہ سلام کی محنت کا درجہ دیکر منفرداً ہی پوری دین کے زندہ ہونے کا ذریعہ سمجھتے ہیں اور دوسرے شعبوں کو اپنی محنت کا جز تصور کرنے کیلئے تیار نہیں، پھر دوسرے شعبوں میں لگنا تو دور کی بات ہے، اب اگر ان حضرات نے اپنے شعبے کی حفاظت کرنی ہے چاہے، اس کی حفاظت کے خاطر باقی احکام الٰہی کو خیر باد کہنا پڑے پھر تو ٹھیک ہے، باقی دین کی حفاظت کا کام اللہ تعالیٰ کسی اور سے لیگا اور اگر اس شعبے کے ذریعے اللہ کا دین زندہ کرنا مقصود ہو، پھر اس شعبے کے منبر اور محراب کی آزادی جن دوسرے شعبوں پر موقوف ہے ان کے ساتھ جڑے بغیر چارہ کار نہیں ورنہ اسی طرح محنت و عبادت کے محدود دائرے میں مزید سو سال گزر جائیں تو اللہ کا دین کامل اور زندہ نہیں ہوگا۔

باقی درس و تدریس کا شعبہ یقیناً دین اسلام کی آبیاری کر رہا ہے، قرآن و حدیث کا تحفظ ان مبارک شعبوں کے ذریعے ممکن ہوا ہے، مگر دوسرے شعبوں کیساتھ عدم ربط کی وجہ سے بدگمانیاں بڑھتی جا رہی ہیں، اس عدم ربط اور دجالی میڈیا کی وجہ سے حالات پر قرآن، و حدیث کی تطبیق علماء حضرات کیلئے مشکل پڑ رہا ہے یہاں تک کہ قرآن و حدیث کی آزادی تو درکنار خود قرآن اور حدیث، مساجد و مدارس کے وجود کو خطرہ لاحق ہو چکا ہے، علماء و خطباء حضرات کیلئے آزادی کیساتھ قرآن و حدیث کو بیان کرنا ناممکن ہو چکا ہے، اور جو عالم آزادی کا یہ حق اپنے لئے ثابت کرتا ہے وہ شہادت کے درجے پر فائز ہو چکا ہوتا ہے، ہم دیکھ رہے ہیں کہ مخلص علماء روزانہ شہید ہو رہے ہیں آئے دن مدارس پر پابندیاں لگ رہی ہیں تو معلوم ہوا کہ دعوت و تبلیغ اور درس و تدریس وغیرہ کے شعبے، سیاسی یعنی جہادی شعبے کے بغیر اصل حالت میں قائم نہیں رہ سکتے ہیں، جہاد کی قوت پیچھے نہ ہو تو منبر و محراب کی آواز اس طرح پابندیوں میں جکڑی ہوئی ہوگی جس کا آج ہم مشاہدہ کر رہے ہیں، کہ عالم اسلام پر ڈھائے جانے والے مظالم کیخلاف کسی بھی منبر و محراب کو لب کشائی کی جرأت نہیں ہے، تو نتیجہ یہ نکلا کہ جہادی شعبہ کے علاوہ صرف ان دو شعبوں کے ہوتے ہوئے نفاذ شریعت تو درکنار پابندیوں میں جکڑا ہوا دین اپنے وجود کے تحفظ سے بے بس نظر آ رہا ہے، لہٰذا احیائے دین کیلئے تینوں شعبوں کا امتزاج ضروری ہے۔

باقی رہ گئی بات سیاسی شعبے کی جو سب سے اہم شعبہ ہے، پہلی بات تو یہ ہے کہ یہاں سیاست سے میری مراد مروجہ جمہوری سیاست نہیں ہے، بلکہ شرعی سیاست مراد ہے، جن کے پانچ اجزاء ہیں (۱) جماعت (۲) سمع (۳) طاعت (۴) ہجرت (۵) جہاد۔

موجودہ جمہوری سیاست میں شرعی سیاست کے دو اہم اجزاء ہجرت اور جہاد کا نام تک نہیں ہے بلکہ الٹا عیب ہے، لہٰذا اس سیاست کے ذریعے اقتدار تک پہنچ کر بھی اللہ کا دین زندہ نہیں ہو سکتا، اس نکتہ پر تحقیقی بحث اسی موضوع پر لکھی کی گئی کتابوں میں ملاحظہ فرمائیں ہم چند مشاہدات پر مبنی مثالیں عرض کریں گے جس سے معلوم ہو جائے گا کہ مروجہ جمہوری انتخابی سیاست کے ذریعے سے اللہ کا دین زندہ نہیں ہو سکتا،

(۱) مصر میں گزشتہ اسّی (۸۰) سال کے طویل عرصے سے ''اخوان المسلمون'' اسلامی نظام کے نفاذ کیلئے غیر معمولی سرگرمیوں میں مصروف ہے، لیکن جب بھی مصری حکومت کو ''الاخوان'' کی طرف سے کسی دینی تبدیلی کے آثار نظر آتے ہیں تو وہ فوری طور پر ان کیلئے کوئی مصیبت کھڑی کر دیتی ہے، یا تو ان کے قائدین کو جیلوں میں ڈال دیا جاتا ہے یا ان کے مالی اثاثے ضبط کر لیئے جاتے ہیں، اور ان کے قائدین کو سیاست

اور کام کے میدان میں غیر مؤثر کر دیا جاتا ہے، یہی وجہ ہے کہ مصر میں گزشتہ اسّی (۸۰) سالوں میں اسلامی حکومت نہ بن سکی اور نہ ہی کوئی اسلامی معاشرہ سامنے آیا اور ''الاخوان'' بھی اپنے ان اصولی بنیادوں پر ثابت قدم نہ رہ سکے جنہیں امام البناء اور سید قطبؒ شہید نے اپنی تقاریر اور تالیفات میں ''الاخوان المسلمون'' کے نظریاتی وعلمی راستے کی حیثیت سے واضح کیا تھا، بلکہ زمانے کے گزرنے کے ساتھ ساتھ جمہوریت نے ان کے عزم کو سست اور دستور کو بدل کر رکھ دیا۔

(۲) ترکی میں ''نجم الدین اربکان'' کی اسلام پرست تنظیم نے انتخابات میں جمہوریت کے اصولوں کے مطابق اکثریت حاصل کر کے حکومت تو بنا لی لیکن جب ترکی سیکولر اور جمہوریت کا دفاع کرنے والی فوج نے اسلام کے مفاد میں ہونے والی کچھ تبدیلیاں دیکھیں تو فوراً ان کی حکومت گرادی ''اربکان'' تنظیم پر پابندی لگادی گئیں اور تنظیم کے قائدین کو سیاست میں حصہ لینے سے منع کر دیا گیا۔

(۳) شمالی افریقہ کے سب سے بڑے ملک ''الجزائر'' میں جب ''جبھۃ الانقاذ الاسلامیۃ'' پارٹی نے مغربی جمہوریت کے اصولوں کے مطابق انتخابات میں اکثریت حاصل کر لی تو وہاں بھی سیکولر فوج نے مداخلت کر کے انتخابات کے نتائج کو لغو قرار دیا اور اسلامی پارٹی کے قائدین و کارکنوں کو جیلوں میں ڈال دیا، اور الجزائر کے مسلمانوں کو ایسے داخلی جھگڑے میں پھنسا دیا جس کے شعلے آج تک بھڑک رہے ہیں اور ہزاروں مسلمان اس آگ میں جل چکے ہیں اور ابھی تک جل رہے ہیں۔

(۴) پاکستان میں بھی جمعیت علماء اسلام نے ۲۰۰۲ء میں صوبہ خیبر پختونخواہ میں انتخابات جیت کر اپنی حکومت بنائی تو اپنی دورِ حکومت میں کوئی اسلامی قانون نافذ نہ کر سکیں بلکہ بڑی مشکل سے ان رفاہی کاموں کو کچھ آگے بڑھایا جنہیں سیکولر حکومتیں بڑی آسانی سے چلاتی رہتی ہیں اور اسکی وجہ یہ تھی کہ اس جمہوری حکومت کو مرکز کی طرف سے اجازت نہیں ملتی تھی کہ وہ اسلام نافذ کر سکے اسی طرح پوری دنیا میں اسلامی شریعت کو عملاً نفاذ سے دور رکھا جاتا ہے اور اس کے ماننے والوں کو حکومت سے محروم کر دیا جاتا ہے اگر چہ وہ جمہوریت کے راستے سے ہی اقتدار تک پہنچے ہوں، لہٰذا معلوم ہوا کہ جمہوریت میں صحیح اسلام کیلئے کوئی جگہ نہیں البتہ یہ ممکن ہے کہ جمہوریت کے راستے کفر کو اسلام کی شکل میں متعارف کر کے اسلام میں تحریف کا ارتکاب کیا جائے، رہ گئی شرعی سیاست جس پر دین کی تکمیل موقوف اور وہ آج کل جہاد کی صورت میں متعارف ہوئی ہے۔

تو جو لوگ تہذیب وتمدن، اسلامی علم واخلاق سے نا آشنا ہوں تو صرف سیاست سے ان کی تربیت ناممکن ہے، چونکہ سیاست شرعیہ یعنی جہاد وہجرت کے ذریعے اللہ تعالیٰ کا دین پوری دنیا میں زندہ کرنا مقصود ہوتا ہے، غیروں کی تہذیب وتمدن، عادات واخلاق کو جڑ سے نکال کر اسلامی اخلاق، تہذیب وتمدن کو فروغ دینا ہوتا ہے غیر اللہ کی تسلط کو ختم کر کے اللہ تعالیٰ کی بندگی میں لوگوں کو لانا ہوتا ہے تو جو لوگ اگر خود غیر مہذب ہو اسلامی اخلاق وعادات سے کوسوں دور ہوں، اللہ تعالیٰ کی بندگی کی بجائے آزاد زندگی کو ترجیح دیتے ہوں، اسلامی علم وتہذیب تو درکنار علماء کرام کیساتھ نشست وبرخاست کو بھی نا پسند کرتے ہوں، کمانڈری اور امارت کی آڑ میں خواہشات کی تکمیل میں مصروف ہوں تو ایسے لوگ دنیا کے سامنے جس سیاست شرعیہ، جہاد یا اسلام کو پیش کریں گے یا اسلامی نظام کا یہ نمونہ پیش کریں گے تو یقیناً ساری دنیا ایسے من پسند اسلام یا جہاد وسیاست کی نفی کریں گے اور نفرت کریگی اور ایسے لوگ اسلام کو زندہ کرنے کی بجائے بدنام کرنے کا ذریعہ بنیں گے خود کو خادمِ اسلام سمجھتے ہیں اور حقیقت میں عادمِ اسلام ہونگے، لہٰذا تہذیب الاخلاق اور تعلیم الحکام کیساتھ عدم ربط کی صورت میں ایک سیاسی جہادی آدمی اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہوسکتا کیونکہ کسی جگہ پر غلبہ کے بعد وہاں اللہ تعالیٰ کے احکام نافذ کرنا مقصود ہوتا ہے تو جو صاحب اسلامی تعلیمات، اخلاق، تہذیب سے یکسر جاہل ہوں وہ خاک وہاں اسلام زندہ کرے گا، ہاں اگر صرف وہاں پر قبضہ مقصود ہو وہاں کے لوگوں پر بذریعہ قوت اپنا لوہا منوانا ہو، اور پھر اسی کے ضمن میں تکمیل خواہشات مقصود ہو تو یہ سب کچھ ایک عرصے کیلئے شاید حاصل ہوجائے، مگر نتیجہ دنیا اور آخرت میں ذلت رسوائی کے سوا کچھ نہیں ہوگا لہٰذہ وہ علم واخلاق والے صفات کے بغیر آدمی حقیقی مجاہد اور سیاسی نہیں بن سکتا ورنہ اپنے شعبے کو بدنام کرنے کا ذریعہ بنے گا، لہٰذا سیاسی شعبہ باقی دو شعبوں کیساتھ ملکر ہی اسلامی نظام نافذ کرسکتا ہے اور خود کامل ہوسکتا ہے۔

نوٹ:۔ دین کے مٹنے کا درد رکھنے والے مسلمانوں کے حال پر ترس کھانے والے حضرات کی خدمت میں عرض ہے گزارش ہے کہ اس مضمون کو سنجیدگی سے پڑھیں اور پھر غلطی کی صورت میں مجھے مطلع فرمائیں اور درستگی کی صورت میں اس خلیج کے ختم کرنے کے لائحہ عمل پر غور وفکر کریں جو ہماری قربانیوں کی ضیاع کا ذریعہ بنا ہے۔

میں امت مسلمہ کو یہ خوشخبری سناتا ہوں کہ امریکہ اور اسکے اتحادی الحمدللہ افغانستان میں شکست کھا چکے ہیں۔۔۔۔قبائلی علاقوں میں امریکی اتحادی پاکستانی مرتد افواج الحمدللہ شکست سے دوچار ہو رہے ہیں۔

امیر محترم حکیم اللہ محسود صاحب حفظہ اللہ

کراچی جیل سے مجاہدین اسلام کے نام درد بھرا خط

بسم رب الشہداء والمجاہدین والاسریٰ

حضرات مجاہدین کرام، متبعین دینِ حق، دشمنوں کے لئے ننگی تلوار، محافظین ناموسِ اسلام، ہمارے دلوں کے ترجمان:

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

سلام مسنون کے بعد، ہمیں معلوم ہے کہ آپ لوگ ہمہ وقت دشمنانِ اسلام کے خلاف برسرِ پیکار ہیں اور امید ہے کہ آپ حضرات امتِ مسلمہ کے لئے عموماً اور ہم جیسے قیدو بند، پابندِ سلاسل مجاہدین کے لئے خصوصاً ہر وقت کوشاں ہوں گے اور اللہ تبارک وتعالیٰ آپ جیسے سرفروشانِ اسلام کے وسیلہ سے عالمِ اسلام کے تمام قیدی بھائیوں کو آزادی نصیب فرمائیں (آمین)۔

جیسا کہ آپ حضرات کو معلوم ہے کہ کراچی سنٹرل جیل سے تقریباً ۸۰ مجاہدین ساتھیوں کو حیدر آباد اور سکھر کی جیلوں میں منتقل کر دیا تھا، اور سکھر جیل میں ہمارے ساتھ جو سلوک ہوا تاریخ میں اس کی نظیر بہت کم ملتی ہے، اور شاید کہ پاکستان کی تاریخ میں ایسی بربریت نہ دیکھی ہوگی، اور نہ ہی سنی ہوگی۔ (نوٹ:۔ٹارچر سیل میں تو بہت ظلم ہوتا ہے لیکن جیل میں ایسا نہیں) ہم نے اسلام کی آبیاری کے لئے اور اس ملک میں اسلامی نظام کی خاطر دنیا کی عیش وعشرت اور اپنے گھر بار کو چھوڑا، ہم نے جہاد کا راستہ اپنایا، ہمارا مقصد صرف اور صرف رضاء الٰہی ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ ہمیں اخلاص نصیب فرمائیں اور ہماری قربانیوں کو قبول فرمائیں۔ اس خط لکھنے کا مقصد، اس کے سوا کچھ نہیں کہ آپ کو مجاہدین قیدیوں کے حالات کا علم ہوجائے اور مجاہدین پر جو ظلم ہوا ہے، اگر ہو سکے تو ان ظالموں سے اس ظلم کا انتقام لیا جائے، ۲۷ رمضان المبارک کا مبارک دن تھا تمام ساتھی روزہ سے تھے اور ہمیں سنٹرل جیل کراچی سے سنٹرل جیل سکھر منتقل کیا جارہا تھا۔ کراچی سے ہی ہاتھوں میں ہتھکڑیاں اور پیروں میں بیڑیاں پہنا دی گئیں، تقریباً آٹھ سے دس گھنٹے کے جان لیوا سفر کے بعد جب ہماری گاڑی سکھر سنٹرل جیل پہنچی تو ایک ایک ساتھی کا نام پکار کر بلاتے رہے اور جیسے ہی اندر داخل ہوتے آنکھوں پر پٹی باندھ دی جاتی، کپڑے پھاڑ کے مکمل برہنہ کر دیئے جاتے، اور اس کے بعد لاتوں، مکوں اور لاٹھیوں کی بارش شروع ہو جاتی اور پھر لٹکا کر اتنے چھتر مارے گئے کہ تمام جسم سے خون نکلنا شروع ہو جاتا، اور کچھ ساتھیوں کا تو جسم سے گوشت بھی اکھڑ گیا، پھر ان ظالموں نے تمام مجاہدین کو برہنہ حالت میں پوری جیل میں گھومایا، ہاتھوں میں ہتھکڑیاں، پیروں میں بیڑیاں، آنکھوں پر پٹی، اور جسم پر کوئی کپڑا موجود نہیں، آپ اندازہ لگائیں، کہ اس وقت ہماری کیا حالت ہوگی، کیا ان ظالموں کے دلوں میں مجاہدینِ اسلام کا ذرہ برابر بھی خوف نہیں، ہم مانتے ہیں کہ ہم بے بس ہیں، لیکن الحمدللہ لاوارث نہیں ہیں، ہمارے پیچھے ہمارے مجاہدین ساتھی موجود ہیں ہمارا انتقام لینے والے ابھی تک اس دھرتی پر زندہ ہیں، یہاں تک کہ ہمارا ایک معذور ساتھی جس کی ایک ٹانگ شہید ہو چکی ہے اس سے مصنوعی ٹانگ اور لاٹھی چھین لی گئی اور اس کو اسی حالت میں پورے جیل میں گھومایا گیا۔ وہ بیچارہ گرتا رہا اور یہ ظالم اس کو اٹھاتے رہے، اور مار مار کر پورے جیل میں گھوماتے رہے، اور ایسے غلیظ الفاظ استعمال کرتے رہے جس کا لکھنا مناسب نہیں۔ ان ظالموں نے اسی پر بس نہیں کیا اس کے بعد تین تین مجاہدین کو ایک ایک کمرے میں بند کیا، ان کو ستر چھپانے کے لئے کپڑا نہیں دیا اور تمام مجاہدین حالت روزہ میں تھے، ان مرتدین نے زبردستی پانی پلانے کی بہت کوشش کی، لیکن الحمدللہ کسی بھی مجاہد ساتھی کے قدم ڈگمگائے نہیں اور کسی نے بھی روزہ افطار نہیں کیا (وماتوفیقی الاّ باللہ) اور چار سے پانچ دن تک تمام مجاہدین برہنہ حالت میں رہے، ستر چھپانے کے لئے کوئی کپڑا نہیں تھا، بیٹھ کر سوتے اور اشارہ سے نماز پڑھتے اور اسی حالت میں عیدالفطر گزر گئی، اور چار مہینہ گزرنے کے بعد بھی کچھ ساتھیوں کے جسم سے خون نکل رہا ہے۔

کیا ہمارے اسلاف کی تاریخ زندہ کرنے والا آپ میں سے کوئی ہے؟

کیا امت مسلمہ اتنی بے بس ہوگئی ہے، کہ مجاہدین قیدیوں کا انتقام بھی نہ لے سکے۔ ہم کو آزادی کی کوئی پرواہ نہیں ہے جس دن ہم نے آزاد ہونا ہے ہم کو جیل میں کوئی نہیں روک سکتا۔ جو ظلم ہم پر ہوا ہے وہ گویا کہ تمام مجاہدین پر ہوا ہے۔ ان ظالموں نے تمام مجاہدین کو عموماً اور پاکستان کے مجاہدین کو خصوصاً چیلنج کیا ہے، اور ہماری خواہش ہے کہ اس ظلم کا انتقام لیا جائے، اور ایسا انتقام کہ آئندہ نسلیں بھی یاد رکھیں۔ ہماری آپ سے درخواست ہے اور ہم آپ کے لئے دعا گو ہیں کہ آپ صرف ہمارا نہیں پوری دنیا کے مظلوم مسلمانوں کا انتقام لیں۔ اللہ تعالیٰ تمام مجاہدین کی حفاظت فرمائے اور استقامت نصیب فرمائے۔ وماعلینا الا البلاغ اللھم الرزقنی شہادۃ فی سبیلک والسلام

ابولیلیٰ

۶-۱۲-۲۰۱۲ بروز جمعرات

نوٹ:۔ اس میں کوئی مبالغہ نہیں ہے، آپ سنٹرل جیل کے قیدیوں کے گھرانوں سے پوچھ سکتے ہیں، وہ خون آلودہ کپڑے کچھ ساتھیوں کے گھروں میں ابھی تک پڑے ہوئے ہیں۔

وضعی قوانین علمائے اسلام کی نظر میں

امام ابوبکر جصاص رحمہ اللہ تعالیٰ آیت کریمہ ﴿فَلاَ وَرَبِّكَ لاَ يُؤْمِنُونَ حَتَّىَ يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لاَ يَجِدُواْ فِي أَنفُسِهِمْ حَرَجاً مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُواْ تَسْلِيماً﴾ کی تفسیر میں فرماتے ہیں "اور اس آیت میں دلالت ہے اس بات پر کہ جس شخص نے اللہ تعالیٰ یا اس کے رسول کریم ﷺ کے اوامر میں سے کسی چیز کو رد کیا تو وہ دائرہ اسلام سے خارج ہے، برابر ہے کہ اس نے یہ امر کسی شک کی وجہ سے رد کیا ہو یا اسے قبول کرنے اور اسے ماننے سے انکار کرتے ہوئے اس کو رد کیا ہو، اور اس سے صحابہ کا اس فیصلے کا صحیح ہونا بھی ثابت ہوتا ہے کہ جو شخص زکاۃ سے انکار کریں وہ مرتد ہے، اور انہیں قتل کیا جائے گا اور انکی اولاد کو غلام بنایا جائیگا، کیونکہ اللہ تعالیٰ کا یہ فیصلہ ہے کہ جو شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قضا اور حکم کو تسلیم نہ کریں تو وہ اہل ایمان میں سے نہیں" (احکام القرآن للجصاص جلد۳، صفحہ۱۸۱)

عبادت قوانین، شرائع اور تحلیل وتحریم کا نام ہے، لہٰذا اگر یہ قوانین اور شرائع اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہو تو پھر عبادت بھی اللہ تعالیٰ کی ہوگی، اور یہ قوانین انسانوں کی طرف سے ہوں تو پھر عبادت انسانوں کی ہوگی، اگر چہ وہ لوگ نماز روزہ اداء کرتے ہوں اور دیگر دینی شعائر کو ادا کرتے ہوں، یہ ایک انتہائی درجے کا واضح اور صحیح حکم ہے اس میں نہ تو کوئی خفاء ہے اور نہ کسی طرح کا غموص، اور فقہاء کرام کا اس بات پر اتفاق ہے کہ جس نے حرام کو حلال قرار دیا تو اس نے کفر کیا اور جس نے حلال کو حرام کہا تو اس نے بھی کفر کیا۔ اور یہ وضع شدہ قوانین اس کے سوا کیا ہے کہ اس میں بعض چیزوں کو حرام، اور بعض کو حلال کہا گیا اور بعض کاموں کی اجازت اور بعض سے منع کیا گیا ہے۔ (مفہوم الحاکمیۃ فی فکر الشہید صفحہ۱۰)

ایثار وقربانی

۲۰۱۱ء کو مہمند ایجنسی کے تحصیل بائیزئی میں فوج نے مجاہدینِ اسلام کے خلاف جنگ کا آغاز کیا۔اس جنگ میں مجاہدین کے دو ساتھی شکیل احمد عرف ایوبی اور شاہین زخمی ہوئے، جنگ کے بعد ساتھیوں نے زخمی مجاہدین کو اُٹھانے کے لئے آئے ،جب وہ ایوبیؒ کے پاس چلے اور اسے پانی پیش کیا تو تو انہوں نے کہا کہ میرے دوسرے ساتھی بھائی شاہین کو پہلے پانی پلاؤ، کیونکہ اسے زیادہ ضرورت ہے پانی کی، وہ ساتھی پانی لیکر جب دوسرے مجاہد کے پاس پہنچے تو اس نے کہا کہ میرے ساتھی بھائی شکیل کو پانی دیدو کیونکہ میں یہاں کا مقامی ہوں جبکہ یہ ساتھی مسافر ہے لہٰذا پہلے اسے پانی پلاؤ، جب وہ ساتھی بھائی شکیل احمد کے پاس پہنچے تو اس نے جام شہادت نوش کیا تھا اور فوراً دوسرے ساتھی کی طرف واپس لوٹے اور اسے بھی اس حال میں پایا کہ فرشتے اُسکی روح کو لیکر فردوس اعلیٰ کی طرف رواں تھے۔انا للہ وانا الیہ راجعون

یہ منظر وہی نقشہ پیش کر رہا تھا جو جنگ ہوازن میں صحابہ کرام نے پیش کیا تھا، جب دو صحابہء کرام نے اپنے آپ پر دوسرے ساتھی کو ترجیح دی اور خود پیاس کی حالت میں اپنے رب کے پاس پہنچے۔اسکے بعد تاریخ اسلامی میں ایثار وقربانی کی بے شمار مثالیں ملتی ہیں لیکن مذکورہ بالا واقعہ کا ان دو صحابہء کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے واقعہ سے جو مشابہت ہے وہ بہت کم ملیں گی۔

دوسرے روز ایک عالم دین ساتھی مولانا عبدالباسط صاحب جو کہ اس موقعہ پر موجود نہیں تھے، آکر ساتھیوں سے ملے اور ان سے دریافت کیا کہ یہ ایوبی اور شاہین کون ہیں؟ ساتھیوں نے پوچھا کہ وہ تو ہمارے ساتھی ہیں لیکن آپ انہیں کس طرح جانتے ہیں؟ انہوں نے کہا کہ عوام الناس میں سے ایک شخص نے آکر مجھے بتایا کہ میں نے خواب میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا، میں نے ان سے دریافت کیا کہ آپ کہاں تشریف لے گئے تھے، آپ نے ارشاد فرمایا کہ میں ایوبی اور شاہین کا جنازہ پڑھنے گیا تھا۔

اس میں عبرت ہے بصیرت والوں کے لئے!